★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 12 صفر المظفر 1447ھ، 7 اگست 2025، 23 ساون 2082 بی (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 256

جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر کا کام سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر کے معیار کے مطابق خاطر رکھا جائے

وزیراعظم

جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر، اسٹاف کی بھرتیوں میں شفافیت و میرٹ کو اولین ترجیح دی جائے، تعمیری کام کے معیار کو اولین بنانے اور شفافیت کیلئے تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے، اجلاس سے خطاب

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر میں اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر کے عالمی معیار کو ملحوظ خاطر رکھا جائے، جناح میڈیکل کمپلیکس کے تعمیر کے کام کو معیار کو اولین بنانے اور شفافیت کیلئے تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے، اجلاس سے خطاب آزاد کشمیر و گلگت بلتستان سمیت چاروں صوبوں کے مریضوں کیلئے شفاء کا عالمی معیار (بقیہ نمبر 5)

انٹرنیٹ کی رفتار بڑھانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ انٹرنیٹ کی رفتار بڑھانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، گزشتہ چھ سال کے دوران تقریباً 12 ہزار فائبر سائٹس کی تنصیب کی گئی ہے، موجودہ 2 جی نیٹ (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت کابینہ اجلاس، عوامی فلاح کے اہم فیصلوں کی منظوری

بیواؤں کو تاحیات پنشن، پانچویں واٹھویں کے امتحانات، قیدیوں کیلئے اجرتی انٹرنشپ کی منظوری

سرمایہ کاری کیلئے پٹرول پمپس کی آن لائن منظوری، ورکرز کنفٹیشن رول 2024 کا تاریخی نفاذ، اعلامیہ

لاہور (نیڈا این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے 28 ویں اجلاس میں عوامی فلاح و بہبود سے متعلق کئی اہم اور تاریخی فیصلوں کی منظوری (بقیہ نمبر 1 3)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سعدان کے سفیر فہد سلیمان خلف الخارومی ملاقات کر رہے ہیں

انتظار کی لامیں جدید ترین سپر لوکس ٹرانزٹ کا اعلان

گھڑیاں ختم ہو رہی ہیں سپر اٹامنوس ریپڈ ٹرانزٹ کا

وزیراعلیٰ کا پاکستان کی پہلی اربن الیکٹرک ٹرام "سپر اٹانوس ریپڈ ٹرانزٹ" میں تجرباتی سفر، سرائیس آر ٹی میں علی ٹاؤن سے مسلم ٹاؤن تک روڈ ٹیسٹ کی مانیٹرنگ کی، معائنہ اور موجود سہولتوں کا جائزہ

وزیر گھر، پراجیکٹ سے گھر بنانے والوں میں بیٹھ گئیں، سیلفی بنائیں، سپیشل پرسن سید وحید نے اپنے تاثرات بیان کئے، مریم نواز نے اپنی نشست سے اٹھ کر ان کا استقبال کیا

پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن ارکان کی نااہلی کا معاملہ پھر اُبھر آیا

ن لیگی ارکان نے اسپیکر کی رولنگ عدالت میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کر لیا، قانونی مشاورت جاری

لاہور (نیڈا این این) پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن کے 26 ارکان کی نااہلی کا معاملہ ایک بار پھر سر اٹھانے لگا ہے، جب کہ مسلم لیگ (ن) نے اس حوالے سے قانونی جنگ لڑنے کا فیصلہ (بقیہ نمبر 2)

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے بارے میں پاکستان کے سابق صدر بننے کی باتیں بنیاد ہیں

ڈی جی آئی ایس پی آر

ہم بار بار بھارت کے شرق سے آنا ڈر کریں گے، آغاز بھارت کے اندر گہرائی سے حملہ کرنے سے ہوگا، بھارت کو سمجھنی کی ضرورت ہے کہ وہ کہاں پر جگہ مارے جا سکتے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے بارے میں پاکستان کے صدر بننے کی باتیں بے بنیاد ہیں۔ برطانوی جریدے دی اکنامسٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے بارے میں پاکستان کے صدر بننے کی باتوں کو بے بنیاد قرار دے دیا (بقیہ نمبر 1)

وفاقی حکومت بجلی کے بلوں کی ڈیجیٹل مردم شماری کرنے کا فیصلہ

ڈیجیٹل مردم شماری کے دوران بلوں کے عائد ٹیرف، صارفین کے موبائل نمبرز بھی حاصل کئے جائینگے

کنکشن گھر کے مالک یا کرایہ دار کے نام پر ہونے کا ریکارڈ بھی مردم شماری میں شامل کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے بجلی کے بلوں کی مدد میں ڈیجیٹل مردم شماری کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس سلسلے میں لیسکو سمیت تمام کمپنیوں کو ڈور ٹو ڈور سروے کرنے کیلئے مراسلہ بھیج دیا گیا ہے۔ کمپنیوں کو تمرہ پارٹی کے ذریعے ڈیجیٹل مردم شماری کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ڈیجیٹل مردم شماری میں صارفین کے قومی شناختی کارڈ نمبر کا ریکارڈ رکھا جائے گا، گھروں پر نصب میٹرز کی تعداد بھی ریکارڈ میں شامل کر دی گئی ہے۔ کنکشن گھر کے مالک یا کرایہ (بقیہ نمبر 14)

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے لئے 50 ہزار سے زائد لون مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں اپنی زمین، اپنا گھر پروگرام لانچ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم (بقیہ نمبر 6)

کرک: فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کا حملہ، 4 ایف سی اہلکار شہید

شہداء کی قربانیاں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، محسن نقوی

شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں

کرک (این این آئی) خیبر پختونخوا ضلع کرک میں تھانہ گرگری کی حدود میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے ایف سی اہلکاروں کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں 4 اہلکار شہید ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق کرک کے علاقے اہان کوٹ توے میں تھانہ گرگری (بقیہ نمبر 4)

پی ٹی آئی والے دکھتے تھے ثبوت دکھائیں اور سزا دیں، رانا ثنا اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے کہتے تھے ثبوت دکھائیں اور سزا دیں، اب سزا میں سنائی جا رہی ہیں تو کہا جا رہا ہے سزا دی جا رہی ہے۔ جی ٹی روڈ کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ 9 مئی کو وفاقی (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد میں سال ڈیمز کی تعمیر کیلئے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے: طلال چوہدری

راولپنڈی اسلام آباد کو پانی کی فراہمی کے میگا پراجیکٹ کیلئے وزیراعظم نے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی ہے، طلال چوہدری

اب زمین سے بورگ سے پانی نکالنے کی حوصلہ شکنی کی جا رہی ہے، قومی اسمبلی کو آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ راولپنڈی اسلام آباد کو پانی کی فراہمی کے میگا پراجیکٹ کے لئے وزیراعظم نے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ طلال چوہدری نے وزیر داخلہ کی سربراہی میں اعلیٰ (بقیہ نمبر 9)

اوغاوا پاکستانی ہائی کمشنر محمد سلیم اوغاوا کینیڈا میں یوم استقلال پر پاکستانی کمیونٹی کے ارکان کے ساتھ گروپ فوٹو

پاکستانی ماہرین کا چین میں ہائیڈرو پاور ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ ٹریننگ کورس مکمل

رسیچ ڈی (این این آئی) پاکستان کے آبی وسائل کے ماہرین کے لیے ہائیڈرو پاور ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ ٹریننگ کورس شانڈونگ واٹر کنزرویشن (بقیہ نمبر 15)

سکردو دریا میں رافٹنگ کے دوران کشتی الٹنے سے خاتون سمیت کراچی کے دو سیاح لاپتا

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے سیاحتی مقام ڈھوق کچورا میں رافٹنگ (بقیہ نمبر 16)

قومی اسمبلی میں فلسطین سے اظہار یکجہتی کی قرارداد متفقہ طور پر منظور

قرارداد میں فلسطینی عوام کی آزادی، وقار اور انصاف کی جدوجہد کی مکمل حمایت کا اعادہ غزہ کی پٹی میں جاری اسرائیلی حملوں، عام شہریوں کی شہادت، گھروں اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی اور انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار

فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی حمایت، جنگی جرائم پر قابض طاقت کو جوابدہ بنانے کا مطالبہ کیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے فلسطینیوں کی سفارتی، اخلاقی اور انسانی مدد بڑھانے پر زور دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں فلسطین سے اظہار یکجہتی کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی۔ بدھ کو قرارداد ہیلتھ پارٹی کی شازیہ مری نے پیش کی جس کی ایوان کی بھرپور حمایت کی۔ قرارداد میں فلسطینی عوام کی آزادی، وقار اور انصاف کی جدوجہد کی مکمل حمایت کا اعادہ اور غزہ میں اسرائیلی جارحیت، عام شہریوں کی شہادت اور انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ قرارداد میں اسرائیلی حکام کے (بقیہ نمبر 17)

امیر مقام سے بونیر جرگہ وفد کی ملاقات، وفاقی وزیر کو قبائلی کاشتکاروں اور مارشل انڈسٹری کو درپیش بجلی کے مسائل سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان اور سطران ایجنسیز امیر مقام سے بونیر جرگہ وفد، جس میں تمام سیاسی جماعتوں کے مقامی رہنما، مارشل انڈسٹری اور (بقیہ نمبر 18)

لاہور: پاکستان کی پہلی اربن الیکٹرک ٹرین سپر اٹانوس ریپڈ ٹرانزٹ" کا پیرونی منظر

بین الاقوامی برادری دو ریاستی حل کو سپورٹ کرے، سعودی کابینہ

ریاض (پی ایم این) سعودی کابینہ نے بین الاقوامی برادری سے اسرائیل فلسطین تنازع کے دو ریاستی حل کی سپورٹ کے مطالبے کا اعادہ کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق کابینہ کا اجلاس نیوم میں ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن (بقیہ نمبر 19)

لاہور (نیوز این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور میں پانی کی قیمت میں 5 روپے کی کمی کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں پانی کی قیمت میں 5 روپے کی کمی کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور میں پانی کی قیمت میں 5 روپے کی کمی کا اعلان کیا ہے

امریکی صدر کے مسلسل بیانات پر مودی کیوں خاموش ہیں؟ راہول گاندھی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی اپوزیشن جماعت کانگریس کے رہنما راہول گاندھی نے مودی کیا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی (بقیہ نمبر 2 1)

غزہ، امریکی حکومت کے ماتحت امدادی تنظیم بھی بھوکے بچوں کے قتل میں ملوث نکلی

امریکی چینج آپریشن آفیسر نے مجھے کمرے سے باہر بلایا اور نشے سے کہا کہ ایک کو بھی مت کرنا، سابق فوجی

واشنگٹن (این این آئی) غزہ میں امریکی حکومت اور اسرائیل کے تعاون سے بنائی گئی امدادی تنظیم جی ایچ ایف کے سابق سیکیورٹی اہلکار نے اسرائیلی افواج اور تنظیم کے جنگی جرائم میں شامل (بقیہ نمبر 22)

بھارتی حکومت کے غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات، ایکس کا سخت ایکشن

مسک اور بھارتی حکومت اظہار رائے کی آزادی پر عدالت میں آمنے سامنے ہونگے، برطانوی میڈیا

ایکس کا مقصد ہے کہ اقدامات اظہار رائے کی آزادی کے خلاف ہیں

نئی دہلی (پی ایم این) بھارتی حکومت کی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر سنسر شپ سے متعلق رپورٹ جاری کر دی گئی۔ برطانوی خبر (بقیہ نمبر 2 0)

پاکستان کا غزہ میں فوری جنگ بندی اور امداد کی بحالی کا مطالبہ

پاکستانی قوم فلسطینی کاز کے ساتھ ڈٹ کر کھڑی ہے: پاکستان

قومی اسمبلی، فلسطین سے اظہار یکجہتی کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی

عام شہریوں کی شہادت، گھروں اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی اور انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار

اسلام آباد (پی ایم این) قومی اسمبلی نے غزہ میں اسرائیلی افواج کی جاری وحشیانہ جارحیت کی شدید مذمت اور فلسطینی عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔ بدھ کو یہ قرارداد پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے پیش کی، جسے ایوان نے بھرپور حمایت کے ساتھ منظور کیا۔ قرارداد (بقیہ نمبر 3)

پاکستان کا غزہ میں فوری جنگ بندی اور امداد کی بحالی کا مطالبہ

اسرائیلی حملوں کے باعث غزہ مکمل تباہ ہو چکا، غزہ سے اسرائیلی فوجیوں کا انخلا اور امداد کی بحالی ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل غزہ میں بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کر رہا ہے: عاصم افتخار

پوری آبادی کو اندھا دھند قتل کیا جائے یا انہیں بھوکا مار دیا جائے، اسرائیلی اخبار نے غزہ کی صورتحال کو 21 ویں صدی میں قحط کی سب سے سنگین مثال قرار دیا ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کر دیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب (بقیہ نمبر 24)

کل کا احتجاج کامیاب ہوا، عوام نے ثابت کیا عمران خان کیساتھ ہیں، سرکر گھبرا گئے

آزاد کشمیر سیت پاکستان کے 170 اضلاع، تمام تحصیلوں اور یونین کونسلز میں بھرپور احتجاج ہوا

ہم پر امن لوگ ہیں، کل بھی پر امن احتجاج ہوا، کل عوام نے ثابت کیا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہے

کل کا احتجاج کامیاب ہوا، عوام سڑکوں پر آئے اور تحریک انصاف (پی ٹی آئی) چیئرمین گوہر نے کہا ہے کہ سے گفتگو کرتے ہوئے پیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر سمیت پاکستان کے 170 اضلاع، تمام تحصیلوں اور آواز اٹھائی۔ اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا

حکومت کسانوں کو ان کی محنت کا پورا پورا معاوضہ ادا کرے: رشید منہالہ

حکومت کسان دشمن پالیسیوں سے باز رہے، گندم کی قیمت کا تعین فوری کیا جائے، مرکزی رہنما کسان بورڈ

لاہور (نیڈ این این) کسان بورڈ پاکستان پنجاب و سٹلی کے صدر میاں رشید منہالہ نے کہا ہے کہ کسان مافیا نہیں مظلوم ہیں۔ مافیا 340 روپے من گنا خرید کر 200 روپے کلو چینی فروخت کرنے والے ہیں، حکومت کسان دشمن پالیسیوں سے باز رہے، گندم کی قیمت کا تعین فوری کیا جائے (بقیہ نمبر 33)

لیڈی جسٹیز میں جموں کشمیر تحریک حق خودارادیت انٹرنیشنل رابطہ جبات حسین کی قیادت میں برطانوی ہائی کمشنر نکول ریوز ہندی کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

بھارت، کھانے کی تلاش میں اکلا ہاتھی 30 فٹ گہرے کنویں میں گر کر ہلاک

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں ایک جنگلی ہاتھی 30 فٹ گہرے کنویں میں گر کر ہلاک ہو گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق (بقیہ نمبر 26)

بھارتی سپریم کورٹ میں مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کی بحالی کی درخواست پر سماعت 8 اگست کو ہوگی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی سپریم کورٹ 8 اگست کو ایک اہم درخواست کی سماعت کرے گی جس میں مقبوضہ کشمیر کی (بقیہ نمبر 2 7)

پشاور میں کار پر فائرنگ سے انسپکٹر سمیت 3 افراد جاں بحق

پشاور (این این آئی) پشاور میں درسک روڈ پر کار پر فائرنگ سے ایک انسپکٹر سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق علاقہ (بقیہ نمبر 2 8)

لاہور: صوبائی وزیر صحت آبادی خواجہ عمران نذیر نے ایس پی سٹرٹیجی یونیورسٹی کی سربراہی میں بنیادی کنٹرول یونٹ کا دورہ کیا اور ملاقات کر رہا ہے

دفتر محتسب پنجاب کا ویمن چیمبر میں "سنوائی سیمینار"، شکایت نظام پر بریفنگ

خواتین کا روباری طبقے کو محتسب ادارے کے دائرہ کار اور شکایت اندراج کا طریقہ بتایا گیا ہے

لاہور (نیڈ این این) دفتر محتسب پنجاب کے زیر اہتمام ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری لاہور (WCCIL) میں "سنوائی سیمینار" کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیمینار کا مقصد خواتین کاروباری طبقے کو محتسب ادارے کے دائرہ اختیار، شکایات درج کرانے کے طریقہ کار اور (بقیہ نمبر 3 1)

پی ٹی آئی کی ایک اور بڑی وکٹ اُڑ گئی، ساجد قریشی نے ساتھیوں سمیت پارٹی بدل لی

ہمارے اجتماعی سیاست اور ملک دشمن پالیسیوں سے تنگ آ کر پی ٹی آئی کو خیرباد کہہ رہا ہوں، گورنر پنجاب سے ملاقات میں کنفیوژ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ساجد قریشی نے اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ اس (بقیہ نمبر 2 5)

غزہ میں جنگ بندی کے مطالبے کی تصاویر شائع کیں جن میں غزہ کی تباہی کا منظر

ریلوے ملازم بن کر ٹرین میں پیسے بٹورنے والا جعلی شخص گرفتار

نارووال پسنجر میں ٹکٹ کے پیسے لینے والا ملزم ویڈیو وائرل ہونے پر نارنگ منڈی سے پکڑا گیا

ملزم ماضی میں بھی خود کو ریلوے ملازم ظاہر کر کے متعدد وارداتوں میں ملوث رہ چکا ہے، حکام

لاہور (نیڈ این این) ریلوے پولیس لاہور نے اہم کارروائی کرتے ہوئے جعلی ریلوے ملازم کو گرفتار کر لیا جو مسافروں سے ٹکٹ کے نام پر رقم بٹور رہا تھا۔ ترجمان ریلوے پولیس کے مطابق، گرفتار ملزم ولید ٹرین نارووال پسنجر میں سوار ہو کر خود کو ریلوے کا ملازم ظاہر کرتا اور مسافروں سے ٹکٹ کی مد میں پیسے وصول کرتا تھا۔ حالیہ دنوں ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس میں ولید شاہدرہ کے قریب اپنی آواز میں مسافروں سے ٹکٹ اور پیسوں کا مطالبہ کرتے دکھائی دے رہا تھا۔ ویڈیو کلپ کے (بقیہ نمبر 3 0)

آدھی بیوروکریسی تالکاں میں پرچی لیکر شہریت لینے کی تیاری کر رہی ہے

خواجہ آصف

بزدار کا ایک قریب ترین بیوروکریٹ بیٹیوں کی شادی پر چار ارب سلامی وصول کر چکا، اب آرام سے ریٹائرمنٹ کی زندگی گزار رہا

یہ نامی گرامی بیوروکریٹس ہیں، مگر مچھ اربوں روپے کھا کے آرام سے ریٹائرمنٹ کی زندگی گزار رہے ہیں، وزیر دفاع کا ایکس پر بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر بیان میں کہا یہ نامی گرامی بیوروکریٹس ہیں، مگر مچھ اربوں روپے کھا کے آرام سے ریٹائرمنٹ کی زندگی گزار رہے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بزدار کا ایک قریب ترین بیوروکریٹ بیٹیوں کی شادی پر صرف چار ارب سلامی وصول کر چکا (بقیہ نمبر 2 9)

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

پاکستان، آسٹریلیا کے ساتھ دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

پنجاب میں آئی ٹی اور سیاحت کے شعبوں میں آسٹریلوی سرمایہ کاروں کے لیے گراں قدر مواقع موجود ہیں

اسمبلی کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے کمیٹیوں کو فعال اور شفاف بنایا گیا ہے تاکہ قانون سازی کا عمل زیادہ بامقصد اور عوام دوست ہو، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی آسٹریلوی ہائی کمشنر مسٹر جیمز میں ملاقات کے موقع پر گفتگو

لاہور (پریس ریلیز) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے آسٹریلوی ہائی کمشنر مسٹر جیمز میں ملاقات کی۔ ملاقات میں آسٹریلوی سفارتخانے کی جانب سے جارج ٹونی سیکریٹری آف ڈیسک پالیٹیکل

پاکستان بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ، خصوصاً صحت تعلیم، زراعت، ثقافت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سیاحت کے شعبوں میں باہمی فروغ کے پہلوؤں میں تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان، آسٹریلیا کے ساتھ دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی روابط اور اقتصادی تعاون میں مزید اضافہ نہایت ضروری ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پنجاب میں آئی ٹی اور سیاحت کے شعبوں میں آسٹریلوی سرمایہ کاروں کے لیے گراں قدر مواقع موجود ہیں اور حکومت پنجاب ان شعبوں میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے تمام ممکنہ معاونت فراہم کرے گی۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں آسٹریلیا کے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان شعبوں میں اشتراک عمل کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے آسٹریلوی ہائی کمشنر کو پنجاب اسمبلی میں ہونے والے قانون سازی کے عمل اور آف پرسنجر مایہ آئیم اور اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے مؤثر کردار سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے کمیٹیوں کو فعال اور شفاف بنایا گیا ہے تاکہ قانون سازی کا عمل زیادہ بامقصد اور عوام دوست ہو۔ آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے کہا کہ آسٹریلیا پاکستان کو اپنا بااعتماد دوست اور اہم اقتصادی شراکت دار سمجھتا ہے۔ آسٹریلوی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کے خواہشمند ہیں اور حکومت پنجاب سے مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ نیل ہاکنز نے ایک مستحکم، جمہوری اور خوش حال پاکستان کے لیے آسٹریلیا کی حمایت کا اعادہ بھی کیا۔ ملاقات میں سیکرٹری جنرل چوہدری عاصر حبیب اور پرنسپل سیکرٹری برائے سپیکر عمار حسین بھلی نے بھی موجود تھے۔

لاہور: الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے زیر اہتمام الخدمت نرسری کی افتتاحی تقریب کے موقع پر سرپرست اعلیٰ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ خطاب کر رہے ہیں

مون سون شجرکاری مہم میں تین لاکھ پودے لگائے جائیں گے

زیادہ سے زیادہ شجرکاری ہی ہماری آنے والی نسلوں کی بقا کی ضامن ہے

الخدمت فاؤنڈیشن پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز میں شجرکاری کے فروغ کیلئے بھی مفت پودے فراہم کرے گی

سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کا الخدمت نرسری کی افتتاحی سے خطاب

لاہور (خبر نگار) الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے زیر اہتمام الخدمت نرسری کا افتتاح رائے وٹ روڈ پر کر دیا گیا۔ نرسری کا افتتاح الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے سرپرست اعلیٰ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے نائب صدر مشتاق بالگن، صدر الخدمت لاہور انجینئر حماد رشید، ایگزیکٹو ڈائریکٹر منیٹ شاہد قریشی سمیت مختلف جماعات کے طلبہ و طالبات، وائسٹیز، زچ پچوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ جشن آزادی کے موقع پر مون سون شجرکاری مہم کے تحت الخدمت فاؤنڈیشن لاہور تین لاکھ سے زائد پودے لگائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ الخدمت نرسری میں اس وقت تین لاکھ سے زائد چلغوزہ، سایہ دار اور مقامی درختوں کے پودے تیار ہیں، جنہیں شہریوں میں مفت تقسیم کیا جائے گا۔ سرپرست اعلیٰ نے تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کو شجرکاری کے فروغ کے لیے الخدمت کا ایسوسیٹ رہنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان اپنے اداروں، گلی محلوں، گھروں اور پارکوں میں زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز میں شجرکاری کے فروغ کے لیے بھی مفت پودے فراہم کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مون سون شجرکاری مہم کے سلسلے میں الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے پی ایچ آئی کے 25 ہزار پودے فراہم کیے جا چکے ہیں، جبکہ کرتارپور راہداری میں بھی 5 ہزار پودے لگائے گئے ہیں تاکہ بیرون ممالک سے آنے والے سکھ یاتریوں کو پاکستان کا سرسبز و شاداب چہرہ دکھایا جا سکے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ شجرکاری ہی ہماری آنے والی نسلوں کی بقا کی ضامن ہے۔ آیئے، الخدمت کے بازو بنیں اور اس کار خیر میں اپنا حصہ ڈالیں۔

اشتہار شروع غوغا

ام سکن نامعلوم عمر تقریباً 50 سال ام سکن نامعلوم عمر تقریباً 50 سال جو مورخہ 25-2-8 کو برائے علاج معالجہ گیٹ نمبر پانچ سج ہسپتال بذریعہ 1122 بیماری کی حالت میں لایا تھا جو مورخہ 25-4-8 کو وفات پا گیا ہے خلاف وارثان مطلوب ہے اگر کسی کو کوئی اطلاع ہو تو عمران اسلم سب انسپکٹر چوکی اتھارٹی میو ہسپتال سے رابطہ کرے 03004777188

خدمت انسانی سے افراد کو انسانی معراج حاصل ہوتی ہے: میاں زاہد پرویز

وزیر آباد (نامہ نگار) خدمت انسانی سے افراد کو انسانی معراج حاصل ہوتی ہے، بلیغ تیمیں کے جذبوں سے سرشار ایجوکیٹ ویلفیئر تیمیں اداروں کے کام قابل تحسین ہیں، ایجوکیٹ ویلفیئر آئی کیئر ٹرسٹ رجسٹرڈ کے زیر انتظام مفرب و حق خانہ لوں کی بچیوں کی شادی پر کوئیں ان خانہ لوں کے لئے موجودہ حالات میں تازہ دوا کا بھیجنا ثابت ہو رہے ہیں، شادیوں کے اس پروگرام میں شرکت اور سعادت سے قلبی اطمینان و سکون حاصل ہوتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار معروف کاروباری شخصیت میاں زاہد پرویز نے ایگزیکٹو ویلفیئر آئی کیئر ٹرسٹ کے زیلہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر میر آصف محمود صوفی محمد اقبال آرائیں، میاں ارشاد حسین، ملک طالب حسین، ملک ارشاد، ڈاکٹر سید رضا سلطان محمد ام جنالہ، صائمہ شہزادی محمد اشرف تار، مہر محمد شریف، بنارک علی محمد شاہد صدیق، ملک عمران بار، محمد عاطف بزمی، جہانگیر وڑائچ و دیگر موجود تھے۔

ایل ڈی اے سٹی 64 پلاٹوں کی کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی

ایسے تمام پلاٹس جن پر ڈوپلیکیٹ نمبرز لگے ان کی دوبارہ قرعہ اندازی کی گئی ڈوپلیکیٹ نمبرز لگنے والے پلاٹوں میں 5 مرلہ کے 62 اور ایک کنال کے 2 پلاٹ شامل ہیں

لاہور (علی حسین شیرازی) ایل ڈی اے سٹی 64 پلاٹوں کی کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ڈوپلیکیٹ نمبرز لگنے والی فائلوں کی دوبارہ قرعہ اندازی کی گئی ایسے تمام پلاٹس جن پر ڈوپلیکیٹ نمبرز لگے، ان کی دوبارہ قرعہ اندازی کی گئی ڈوپلیکیٹ نمبرز لگنے والے پلاٹوں میں 5 مرلہ کے 62 اور ایک کنال کے 2 پلاٹ شامل ہیں ایلیکشن کمیٹی کے ممبران نے کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کی 64 پلاٹوں کی قرعہ اندازی کمیٹی روم، ایل ڈی اے ہاؤس میں کی گئی ایسے تمام پلاٹس جن پر ڈوپلیکیٹ نمبرز لگنے والے پلاٹوں کی دوبارہ قرعہ اندازی کی گئی ڈوپلیکیٹ نمبرز لگنے والے پلاٹوں میں قرعہ اندازی ہوئی جس میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور بینک کے نمائندگان کی موجود گی میں چیف ٹاؤن پلاننر، چیف آئی ٹی آفیسر، ڈائریکٹر ایل ڈی اے سٹی و دیگر ایل ڈی اے افسران کی شرکت۔

ھم سفر فلاحی تنظیم کا مقصد دلوگوں کی مدد کرنا ہے: جبیز مین گوہر خان

لاہور میں ایک چھوٹے سے گاؤں یوسف خیل ملی پنڈ کے لوگوں نے ایک فلاحی تنظیم بنائی ہے جس کا مقصد اپنے گاؤں کے لوگوں کی مدد کرنا ہے جس میں مردہ کفن، دفن، زخمی یا حادثے کی شکل میں ایمبولینس سروس کی سہولت لاہور سے متی تک میسر ہوگی جبیز مین گوہر خان، وائس جبیز مین اکبر خان، جنرل سیکرٹری شوکت خان، فنانس سیکرٹری جمال خان اور فرحان خان۔

سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال کا ساؤتھ ایشین گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے سوئمنگ پول کا دورہ

سیکرٹری سپورٹس پنجاب نے سٹیٹ آف دی آرٹ پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ پول کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا

سپورٹس بورڈ پنجاب کے سوئمنگ پول کا کولنگ، ہیٹنگ اور واٹر پیوریفکیشن سسٹم نیا لگایا جا رہا ہے، سیکرٹری سپورٹس پنجاب

سوئمنگ پول کو دنیا کے جدید ترین انفراسٹرکچر سے مزین کیا جا رہا ہے، اگلے سال ساؤتھ ایشین گیمز کے سوئمنگ مقابلے یہاں پر ہوں گے

سپورٹس بورڈ پنجاب سوئمنگ پول پاکستان کا جدید ترین سوئمنگ پول ہے، سوئمرز کو جدید ترین سہولیات مہیا کرنا ہمارا فرض ہے، مظفر خان سیال

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال نے ساؤتھ ایشین گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے سوئمنگ پول کا دورہ کیا ہے، سٹیٹ آف دی آرٹ پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ پول کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا، ڈائریکٹر سپورٹس رانا ندیم انعم اور ایگزیکٹو ڈی جی ایم یو فرحان، سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال نے برینڈنگ وی ہے سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال نے اس موقع پر کہا ہے کہ سوئمنگ پول کو کولنگ، ہیٹنگ اور واٹر پیوریفکیشن سسٹم نیا لگایا جا رہا ہے، سوئمنگ پول کو دنیا کے جدید ترین انفراسٹرکچر سے مزین کیا جا رہا ہے، اگلے سال ساؤتھ ایشین گیمز کے سوئمنگ مقابلے یہاں پر ہوں گے، جو ہمارے لئے ایک اعزاز ہے، پنجاب میں جدید سہولیات سے آراستہ سپورٹس کا بہترین انفراسٹرکچر موجود ہے، سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال نے مزید کہا ہے کہ سپورٹس بورڈ پنجاب سوئمنگ پول پاکستان کا جدید ترین سوئمنگ پول ہے، سوئمرز کو جدید ترین سہولیات مہیا کرنا ہمارا فرض ہے۔ سیکرٹری سپورٹس پنجاب نے افسران کو اکیوریٹ تعمیراتی کام مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے، ڈائریکٹر سپورٹس رانا ندیم انعم، ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ طارق خانزادہ، ایگزیکٹو ڈی ایم یو فرحان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مینٹرشاہین اور چیف سپورٹس کنسلٹنٹ محمد حفیظ بھٹی اس موقع پر موجود تھے۔

ڈائریکٹر پنجاب روڈ سیفٹی اتھارٹی ڈاکٹر احمد خاور شہزاد کی وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات

یو ایل ٹی اور ہارورڈ پنجاب روڈ سیفٹی اتھارٹی کے درمیان "محفوظ سڑک محفوظ پاکستان" آگاہی مہم چلانے پر اتفاق

لاہور (خبر نگار) یو ایل ٹی اور پنجاب روڈ سیفٹی اتھارٹی کے درمیان "محفوظ سڑک محفوظ پاکستان" آگاہی مہم چلانے پر اتفاق کیا گیا ہے اس سلسلے میں 12 اگست کو محفوظ سڑک محفوظ پاکستان کے عنوان پر سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا۔ سیمینار کا مقصد عوام میں ٹریفک قوانین سے متعلق شعور بیدار کرنے کو قومی جذبے کو فروغ دینا ہے۔ ڈائریکٹر احمد خاور شہزاد نے ڈاکٹر شاہد منیر کی قیادت میں یو ایل ٹی کی ترقی اور استحکام کے حوالے سے خدمات کو سراہا اور اسے ہائی اعزاز سے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں تعلیم اور ہم نصابی سرگرمیوں کو برابر اہمیت دی جاتی ہے۔ اس سنگ میل پر ڈائریکٹر سپورٹس اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دیتی ہوں۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کی ڈائریکٹر سپورٹس ڈاکٹر سمیرا ستار نے کہا کہ لاہور کالج میں ویمن کرکٹ کیلئے بہترین کوچ اور سہولتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزید کھلاڑیوں کو قومی اور انٹرنیشنل ٹیم کا حصہ بنائیں گے۔

پنجاب میں اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز

پراجیکٹ اینڈ بزنس ڈویلپمنٹ کمیٹی کے پہلے اجلاس میں سرمایہ کاری کے فروغ اور معاشی ترقی کا واضح ایجنڈا طے کر لیا گیا

ان نمونوں کی تفصیلی فزیبلٹی رپورٹ تیار کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، پانچ فلیگ شپ منصوبوں کا انتخاب کیا گیا جنہیں چھ ماہ کی مدت میں تکنیکی طور پر مکمل کیا جائے گا۔ یہ منصوبے صوبے کے اہم معاشی شعبوں میں تبدیلی کے محرک ثابت ہوں گے۔ جبیز مین محمد مثنیا اشرف نے اس موقع پر کہا کہ ※※ پنجاب کی معاشی کامیابی فنی شعبے کی فعال شمولیت سے جڑی ہوئی ہے۔ حکومتِ پنجاب سرمایہ کاروں کے لیے شفاف، تیز رفتار اور دوستانہ ماحول قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہماری ترجیح ہے کہ اسٹریٹجک تعاون کے ذریعے فنی شعبے کی جدت کو فروغ دے کر معاشی اور غیر تکنیکی سرمایہ کاروں کے لیے زرخیز مواقع فراہم کیے جائیں۔ ※※ مزید برآں، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ منصوبوں کے نفاذ اور تکنیکی چالنج کے لیے شعبہ جاتی ذیلی کمیٹیاں قائم کی جائیں گی۔ کمیٹی کی تمام سفارشات منظوری کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کو پیش کی جائیں گی۔ آئندہ اجلاس میں منصوبہ بینک، سرمایہ کاری مختص پیج سیکنگ سیشنز اور سال پنجاب کو سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کے لیے آئندہ اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔

پہلا اجلاس پنجاب بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (PBIT) کے دفتر میں منعقد ہوا۔ جبیز مین پی ایچ آئی ٹی محمد مثنیٰ اشرف نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سرکاری اداروں، نجی شعبے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی اور مختلف صنعتوں کے کلیدی اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ یہ اسٹریٹجک اجلاس صوبے میں پائیدار اور سرمایہ کار دوست معاشی ترقی کے لیے روڈ میپ تیار کرنے کی سمت ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا۔ اجلاس میں نمایاں شعبہ جاتی

صدف ظفر (سیاحت)، محمد عطاالرحمٰن (آئی ٹی) اور اعجاز عدایت (ایڈیشنل سیکرٹری، مائنز اینڈ منرلز) شامل تھے۔ شرکاء نے نیک اسٹیل منصوبوں، فزیبلٹی ترجیحات اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈلز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مثنیٰ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ کیپلے مرحلے میں ایسے منصوبے شروع کیے جائیں جو سرمایہ کاری کے قابل، معاشی طور پر قابل عمل اور پالیسی سے ہم آہنگ ہوں۔ کمیٹی متعلقہ شعبوں میں نمٹنے کے لیے ہر فرد ایک پودا کی تحریک کو لازمی بنانا ہوگا۔ کنول لیاقت نے کہا کہ ماحول کی بہتری کے لیے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات و جنگلات کنول لیاقت ایڈووکیٹ کی یو ایس گروپ اور محکمہ ماحولیات و پی ایچ اے کے اشتراک سے شجرکاری مہم کی تقریب میں شرکت

لاہور (خبر نگار) پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات و جنگلات کنول لیاقت ایڈووکیٹ کا یو ایس گروپ اور محکمہ ماحولیات و پی ایچ اے کے اشتراک سے شجرکاری مہم کی تقریب میں شرکت وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف صاحبہ کی سی ایم پلانٹ فار پاکستان کے تحت 5000 درخت لگائے گئے کنول لیاقت کے مطابق ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور ماحولیاتی آلودگی کی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے ہر فرد ایک پودا کی تحریک کو لازمی بنانا ہوگا۔ کنول لیاقت نے کہا کہ ماحول کی بہتری کے لیے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کی پانچ کرکٹرز قومی ٹیم کا حصہ

لاہور (خبر نگار) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والی پانچ طالبات اس وقت قومی ویمن کرکٹ ٹیم کھیلہ ہیں جو فی ٹوئنٹی سیریز کیلئے آج کل آئرلینڈ کے دورے پر ہے۔ لاہور کالج کی طوبیٰ حسن، ثمیہا علوی، ڈیانا بیگ، نشرہ سندھو اور وحیدہ اختر قومی ٹیم کی نمائندگی کر رہی ہیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے کہا ہے کہ قومی ٹیم میں اتنی تعداد میں ہماری یونیورسٹی کی طالبات ہمارے لئے ایک اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں تعلیم اور ہم نصابی سرگرمیوں کو برابر اہمیت دی جاتی ہے۔ اس سنگ میل پر ڈائریکٹر سپورٹس اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دیتی ہوں۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کی ڈائریکٹر سپورٹس ڈاکٹر سمیرا ستار نے کہا کہ لاہور کالج میں ویمن کرکٹ کیلئے بہترین کوچ اور سہولتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزید کھلاڑیوں کو قومی اور انٹرنیشنل ٹیم کا حصہ بنائیں گے۔

ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری کی زیر نگرانی پہلی نیشنل یوتھ گیمز اسلام آباد کیلئے پنجاب کی ٹیموں کے ٹرائلز شروع ہو گئے

بیڈمنٹن گرلز ایڈوائز کے ڈائجسٹ 80 سے زائد کھلاڑیوں نے شرکت کی جن میں 50 سے زائد بوائز اور 30 گرلز کھلاڑی شامل تھے

پنجاب کے کھلاڑیوں کے ڈائجسٹ 6 سے 20 اگست تک جاری رہیں گے جن میں کھلاڑیوں کا منتخب میرٹ پر کیا جائے گا، ڈی جی سپورٹس پنجاب

سپورٹس بورڈ پنجاب کا ہاکی ٹیم 22 اگست سے 5 ستمبر تک تربیتی کیمپ لگائے گی جن میں ہارورڈ کھلاڑیوں کو ہی ترجیح دی جائے گی، خضر افضال چودھری

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری کی زیر نگرانی نشر پارک سپورٹس کمپلیکس میں پہلی نیشنل یوتھ گیمز کیلئے پنجاب کی ٹیموں کے ڈائجسٹ شروع ہو گئے، بیڈمنٹن گرلز ایڈوائز کے ڈائجسٹ ہوئے جس میں 80 سے زائد کھلاڑیوں نے شرکت کی جن میں 50 سے زائد بوائز اور 30 گرلز نے ڈائجسٹ میں حصہ لیا، ڈائجسٹ کمیٹی کے ارکان سیکرٹری پنجاب بیڈمنٹن ایسوسی ایشن طیب سہیل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد وسیم، ساجد حسین، بیڈمنٹن کے سینئر کھلاڑیوں ندیم جاوید اور عمران سعید بھٹی نے کھلاڑیوں سے ڈائجسٹ لئے۔ ڈائجسٹ کے دوران کھلاڑیوں کے درمیان میچز کروائے گئے۔ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری نے اس حوالے سے کہا ہے کہ پنجاب کے کھلاڑیوں کے ڈائجسٹ 6 سے 20 اگست تک جاری رہیں گے، جس میں کھلاڑیوں کا انتخاب میرٹ پر کیا جا رہا ہے، ڈائجسٹ میں منتخب ہونیوالے کھلاڑیوں کیلئے سپورٹس بورڈ پنجاب کی جانب سے 22 اگست سے 5 ستمبر تک تربیتی کیمپ لگائے جائیں گے جس میں ماہر کوچز کھلاڑیوں کو مزید تربیت دیں گے، پہلی نیشنل یوتھ گیمز میں پنجاب کے کھلاڑی مکمل تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔

کھلی کچہری میں شہریوں کی گروی و کرایہ داری سے متعلق شکایات پر بڑا فیصلہ

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا تمام تھانوں کو گروی و کرایہ داری فراڈ میں ملوث افراد کا رجسٹر مرتب کرنے کا حکم

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا کھلی کچہری میں شہریوں کو گروی و کرایہ داری سے متعلق شکایات پر بڑا فیصلہ سامنے آگیا۔ فیصل کامران نے گروی و کرایہ داری کے نام پر بڑھتے فراڈ کے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے تمام تھانوں کو گروی و کرایہ داری فراڈ میں ملوث افراد کا رجسٹر مرتب کرنے کا حکم دے دیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز کا موقف ہے کہ تھانہ سطح کے محاصلوں کی خلاف ورزی، مکان نہ دینا اور رقم واپس نہ کرنا جرم ہے۔ شہری گروی، کرایہ نامے یا ایڈوانس رقم دینے سے پہلے مکمل تصدیق کریں اور فراڈیوں کے جھانسے میں نہ آئیں، احتیاط کریں۔ انہوں نے کہا کہ فراڈ سے مکان کے جھانسے میں لوگوں کی جمع پونجی ہڑپ کر لیتے ہیں، شہری ہوشیار رہیں۔ مکان مالک یا کرایہ داری اور کسی طرح تصدیق کریں، پھر ہی رقم لین دین کریں، فیصل کامران نے کہا کہ اس انچ اوز چوس رہیں، ہر شکایت پر فوری کارروائی کروائی کریں۔ دستاویز کی اصلی تصدیق کریں۔ کسی طرح کی کارروائی کی اطلاع فوری 15 پر دیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ معاہدے سے پہلے شہرت اور شناختی ثبوت کی تصدیق لازمی کریں۔

لاہور: سجادنشین پیر سید اور لیس شاہ زنجانی جامع مسجد شاہ زنجانی کے پیر بھائی حضرت میراں حسین شاہ زنجانی کے شان اور تعلیمات کے حوالے سے منعقدہ محفل سے خطاب کر رہے ہیں

نماز کے اوقات



صبح صادق	4:10
فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:15

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 7 اگست 2025ء

ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات

ڈپٹی کمشنر نے بی ایچ یو میں ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور صفائی سمیت انتظامی امور کا جائزہ لیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے تاکہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق میسر ہوں۔ انہوں نے یہ بات مریم نواز ہیلتھ کلینک مرید کے معائنہ کے موقع پر کہی۔ ڈپٹی کمشنر نے بی ایچ یو میں ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور صفائی سمیت انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے سنٹر انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ہیلتھ کیئر سسٹم کی احسن کارکردگی کے ذریعے عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی برقرار رکھی جائے

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع بھر میں زیرو ویسٹ مہم بھرپور انداز میں جاری

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل یونین کونسلز کی سطح پر صفائی اپریشن/زیرو ویسٹ کی نگرانی کرنے پہنچ گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع بھر میں زیرو ویسٹ مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل یونین کونسلز کی سطح پر صفائی اپریشن/زیرو ویسٹ کی نگرانی کرنے پہنچ گئے۔ انہوں نے یونین کونسل 34 غفور آباد، محلہ قاسم ٹاؤن میں دوسرے مرحلہ میں بھرپور صفائی اپریشن کو چیک کیا اور مشینری کے ذریعے کوڑے کے ڈھیروں کا صفایا۔ ڈرینز و نالیوں کی ڈی سلٹنگ کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر/چیئرمین چنیوٹ ایجوکیشنل ٹرسٹ صفی اللہ گوندل نے چناب کالج چنیوٹ کا بھی دورہ کیا اور کالج میں جاری تعمیراتی کام (فرسٹ فلور گرلز ونگ) کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی عمل سے چناب کالج چنیوٹ میں طالبات کے لئے تعلیمی سہولیات میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے تعمیراتی عمل تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شفافیت کو ہر قیمت پر محفوظ خاطر رکھیں۔

جہلم ارشد محمود بٹ پرنسل سیکرٹری ٹو ڈپٹی کمشنر جہلم 30 سال سے زائد عرصہ خدمات سرانجام دینے کے بعد ریٹائرڈ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ارشد محمود بٹ پرنسل سیکرٹری ٹو ڈپٹی کمشنر جہلم 30 سال سے زائد عرصہ خدمات سرانجام دینے کے بعد ریٹائرڈ۔ پروٹوکول سے رخصتی، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ جہلم میں 30 سال سے زائد عرصہ تک خدمات سرانجام دینے والے انتہائی تحمل مزاج اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں مثبت پہچان رکھنے والے ارشد محمود بٹ پرنسل سیکرٹری ٹو ڈپٹی کمشنر جہلم آج اپنے عہدے سے ریٹائر ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم محمد عظیم عباس اور دیگر ضلعی انتظامیہ نے ارشد محمود بٹ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ڈپٹی کمشنر جہلم کی ہدایت پر ارشد محمود بٹ کو ڈپٹی کمشنر جہلم کی سرکاری گاڑی میں پروٹوکول کے ساتھ رخصت کیا۔

تحمل بردباری و درگزر کرنے سے معاشرہ میں سدھار آتا ہے۔ جنید آفتاب

عدم برداشت و منفی رویے معاشرے میں مسائل و افراتفری کا باعث بنتے ہیں۔ سنیئر جرنلسٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معاشرے میں منفی رویوں کے تدارک اور بہتر طرز عمل تحمل و برداشت سے جہاں سدھار آتا ہے وہیں تحمل و بردباری سے باہمی رشتے مضبوط ہوتے ہیں۔ فی زمانہ رشتوں کی مضبوطی کیلئے اچھا حسن سلوک اور مثبت طرز زندگی اپنائیں۔ ان باتوں کا اظہار سنیئر صحافی و اینکر پرسن جنید آفتاب نے صحافیوں کے ساتھ ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ رشتوں کی بنیاد محبت خلوص اور میل جول پر ہونی چاہیے کہ ایسا سازگار ماحول پیدا کریں جہاں ہر فرد خود کو اہم، محفوظ اور قابل احترام محسوس کرے اتحاد گروپ کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ ہم سب مل کر ایک ایسا معاشرہ قائم کریں جہاں دلوں میں نفرت نہیں بلکہ محبت اور قربت ہو۔

ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطاء عارف کی سربراہی میں ڈھلیانہ روڈ جھجہ کلاں میں ملک کولیکشن سنٹر پر کارروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) جعلی دودھ کا دھندہ کرنے والے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ریڈار پر، ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطاء عارف کی سربراہی میں ڈھلیانہ روڈ جھجہ کلاں میں ملک کولیکشن سنٹر پر کارروائی، 580 لٹر جعلی دودھ تلف، مالک کیخلاف ایف آئی آر درج، کولیکشن سنٹر بند، 350 کلو وئے پاؤڈر، گھی کے خالی ٹن ڈبے اور مکسنگ مشینری ضبط کر لی گئی۔

صحافی معاشرتی برائیوں کے خاتمہ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کیلئے بلا خوف وخطر اپنے فرائض ذمہ داری اور احسن طریقہ سے سرانجام دیں

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) صدر پریس کلب کوٹ رادھا کشن شوکت رحمان خان نے کہا ہے کہ صحافی معاشرتی برائیوں کے خاتمہ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کیلئے بلا خوف وخطر اپنے فرائض ذمہ داری اور احسن طریقہ سے سرانجام دیں۔ تاکہ مظلوموں کی آواز بن کر ان کے دکھوں کا مداوا کر سکیں۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ دور میں مثبت اور تعمیری صحافت کرنا بڑا کٹھن اور مشکل کام ہو چکا ہے۔ صحافیوں کے حق و صداقت کا علم بلند کرنے میں بڑے مسائل اور مشکلات کا سامنا ہے مگر صحافی ان حالات کے باوجود اپنے قلم کے ذریعے قلم جبر اور معاشرے کے مکروہ کرداروں کو بے نقاب کرنے کیلئے ایمانداری کے ساتھ اپنے صحافتی فرائض سرانجام دے رہیں ہیں۔ انھوں نے صحافیوں پر زور دیا کہ وہ ذرد صحافت کے خاتمہ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں تاکہ صحافت جیسے مقدس پیشہ کی حرمت پر کوئی آنچ نہ آسکے۔ انھوں کہا کہ پریس کلب کوٹ رادھا کشن شہریوں اور تاجروں کی آواز بن کر مسائل کو اجاگر کر رہا ہے اور کرتا رہے گا۔

حافظ آباد کے بجلی محلہ میں چاہ قاضیاں والہ میں چھپڑ میں گندا پانی کھڑا ہونے سے پورے علاقہ میں تعفن پھوٹنے لگا

مذکورہ چھپڑ کو ختم کروایا جائے اور گندا پانی نکلوا کر صفائی ستھرائی کا انتظام کیا جائے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے بجلی محلہ میں چاہ قاضیاں والہ میں چھپڑ میں گندا پانی کھڑا ہونے سے پورے علاقہ میں تعفن پھوٹنے لگا جس سے علاقہ مکین مختلف امراض میں مبتلا ہونے لگے۔ علاقہ مکینوں نے میونسپل کمیٹی کے افسران کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ چھپڑ کی وجہ سے پورا علاقہ تعفن زدہ ہو چکا ہے اور انکے لئے گھروں میں آرام کرنا بھی محال ہو گیا جبکہ بچے اور خواتین اور معمر افراد مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ مذکورہ چھپڑ کو ختم کروایا جائے اور گندا پانی نکلوا کر صفائی ستھرائی کا انتظام کیا جائے۔

ڈی سی جہلم کا یونین کونسل نمبر 13 اور 15 کا دورہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ستھرا پنجاب مہم پر عمل درآمد کا جائزہ لینے کے لیے ڈی سی جہلم کا یونین کونسل نمبر 13 اور 15 کا دورہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی جہلم نے ستھرا پنجاب مہم پر عمل درامد کا جائزہ لینے کے لیے جہلم شہر کی اربن یونین کونسل نمبر 13 اور 15 کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے اہلکاران کی جانب سے صفائی کے عمل کا مشاہدہ کرتے ہوئے موقع پر موجود سپروائزر سے تفصیلات معلوم کیں۔ ڈی سی جہلم نے اس موقع پر ہدایت کی کہ حکومت پنجاب کے اہم پروجیکٹ ستھرا پنجاب کو کامیاب بنانے کے لیے مسلسل کام جاری رکھا جائے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کر کے حکومت پنجاب کے ویژن کو عملی شکل دی جائے۔

موسون بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں پانی کی نکاسی مکمل کر لی ہے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر دریائے چناب کے قریبی علاقوں میں فلڈ ریلیف کیمپ قائم کر دیے گئے ہیں جبکہ تمام متعلقہ محکمے ہائی الرٹ پر ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ نے دن رات محنت کے بعد مون سون بارشوں سے متاثرہ دیہی علاقوں میں پانی کی نکاسی مکمل کر لی ہے اور تمام زمینی راستے بحال ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر دریائے چناب کے قریبی علاقوں میں فلڈ ریلیف کیمپ قائم کر دیے گئے ہیں جبکہ تمام متعلقہ محکمے ہائی الرٹ پر ہیں۔ وبائی امراض کے ممکنہ خدشات کے پیش نظر محکمہ صحت کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہیں اور ویکسین و ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب حافظ آباد میں ※※ میٹ دی پریس ※※ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میٹ دی پریس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس حامد ناصر گورائیہ، اے ڈی سی جی حمد اللہ، چیف آفیسر ایم سی اکرام اللہ سندھو سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع بھر میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ سرگودھا روڈ پر ریلوے لائن پر اوور ہیڈ برج کی تعمیر دن رات جاری ہے اور اس کا افتتاح جلد متوقع ہے، جس سے شہریوں کو آمدورفت میں نمایاں سہولت میسر آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ جدید ذرائع ابلاغ کی دنیا میں صحافت کا کردار مزید وسعت اختیار کر چکا ہے۔ آج کا صحافی ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ ذمہ داریاں نبھا رہا ہے۔ انتظامیہ اور میڈیا کا چولی دامن کا ساتھ ہے، اور میڈیا کی نشاندہی پر فوری اور مثبت کارروائی کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب چودھری جاوید اسد اور دیگر عہدیداران نے ڈپٹی کمشنر اور دیگر ضلعی افسران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پریس اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مثالی تعلقات قائم ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی تمام سرگرمیوں اور عوام دوست اقدامات کو مقامی صحافی اپنے اخبارات اور چینلز کے ذریعے ملکی و بین الاقوامی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر کر رہے ہیں، جس سے ضلعی انتظامیہ کی بہترین کارکردگی سے ارباب اختیار آگاہ ہوتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں ضلع بھر میں تقریبات کا آغاز ہو چکا ہے۔ سرکاری و نجی عمارتوں، عوامی مقامات، چوراہوں، اور اہم شاہراہوں کو قومی پرچموں، قمقموں، چاند تارا لائٹنگ اور سبز و سفید روشنیوں سے دیدہ زیب انداز میں سجا دیا گیا ہے۔ خصوصی طور پر جناح چوک، گوجرانوالہ روڈ، قلعہ صاحب سنگھ بائی پاس، فوارہ چوک، کچہری بازار سمیت نمایاں مقامات کی سجاوٹ قابل دید ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایات پر اس سال یوم آزادی کے ساتھ ساتھ معرکہ حق کی کامیابی کو بھی ملی جذبے اور شایان شان طریقے سے منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں ضلع اور تحصیل سطح پر، اسکولوں و کالجوں میں تقاریب، شجرکاری مہمات، کھیلوں کے مقابلے، ثقافتی شو، موٹر بائیک ریلیاں، اور آتش بازی جیسے رنگا رنگ پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔

پاکستان کے یوم آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں تقریبات کے انتظامات مکمل

تمام سرکاری عمارتوں کو قومی پرچموں، خوبصورت لائٹنگ، برقی قمقموں اور چاند تارا کی لائٹنگ سے خوبصورتی سے سجا دیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر پاکستان کے یوم آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں تقریبات، سرکاری و نجی عمارتوں اور اہم عوامی مقامات کو سجانے کا کام زور و شور سے جاری ہے۔ تمام سرکاری عمارتوں کو قومی پرچموں، خوبصورت لائٹنگ، برقی قمقموں اور چاند تارا کی لائٹنگ سے خوبصورتی سے سجا دیا گیا۔ اس کے علاوہ جناح چوک، گوجرانوالہ روڈ، قلعہ صاحب سنگھ بائی پاس، فوارہ چوک، کچہری بازار اور دیگر عوامی مقامات کو سبز ہلالی پرچم اور دیدہ زیب لائٹنگ سے سجایا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایات پر اس سال وطن عزیز کے یوم آزادی کے ساتھ معرکہ حق کی کامیابی کو بھی بھرپور ملی جوش و جذبے اور شایان شان طریقے سے منایا جا رہا ہے اور اس سلسلہ میں ضلع و تحصیل کی سطح، سکولوں، کالجوں میں مختلف پروگرام بھی منعقد کروائے جا رہے ہیں۔ یوم آزادی اور معرکہ حق کی 14 روزہ تقریبات میں خصوصی طور پر شجرکاری بھی کی جا رہی ہے۔ جشن آزادی اور معرکہ حق کی کامیابی کی ان تقریبات، شجرکاری، سرکاری و نجی عمارتوں کی سجاوٹ میں شہریوں بڑھ چڑھ کر دلچسپی لے رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ ان چودہ روزہ تقریبات میں کھیلوں کے مقابلہ جات، آتش بازی، ثقافتی شو، موٹر بائیک ریلیاں اور دیگر پروگرام بھی منعقد کیے جائینگے۔

سپہ سالار پاکستان سید عاصم منیر کی ملکی خدمات لازوال ہیں۔ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان

فتنہ الخوارج وفتنہ الہندوستان کامیاب آپریشنز گرانقدر ہیں۔ سابقہ وفاقی وزیر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) افواج پاکستان و سیکورٹی فورسز کے ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور ہمارے غازی قوم کا وقار ہیں سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جیسی ولولہ انگیز قیادت میں افواج پاکستان کا دشمن کو منہ توڑ جواب بلاشبہ ہم پاکستانیوں کیلئے قابل فخر ہے۔ سدا سلامت رہیں ہماری سیکورٹی فورسز جنہوں نے ملک وقوم کو اقوام عالم میں سرخرو کیا سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر محب وطن پاکستانی و بہترین مسلمان ہیں کہ جن کی حب الوطنی اور قابلیت دلیری اور بہترین نعت مسلمان قیادت کا اعتراف ازلی دشمن بھارت کر رہا ہے۔ ان باتو کا اظہار دختر سیالکوٹ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان سابق وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات نے چیئرمین ملک خالد پہلوان کی زیر سربراہی آئے عمائدین شہر کے وفد کیساتھ ملاقات کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سپہ سالار پاکستان نے اللہ کے فضل اور قوم کی دعاؤں کے ثمرات سے بنیان المرصوص میں وہ بے مثال کامیابی دلوائی کی دنیا عش عش کر اٹھی اور بھارت اور بھارتی گودی میڈیا کی بولتی بند بلکہ ہوا ٹائیٹ ہوگئی اور دنیا میں بھارت کو مزید خزیمت اس وقت اٹھانی پڑی جب امریکہ کے پاؤں پکڑ کے پاکستان سے جان چھڑانے کیلئے بھیک مانگنی پڑی۔ پاکستان سے شکست فاش کی گونج مودی حکومت کو راجیہ سبھا ولوک سبھا میں آج بھی اپوزیشن رہنماؤں کی جانب ڈے آپریشن سندور کی بدترین ناکامی پر سوالات کی صورت میں سنائی دے رہی ہے۔

سبز ہلالی پرچم ہماری قومی شناخت ہے: صدر لائنز کلب سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

اس کی طرح ہمیں اپنے وطن عزیز کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ/صدر لائنز کلب سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے سبز ہلالی پرچم ہماری قومی شناخت ہے اس کی طرح ہمیں اپنے وطن عزیز کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے اس سال یوم پاکستان کو ماحول دوست بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی جائے تاکہ نہ صرف ہوا کو پاکیزہ بنایا جا سکے بلکہ عوام کو آلودگی سے پاک اور صحت بخش فضا بھی میسر آ سکے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے زور دیا کہ ہر پاکستانی کو اس موقع پر یہ عہد کرنا چاہیے کہ وہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے میں اپنا کردار ادا کرے گا خاص طور پر ماحولیاتی آلودگی جیسے سنگین مسئلے کے حل کے لیے درخت نہ صرف آکسیجن پیدا کرتے ہیں بلکہ زمین کے درجہ حرارت کو کم کرنے ماحولیاتی آلودگی روکنے اور خوبصورتی بڑھانے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ یوم پاکستان کو صرف جشن تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اس دن کو ایک قومی ذمہ داری کے طور پر منایا جائے جہاں ہر فرد ایک درخت لگا کر اپنے وطن کے بہتر مستقبل میں حصہ ڈالے پاکستان ہمارا ہے ہم نے ہی مل کر اسے سنوارنا ہے انہوں نے اس جذبے کے تحت شہریوں طلبہ اداروں اور سماجی تنظیموں کو شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی دعوت دی

کینیڈا کالونی میں اوپن مین ہول سنگین خطرہ، میونسپل کمیٹی کی چشم پوشی برقرار

کینیڈا کالونی گلی نمبر 1، جامع مسجد و مدرسہ "مہر منیر" کے گیٹ کے سامنے، قاسم کریانہ دکان کے بالمقابل ایک مین ہول کئی روز سے کھلا ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) کینیڈا کالونی میں اوپن مین ہول سنگین خطرہ، میونسپل کمیٹی کی چشم پوشی برقرار۔ تفصیلات کے مطابق کینیڈا کالونی گلی نمبر 1، جامع مسجد و مدرسہ "مہر منیر" کے گیٹ کے سامنے، قاسم کریانہ دکان کے بالمقابل ایک مین ہول کئی روز سے کھلا ہے، جو اہلِ علاقہ بالخصوص مدرسے کے بچوں کے لیے خطرناک صورت اختیار کر چکا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق متعدد بار میونسپل کمیٹی ننکانہ صاحب کو شکایات کی گئیں، مگر کوئی عملی اقدام نہیں اٹھایا گیا۔ شہریوں نے شدید خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر فوری طور پر مین ہول کو بند نہ کیا گیا تو یہ کسی معصوم جان کے ضیاع کا سبب بن سکتا ہے۔ اہلِ علاقہ نے اس سنگین معاملے پر فوری ایکشن لیتے ہوئے مین ہول کو بند کیا جائے تاکہ کسی افسوسناک واقعے سے بچا جا سکے۔

فرنس فیکٹری پر چھاپہ بجلی چوری کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے والی فرنس فیکٹری کے خلاف فوری کارروائی مقدمہ درج

مرید کے (تحصیل رپورٹر) ایسکو واپڈا ایسکو ڈویژن مرید کے رب یار کا اپنی ٹیم سی او ایسکو رمضان بٹ اور رینجرز کے ہمراہ راوی ریان میں فرنس فیکٹری پر چھاپہ بجلی چوری کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے والی فرنس فیکٹری کے خلاف فوری کارروائی مقدمہ درج اور جرمانہ عائد کر دیا گیا ایسکو رب یار کی پریس کانفرنس تفصیلات کے مطابق مرید کے میں بجلی چوری کے خلاف بہت بڑی کارروائی ایسکو واپڈا نے پاکستان میں پہلی بار متعارف ہونے والی ڈیوائس کے ذریعے بجلی چوری کا طریقہ کار اپنانے والی فیکٹری رنگے ہاتھوں پکڑ لی ایسکو ڈویژن مرید کے ملک رب یار نے صحافیوں رانا عرفان ※ قمر منیر، شیخ عمران صدیق، ڈاکٹر اجمل ملک، میاں جمیل کو میڈیا بریفنگ میں بتایا کہ فرنس فیکٹری ماہانہ پانچ لاکھ یونٹ سافٹ ویئر ڈیوائس کے ذریعے چوری کرتے تھے ایسے سافٹ ویئر کے ذریعے B تھری کنکشن کے میٹر سے منظم طریقے سے بجلی چوری بھی نہیں دیکھی فیکٹری مالکان کو تین کروڑ روپے جرمانہ ڈال کر مقدمہ بھی درج کیا گیا ہے اور فیکٹری سے مشینری بھی ضبط کر لی گئی ہے ایسکو ڈویژن مرید کے کا مزید کہنا تھا کہ جون 2025 تک بجلی چوروں سے پچاس کروڑ روپے کی ریکوری ابتک کی جا چکی ہے دس ہزار بجلی چوروں پر مقدمات درج کروائے گئے ہیں ایسکو لاسز 14 فیصد سے 11 فیصد پر آ گئے ہیں

مصطفی آباد: پانچ اگست کو بھارت نے کشمیریوں کے حقوق پر شب خون مارا: پیر مفتی محمد اختر علی قادری

کشمیری عوام کی قربانیاں گواہ ہیں کہ وہ نہ جھکے ہیں نہ جھکیں گے، وہ دن دور نہیں جب مقبوضہ کشمیر میں آزادی کا سورج طلوع ہوگا

مصطفی آباد للیانی (نمائندہ خصوصی) پانچ اگست کو بھارت نے کشمیریوں کے حقوق پر شب خون مارا: پیر مفتی محمد اختر علی قادری، پریس کلب مصطفی آباد للیانی (رجسٹرڈ) میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے منعقد تقریب سے خطاب، تفصیلات کے مطابق یوم استحصال کشمیر پر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب کی تقریب، مقامی صحافیوں، برطانیہ سے آئے پیر اختر علی قادری کی خصوصی شرکت، مسئلہ کشمیر پر تمام پاکستانی حکومت کیساتھ کھڑے ہیں، مقررین کا خطاب، تفصیلات کے مطابق بھارت کے مقبوضہ کشمیر پر قبضہ کیخلاف قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) کے زیر اہتمام کشمیریوں نے یوم سیاہ منایا، پریس کلب مصطفی آباد میں تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی مبلغ یورپ چیئرمین رویت ہلال کمیٹی برطانیہ و سجادہ نشین آستانہ عالیہ مخدوم قصوری پیر مفتی محمد اختر علی قادری تھے، صدر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) عطاء محمد قصوری کی زیر صدارت تقریب میں سرپرست اعلیٰ پریس کلب مصطفی آباد للیانی محمد عمران سکھی، محمد طاہر خالد میؤ، محمد الیاس ملک، حاجی محمد ابراہیم، پیر مفتی ارشاد علی قادری خطیب دربار حضرت بابا بلھے شاہ، پیٹرن ایڈیٹر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب سرپرستی روحانی پیشوا پیر محمد الیاس قادری بابا جی سرکار نے فرمائی، جس میں 1500 سالہ جشن ولادت کے انعقاد اور جماعت کے داخلی اختلافات کے حل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ علامہ میاں وقاص صدیق نقشبندی کا کلیدی کردار، تحکیمی کمیٹی کی کشیدگی اور اراکین کی ناراضگی کے تناظر میں پیر محمد الیاس قادری بابا جی سرکار نے علامہ میاں محمد وقاص صدیق نقشبندی کی قیادت میں ایک پانچ رکنی مصالحتی کمیٹی تشکیل دی، جس میں درج ذیل علماء شامل تھے: علامہ حافظ محمد انور چشتی علامہ نیاز احمد کریمی، علامہ غلام محمد نوری، علامہ حافظ محمد لقمان احسانی کمیٹی نے نہایت حکمت، بردباری اور غیر جانب داری کے ساتھ فریقین کی بات سنی، مکمل مشاورت کے بعد جماعت اہلِ سنت مصطفی آباد کی موجودہ کابینہ کو تحلیل کرنے اور نئی قیادت کے قیام کا متفقہ فیصلہ کیا۔ نئی قیادت اور کابینہ کا اعلان۔ اجلاس میں باہمی اتفاق سے علامہ مفتی علی مرتضیٰ چشتی کو نیا صدر نامزد کیا گیا۔ انہیں مکمل تنظیمی اختیارات تفویض کیے گئے۔ اس موقع پر نئی کابینہ کا اعلان بھی کیا گیا، جس میں مفتی محمد فیضان قادری، سردار محمد راشد علی ڈوگر، محمد حاشر مہران، حاجی امجد علی رحمانی، حاجی محمد نوید انصاری، محمد عارف ٹیلر نو منتخب صدر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ تنظیم میں نئے اراکین کی شمولیت، عہدوں کی تقسیم اور دیگر اہم فیصلے آزادانہ طور پر مشاورت کے ساتھ کریں۔ اجلاس میں یہ بھی طے کیا گیا کہ جماعت اہلِ سنت مصطفی آباد کی کور کمیٹی درج ذیل افراد پر مشتمل ہوگی:

اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس

اس موقع پر محکمہ ہیلتھ، ایجوکیشن، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس، اس موقع پر محکمہ ہیلتھ، ایجوکیشن، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے، اجلاس کو چہلم حضرت امام حسین اور جشن آزادی تقریبات کے سلسلہ میں انتظامات کے سلسلہ میں تیاریوں بارے تفصیلی بریفنگ دی، اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے بہترین انتظامات کی طرح چہلم حضرت امام حسین کے موقع پر بھی موثر حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جائیں، چہلم کے جلوس اور مجالس کے انعقاد کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے افسران اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کریں، انہوں نے کہا کہ چہلم حضرت امام حسین پر عزاداروں کو سہولیات اور سیکورٹی انتظامات کی فراہمی اور جشن آزادی تقریبات کے لیے حتمی پلان تیار کیا جائے اور تفویض کی گئی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لیے تمام متعلقہ محکمہ اپنا کردار ادا کریں۔

محکمہ سوشل ویلفیئر، صنعت زار اور خواتین کو قومی دھارے میں شامل کرنے کی کوشش کر رہا ہے: زار محمد غالب

خواتین پاکستان اور اپنے خاندان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں گی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ سوشل ویلفیئر چوہدری شریف گھمن اور مینیجر صنعت زار محمد غالب نے کہا ہے کہ محکمہ سوشل ویلفیئر، صنعت زار اور خواتین کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے مختلف فنی تربیت دیکر مصنوعات کی تیاری کیلئے اور انہیں کاروبار کرنے کیلئے مثبت اور دیرپا اقدامات کر رہے ہیں تاکہ خواتین پاکستان اور اپنے خاندان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صنعت زار میں سماجی تنظیموں کے نمائندگان اور خواتین سے خطاب کے دوران کیا۔ محمد اشفاق ندر، محمد اسلم، عبدالشکور مرزا، عامر جاوید، یاسین مغل، زبیدہ کوثر، عاشق حسین طور، حبیب گھمن و دیگر سماجی تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی بعد از محکمہ سوشل ویلفیئر/صنعت زار کے اشتراک سے جشن آزادی کے حوالہ سے منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان ہماری آن اور پہچان ہے آج کے دن ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ وطن عزیز پاکستان کا نام، عزت اور وقار عالمی سطح پر بلند کرنے کیلئے بھرپور جدوجہد کریں گے پاکستان بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح اور شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے خوابوں کی تعبیر بنانے کیلئے ہمیں متحد کام کرنا ہوگا پاکستان کی حفاظت، دفاع اور سلامتی کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے بعد از جشن آزادی کا کیک کاٹا گیا اور ملک و قوم کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی

ڈی پی ایس اسکول اینڈ کالج اوکاڑہ کی ذہین و محنتی طالبہ آمنہ خان دختر زاہد خان نے سال 2025 کے میٹرک امت



Editorail

★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★
ABC DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

تحریک انصاف کا احتجاج: مفاہمت کا راستہ

تحریک انصاف نے اگرچہ 5 اگست کو ملک گیر احتجاج کا اعلان کیا ہوا ہے لیکن رات گئے تک واضح نہیں تھا کہ اس احتجاج کی نوعیت کیا ہوگی۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے ایک ٹی وی انٹرویو میں دعویٰ کیا ہے کہ پی ٹی آئی اندرونی خلفشار کا شکار ہے، ورنہ حکومت تو سیاسی احتجاج کی حامی ہے اور اس کی اجازت ہونی چاہیے۔ البتہ طلال چوہدری کا بیان یک طرفہ اور حقیقت حال کا آئینہ دار نہیں ہے۔ تحریک انصاف نے لاہور اور اسلام آباد میں جلسے کرنے کی اجازت طلب کی تھی لیکن اسے انکار کر دیا گیا تھا۔ لاہور ہائی کورٹ سے بھی پی ٹی آئی کو ابھی تک ریلیف نہیں مل سکا ہے۔ راولپنڈی کے ڈپٹی کمشنر نے ایک ہفتہ کے لئے ضلع بھر میں ہر قسم کے اجتماع پر پابندی لگانے کا حکم جاری کیا ہے۔ ایسے میں حکومت کی طرف سے تحریک انصاف پر الزام تراشی یک طرفہ ہے۔ لیکن دوسری طرف تحریک انصاف کی صفوں میں بھی احتجاج کے حوالے سے کوئی خاص گرمجوشی نہیں پائی جاتی۔ عمران خان نے خود بھی چند روز پہلے اس کا نوٹس لیا تھا لیکن خود احتجاج کی قیادت کرنے کا اعلان کرنے کے بعد عمران خان کی طرف سے پیغامات اور ہدایات کا سلسلہ بھی محدود رہا ہے۔ گزشتہ دنوں انسداد دہشت گردی کی متعدد عدالتوں نے تحریک انصاف کے درجنوں لیڈروں کو سانحہ 9 مئی میں ملوث ہونے کے الزام میں دس سال تک کی قید کی سزائیں سنائی ہیں۔ اتنی زیادہ سزا ملنے کے بعد اپیل کے دوران عام طور سے مجرم ٹھہرائے گئے شخص کو ضمانت کی سہولت حاصل نہیں ہوتی۔ اس کے ساتھ ہی الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ نااہل ہونے والے لیڈروں کی رکنیت منسوخ کر دی جائے گی۔ ایسے اقدام سے تحریک انصاف کی پارلیمانی پوزیشن کمزور ہوگی۔ اس صورت حال میں جیل کے باہر پارٹی قیادت میں اختلافات واضح ہوئے ہیں اور احتجاج کے بارے میں بھی کوئی واضح حکمت عملی سامنے نہیں آئی۔ پہلے اعلان کیا جاتا رہا ہے کہ عمران خان کے بیٹے سلیمان اور قاسم خان پانچ اگست تک پاکستان آ کر احتجاج کی قیادت کریں گے۔ لیکن حالیہ دنوں میں سامنے آنے والی خبروں سے اندازہ ہوتا ہے کہ نہ تو ان کے پاس پاکستانی شہریت کے ثبوت کے طور پر نائیکوپ موجود ہیں اور نہ ہی لندن کے پاکستانی سفارت خانہ نے انہیں فوری طور سے ویزے جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے بلکہ ان کی درخواستیں وزارت داخلہ کو ریفر کر دی گئی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ حکومت انہیں جلد ویزے دینے کا ارادہ نہیں رکھتی۔ ان عملی مشکلات کے علاوہ پاکستان تحریک انصاف اس احتجاج کے لیے کوئی واضح ایجنڈا تیار کرنے اور سامنے لانے میں بھی کامیاب نہیں ہوئی۔ یہ تو سب جانتے ہیں کہ پارٹی کا سب سے بڑا مطالبہ عمران خان کی رہائی ہے لیکن ایک سیاسی گروپ کے طور پر پی ٹی آئی کو احتجاج کے لئے واضح سیاسی مطالبے سامنے لانے چاہئیں تھے۔ البتہ ایسا کوئی اعلان سامنے نہیں آ سکا۔ دو روز پہلے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پلیٹ فارم سے ایک طویل اعلامیہ ضرور جاری ہوا تھا جس میں ہر حکومتی اقدام کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ملک کو پولیس اسٹیٹ قرار دیا گیا تھا۔ اس کے ساتھ ہی اس میں میثاق جمہوریت طرز کے سیاسی معاہدے کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا تاکہ ملک میں آئینی حکومت کے قیام کو یقینی بنایا جا سکے۔ البتہ تحریک انصاف کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ وہ کسی ایسے مقصد کے لیے دوسری پارٹیوں کے ساتھ مواصلت کرنے میں کامیاب نہیں ہو رہی کیوں کہ خود پارٹی کے اندر بھی یہ اتفاق رائے موجود نہیں ہے کہ کیا سیاسی مفاہمت سے مسائل حل کرنے ہیں یا تصادم اور ٹکراو؟ کی پالیسی ہی واحد راستہ ہے۔ تحریک انصاف اب تک احتجاجی سیاست میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ پارٹی خواہ حکومتی ہتھکنڈوں ہی کو اس کا ذمہ دار ٹھہرائے لیکن کوئی واضح حکمت عملی نہ ہونے کی وجہ سے اصل نقصان پارٹی کی سیاست ہی کو پہنچ رہا ہے۔ عام قیاس ہے کہ عمران خان کو ذاتی طور سے اب بھی خاصی مقبولیت حاصل ہے۔

حقیقت کے دو کنارے: بے چینی سے بے خبری تک

ملک کفایت اعوان زمیندار اور شاعر ہیں ساتھ میں ریڈیو ایف ایم 95 پنجاب رنگ پر پروگرام بھی کرتے ہیں انتہائی وضع دار اور یار باش انسان ہیں ڈیفنس جیسے جدید ترین شہر کے درمیان تاریخی گاؤں کرباٹھ میں رہتے ہیں مشینی بھینسوں کی بجائے خالص دودھ پیتے ہیں اور پنجابیوں کی پگ سر پر سجائے رکھتے ہیں انکا یہ سٹائل اب انکی پہچان بن چکا ہے انکا گھر ملک کے دو وزیر اعظم کے حلقہ میں ہے ملک معراج خالد اسی گاؤں کے پرائمری سکول سے پڑھے جبکہ موجودہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کا حلقہ انتخاب بھی یہی ہے وہ الگ بات ہے کہ میاں صاحب یہاں کبھی تشریف نہیں لائے الیکشن سے پہلے اور نہ ہی کبھی بعد میں کرباٹھ گاؤں بیدیاں روڈ پر واقع ہے جو لاہور کے جنوب مشرق میں تقریباً 30 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے یہ تاریخی دیہات ڈی ایچ اے کے درمیان آنے کے باوجود آج بھی زرعی زمینوں وفارمز کا حصہ ہے اس گاؤں میں تقسیمِ ہند سے قبل بہت سے سکھ خاندان آباد تھے یہاں تاریخی حویلیاں اور ایک گوردوارہ آج بھی ماضی کی یاد دلاتے ہیں گوردوارے کا نقش ونگار تقریباً مٹ چکا ہے مجھے ملک کفایت اعوان نے اپنے گاؤں کرباٹھ آنے کی دعوت دی اور ساتھ میں یہ دعویٰ بھی کیا کہ ایسا دیسی ککڑ کھلاؤنگا جو پورے لاہور میں کہیں نہیں ملے گا میں نے ان سے وعدہ کرلیا کہ اتوار والے دن ریڈیو پر اپنا پروگرام ختم کرنے کے بعد سیدھا آپ طرف چل پڑونگا اتوار کی صبح لاہور میں شدید بارش شروع ہوگئی لیکن پروگرام کے ختم ہونے سے پہلے بارش رک گئی میرے ریڈیو پروگرام میں لاہور مال روڈ کے صدر اور معروف کشمیری رہنما فاروق آزاد اور ساتھ میں لئیق خان بطور مہمان شامل تھے 2 گھنٹے ریڈیو پر گپ شپ لگانے کے بعد محکمہ اطلاعات گوجرانوالہ کے ڈائریکٹر ذوالفقار علی اور میں کرباٹھ پنڈ کی طرف روانہ ہوگئے بھٹہ چوک کے بعد بیدیاں روڈ پر کہیں کہیں بارش کا پانی بہت زیادہ تھا اس تاریخی چھوٹی سڑک پر ٹریفک بھی بہت زیادہ تھی ایک تو ڈی ایچ اے کا رش دوسرا اس طرف ہاؤسنگ کالونیوں کا اس طرف حکومت کی کوئی توجہ نہیں حالانکہ شہباز شریف صاحب اسی علاقہ سے جیت کر وزیر اعظم پاکستان بنے ہیں اس علاقہ کو تو مثالی ہونا چاہیے تھا اور کچھ نہیں تو بیدیاں روڈ کو کھلی کر کے ڈبل کر دیا جاتا بات پھر سیاسی ہوتی جا رہی ہے میں اور ذوالفقار تقریباً 45 منٹ میں کرباٹھ گاؤں ملک صاحب کے گھر پہنچ گئے جہاں ملک صاحب اپنے روایتی خوبصورت پنجابی انداز میں ملے پھر وہ اپنے ڈیرہ پر لے گئے جہاں انکے کزن عمران، شجر اور انکے دوست بھی موجود تھے اور پھر خوب محفل جمی ملک کفایت اعوان نے شاعری کا رنگ بکھیرا تو سماں بندھ گیا ویسے تو پنجابی زبان کی مہک دنیا کی ہر زبان سے وکھری ہے اور اپنی ماں بولی کو جن لوگوں نے اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا ان میں ملک کفایت اعوان کا نام بڑے مان سے لیا جا سکتا ہے ملک صاحب کی شاعری میں کوئی بناوٹ نہیں، کوئی تصنع نہیں انکی نظم، انکی غزل اور انکی سوچ یہ بتاتی ہے کہ یہ شاعر کاغذ قلم کے ساتھ نہیں بلکہ دل اور دھرتی کو ملا کے لکھتا ہے کفایت اعوان کی شاعری صرف محبوب اور عشق تک محدود نہیں بلکہ وہ غریب، مظلوم، محنت کش اور ہاری کی زبان بولتے ہیں وہ معاشرے کی منافقت کو بے نقاب بھی کرتے ہیں ملک کفایت اعوان کا کمال یہ بھی ہے کہ وہ پرانے لوک ورثے کو نئے رنگوں میں ڈھال رہے ہیں ملک کفایت اعوان جیسے شاعر پنجابی ادب کا سرمایہ ہیں پنجابی زبان صرف ایک ذریعہ اظہار نہیں بلکہ دلوں کی بولی، جذبات کی لہک، سانسوں کی مہک اور دھرتی ماں کا لمس ہے کفایت اعوان کی پنجابی شاعری میں وہ دیہی سچائی، خلوص اور مٹی کی خوشبو ہے جسے پڑھ اور سن کر ایسا لگتا ہے جیسے کسی پرانی بیٹھک میں بیٹھ کر لالٹین کی روشنی میں دلوں کے راز سن رہے ہیں ملک صاحب کے اشعار میں "تکلف" یا "ادبی نمائش" نہیں بلکہ زندگی کی سادہ، کڑوی اور میٹھی حقیقتیں ہیں ان کی شاعری وہ نہیں جو صرف کتاب میں قید ہو بلکہ وہ ہے جو لوگوں کی زندگی کا عکس ہے کفایت اعوان کی شاعری کا کمال یہ بھی ہے جو لوگوں کی زندگی کا عکس ہے کفایت اعوان کی شاعری کا کمال یہ بھی ہے جو لوگوں کی زندگی کا عکس ہے کفایت اعوان کی شاعری کا کمال یہ بھی ہے کہ وہ عشق کو صرف محبوب تک محدود نہیں رکھتے وہ دھرتی، رب، رزق، حق اور سماج سے بھی عشق کرتے ہیں وہ پنجاب کے دکھ کو، ہاری کی بھوک کو اور مظلوم کی آہ کو لفظوں کا لباس پہنا دیتے ہیں ان کے اشعار بنا شکوہ کیے، بنا نفرت پیدا کیے تلخی کو محبت کے رنگ میں رنگے نظر آتے ہیں ان کے اشعار بنا شکوہ کیے، بنا نفرت پیدا کیے تلخی کو محبت کے رنگ میں رنگے نظر آتے ہیں ملک کفایت اعوان کی شاعری کا سب سے بڑا حسن زبان کی روانی ہے وہ نہ صرف پنجابی کی مٹھاس برقرار رکھتے ہیں بلکہ قدیم پنجابی محاورے، روزمرہ اور ضرب الامثال کو بڑے فن سے استعمال کرتے ہیں ملک صاحب کی شاعری نہ صرف پرانی لوک روایتوں سے جڑی ہے بلکہ وہ نئی نسل کے لیے ایک راہ بھی کھولتے ہیں ملک کفایت اعوان کی شاعری وہ آئینہ ہے جس میں پنجاب اپنی اصل صورت میں دکھائی دیتا ہے ملک کفایت اعوان کی شاعری کی چار کتابیں تیری یاد کا ٹھنڈا چاند، ہنجو تیری آکھ دا، یہ میری گمنام محبت اور آوارہ ہوائیں چھپ چکی ہیں جبکہ تین کتابیں سولی ٹنگے خواب، سہی چپ اور تشنہ روی چھپنے کے مراحل میں ہیں ملک صاحب کی بیٹھک میں پر تکلف اور لذیز کھانے کے بعد محفل یاراں سج گئی جہاں ملک کفایت اعوان نے اپنے خوبصورت انداز میں اپنا کلام سنایا ان خوبصورت مناظر کو کیمرے کی آنکھ میں محفوظ کر لیا تا کہہ ہمیشہ یاد رہے انکی ایک نظم اپنے پڑھنے والوں کی نظر کرتا ہوں تا کہ وہ بھی خوبصورت پنجابی شاعری سے لطف اٹھائیں

لوڑاں ہتھوں پیچے ہوئے اپنے لیکھوں ہارے لوگ
چارے پاسے دکھ ای دکھ نیں کدھر جان وچارے لوگ
سسی وانگوں تھلاں دے وچ میری جندڑی رل گئی اے
یار بلو چا تیری خاطر بھلیا رب وسالے لوگ
نہ چکھیاں ایہ مٹھے لگدے نہ تھکیاں کوڑے نیں
کلر کھادی دھرتی اتے وسن سارے کھارے لوگ
غرضاں ایناں ستا کر دیتا ہے اج انساناں نوں
گلیاں دے وچ شیواں وانگوں وکدے پھرن ادھارے لوگ
ادھی راتیں اساناں تے تارے ویکھ کے سوچدا واں
سوہنے رب نے دھرتی اتے آخر کنج کھلارے لوگ
کنج سمجھاواں پاگل دل نوں دل نوں کنج سمجھاواں میں
بے اعتبارے سانواں وانگوں ملدے بے اعتبارے لوگ
سانوں پتہ اے کہڑا کی اے، کہڑا کی اے، کہڑا کی
پانی پا پا چھانئی دے وچ اساں وی نت نتارے لوگ
من لوتے چھتاں نہیں جے لاشے نیں انساں دے
غور کرو تے کنداں دی تھاں لوکاں اج اتارے لوگ

ملک کفایت اعوان کے یہ اشعار کسی بڑے لٹریری جریدے کے لیے نہیں بلکہ کسی ماں کے ہاتھ کے پکے کھانے، کسی مزدور کے پسینے اور کسی عاشق کی بھیگی ہوئی آنکھوں کی زبان ہے

میثاق جمہوریت

تحریر؛ الیاس گجر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے تحت آل پارٹیز کانفرنس نے تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان قومی مکالمے اور نئے میثاق جمہوریت کا مطالبہ کیا ہے۔ دو روزہ کانفرنس کے اختتام پر جاری ہونے والے اعلامیہ میں ملک میں انسانی حقوق اور جمہوری صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعدد مطالبات کیے گئے ہیں۔ البتہ بین الجماعتی مکالمہ اور ملک کے جمہوری نظام کے لیے چند اصولوں پر اتفاق رائے کے بارے میں تجویز سب سے اہم ہے جس پر عمل درآمد ضروری ہے۔ تاہم اس نام نہاد آل پارٹیز کانفرنس میں شامل پارٹیاں یہ واضح کرنے میں ناکام رہی ہیں کہ اگر ان کے اعلامیے میں شامل نکات کسی مطالبہ یا الٹی میٹم کی حیثیت رکھتے ہیں تو حکومت میں شامل یا اس کی حمایت کرنے والی پارٹیوں کے ساتھ مکالمہ کن نکات پر ہوگا۔ درحقیقت یہ کانفرنس احتجاج اور مکالمہ ومفاہمت میں فرق کرنے اور اپنا نقطہ نظر واضح طور سے سامنے لانے میں ناکام رہی ہے۔ اگر تحریک تحفظ آئین پاکستان کی اس اے پی سی کے اعلامیہ میں یہ واضح کیا جاتا کہ تحریک انصاف نے 5 اگست سے جس ملک گیر احتجاج کی کال دی ہوئی ہے، اسے واپس لیا جا رہا ہے اور ملک کی تبدیل شدہ سیاسی، سماجی اور سکیورٹی کی صورت حال میں تمام سیاسی پارٹیوں کو مل بیٹھ کر بات کرنے اور معاملات حل کرنے کے لیے ویسے ہی میثاق پر متفق ہونے کی دعوت دی جاتی ہے، جیسا معاہدہ 2006 میں میاں نواز شریف اور بے نظیر بھٹو کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان ہوا تھا۔ البتہ دیکھا جا سکتا ہے کہ تمام سیاسی پارٹیوں کو بنیادی آئینی حقوق، خود مختار عدلیہ اور آزاد میڈیا کے اصولوں پر اتفاق رائے کے لیے بات چیت کا مشورہ بھی ایک مطالبے کی صورت میں کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اس اعلامیہ میں وہ تمام مطالبات شامل ہیں جو تحریک انصاف کی طرف سے اقتدار سے محرومی کے بعد تسلسل سے کیے جا رہے ہیں۔ اب اب یہ مطالبات منوانے کے لیے تحریک انصاف 5 اگست سے ملک بھر میں بھرپور احتجاج شروع کرنے کا اعلان کر چکی ہے۔ احتجاج کی اس دھمکی کی موجودگی میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے لیڈروں کو یہ امید نہیں کرنی چاہیے کہ حکومت یا اس میں شامل جماعتیں اپوزیشن کے ساتھ مل بیٹھیں گی اور ان کی 'ہدایات' کے مطابق معاملات طے کیے جائیں گے۔ گزشتہ سال تحریک تحفظ آئین پاکستان کے نام سے جو سیاسی اتحاد قائم کیا گیا تھا، اس کی قیادت پختون خوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی کے پاس ہے لیکن اس اتحاد کے بارے میں فیصلے کرنے کا سارا اختیار اڈیالہ جیل میں مقید عمران خان کے ہاتھ میں ہے۔ یوں بھی اس اتحاد میں جو جماعتیں شامل ہیں، ان میں تحریک انصاف کے سوا کوئی بھی درحقیقت باقاعدہ سیاسی پارٹی نہیں ہے اور نہ ہی اسے عوامی سطح پر کوئی حمایت حاصل ہے۔ تحریک انصاف کے علاوہ سنی اتحاد کونسل اور مجلس وحدت المسلمین کے لیڈر تو ویسے ہی عمران خان کے دیرینہ حلیف ہیں۔ اس کے علاوہ سندھ کا گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس، پختون خوا ملی عوامی پارٹی اور شاہد خاقان عباسی کی نئی نویلی عوام پاکستان پارٹی اس اتحاد میں شامل ہیں۔ ان میں سے بیشتر جماعتیں کسی اسمبلی کی ایک آدھ سے زیادہ نشستیں جیتنے کی صلاحیت نہیں رکھتیں۔ سنی اتحاد کونسل کے سربراہ نے گزشتہ انتخابات میں اپنی پارٹی کی بجائے آزاد امیدوار کے طور پر انتخاب میں حصہ لیا تھا۔ اسی سے اس پارٹی کی حیثیت واہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

ملک میں یقیناً سیاسی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ عدالتوں سے لے کر میڈیا پر عائد پابندیوں کے حوالے سے عام طور سے تحفظات کا اظہار سامنے آتا رہتا ہے۔ ہر ذمہ دار شہری بنیادی انسانی حقوق کی حفاظت کا خواہاں ہے اور چاہتا ہے کہ ملک کے آئین پر اس کی روح کے مطابق عمل ہو۔ تاہم یہ اصولی باتیں ہیں۔ اگر سب جماعتیں یا سیاسی لیڈر اپنے اپنے طور پر ان اصولوں یا آئین کی توجیہ کرتے ہوئے، اسے ہی نافذ کرنے کا مطالبہ کریں گے تو اس میں مکالمہ اور ایک دوسرے کی بات سن کر کسی نتیجہ تک پہنچنے کا اصول ختم ہو جائے گا۔ اور ہر پارٹی یا لیڈر اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد سے 'اذان' بلند کرنے پر اصرار کرتا رہے گا۔ یہ کام تو حکومت میں شامل پارٹیاں بھی کر رہی ہیں۔ پھر حکومت اور اپوزیشن کے رویہ میں کیا فرق باقی رہ جاتا ہے؟

تحریک تحفظ آئین پاکستان کی آل پارٹی کانفرنس کے اعلامیہ میں جو نکات بھی شامل کیے گئے ہیں، وہ ایک سیاسی بیانیہ ہیں۔ اس سیاسی بیانیہ کی بنیاد پر تحریک انصاف اپنی چند حامی سیاسی جماعتوں کے ساتھ تحریک چلانے اور حکومت کا تختہ الٹنے کی خواہش کا اظہار کرتی رہتی ہے۔ البتہ اگر اب ان پارٹیوں نے اس رویہ کو تبدیل کر کے یہ قیاس کیا ہے کہ باہم مل بیٹھ کر ملک کی بہتری اور اس میں آباد عوام کی بہبود کے لیے اتفاق رائے کیا جائے تو یہ ایک خوش آئند تصور ہے۔ لیکن ایسی صورت میں ان پارٹیوں کو نئے میثاق جمہوریت کے لیے سب پارٹیوں کو ساتھ ملانے کی عملی کوشش کرنی چاہیے تھی۔ حکومت میں شامل جماعتوں کو خارج کر کے میثاق جمہوریت کی بات کرنا سیاسی ہتھکنڈا تو ہو سکتا ہے لیکن اسے وسیع تر قومی مقصد کے حصول کا ایجنڈا کہنا مشکل ہوگا۔ اول تو یہ میثاق جمہوریت کے بارے میں مشورہ یا تجویز، مطالبے کی بجائے ایک ضرورت کے طور پر پیش کرنا چاہیے تھا۔ اگر چند اپوزیشن پارٹیوں کا اتحاد نام تو میثاق جمہوریت پر اتفاق رائے کا لے گا لیکن اس کے بعد عمران خان کی رہائی کس مطالبہ کرنے کے علاوہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججوں کو 'قومی ہیرو' کا درجہ دینے پر اصرار کرے گا تو اس بیان کو باقی ماندہ بیانات سے زیادہ کوئی اہمیت حاصل نہیں ہو سکتی۔

بہتر ہوتا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کی اے پی سی نئے مشترکہ اعلامیہ پر عرق ریزی کرنے اور علاقائی وقومی مسائل سے لے کر بین الملکی معاملات میں سفارتی اہمیت کے نکات شامل کرنے کی بجائے، ایک قرارداد کی صورت میں 2006 میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے مابین طے پانے والے میثاق جمہوریت کی توثیق کرتی۔ اور واضح کیا جاتا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان میں شامل تمام پارٹیاں اس میثاق میں شامل نکات سے اتفاق کرتی ہیں اور نئے سیاسی حالات اور نئی آئینی الجھنوں کی بنا پر پیدا ہونے والی صورت حال میں تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتی ہیں کہ وہ مل بیٹھیں اور میثاق جمہوریت۔ 2 پر اتفاق کیا جائے۔ تاکہ آئینی حکمرانی کے لیے ایک نئی اور جامع دستاویز کو رہنما اصول مان لیا جائے۔ اس کے بعد یہ تجویز دینے والی پارٹیاں ملک کی چھوٹی بڑی تمام سیاسی جماعتوں سے رابطہ کر کے انہیں اس مقصد کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کی کوشش کریں تاکہ میثاق جمہوریت کا خواب پایہ تکمیل پہنچ سکتا۔ اس کے ساتھ ہی اتحاد میں شامل تحریک انصاف کو مشورہ دیا جاتا کہ موجودہ حالات میں احتجاج کے ذریعے سیاسی ماحول خراب کرنے کی بجائے مل بیٹھ کر بات کرنے کا ماحول پیدا کیا جائے۔

کارل ینگ کی حیات اور نظریات

تحریر: ڈاکٹر خالد سہیل

ہمادلاور کا خط

محترم ڈاکٹر خالد سہیل صاحب،

آداب،

اس امید کے ساتھ کہ آپ کا دل، قلم اور خیال سلامت ہوں، اور زندگی کے ساحل پر آپ کا فکری چراغ روشن ہو۔

آج میں آپ کو ایک ایسے سوال کے ساتھ خط لکھ رہی ہوں جو میرے اندر صوفی کی طرح جاگا ہے، اور شاعر کی طرح بولنے لگا ہے۔

یونگ کی دنیا میں کچھ دن گزارے، تو محسوس ہوا کہ ہم صرف جسم، زبان یا عقل نہیں۔ بلکہ عکس، سایہ، خواب اور خامشی بھی ہیں۔

وہ کہتا ہے، ہر مرد کے اندر ایک عورت بولتی ہے۔ انیما کی صورت،

اور ہر عورت کے اندر ایک مرد جاگتا ہے۔ انیمس کی صورت۔

یہ کون سی آوازیں ہیں جو ہمیں ہماری ظاہری شناخت سے آگے لے جاتی ہیں؟

کیا یہ خوابوں کی مخلوق ہے، یا ہمارے دل کی پوشیدہ حقیقت؟

آپ سے، جو انسانی نفسیات کو روحانی جمال کے ساتھ سمجھتے ہیں، کچھ سیکھنے کی خواہش ہے:

1۔ یونگ کے اجتماعی لاشعور میں انیما اور انیمس کا جو مقام ہے، وہ آپ کی نظر میں کیسا ہے؟

2۔ کیا یہ اندر کے نسوانی و مردانہ عکس ہمیں مکمل بناتے ہیں، یا ہمیں آئینہ دکھاتے ہیں؟

3۔ اور کیا آج کے اس شور زدہ، بے ربط دور میں بھی یہ داخلی آوازیں ہمیں خود سے جوڑ سکتی ہیں؟

ڈاکٹر صاحب، آپ کی تحریریں۔ خواہ وہ نثر ہوں یا مکالمہ۔ ہمیشہ ایک اندرونی دروازہ کھولتی ہیں۔ اگر آپ چند لفظوں میں بھی روشنی ڈال سکیں تو میرے سوالوں کے اندھیرے کچھ کم ہو جائیں گے۔

یہ خط شاید سوال ہے، یا شاید خود سے ملاقات کی ایک کوشش۔

شکریہ کہ آپ جیسا کوئی ہماری زبان، تہذیب اور فکر میں موجود ہے۔ خلوص و احترام کے ساتھ

ہمادلاور

ڈاکٹر خالد سہیل کا جواب

محترمہ و معظمہ و مکرمہ ہمادلاور صاحبہ!

یہ میری خوش بختی کہ آپ جیسی شاعر اور دانشور میرے کالم شوق سے پڑھتی ہیں اور مجھے ادبی محبت نامے لکھتی ہیں۔ آپ نے جو مختصر لیکن مشکل سوال پوچھے ہیں انہیں پڑھ کر مجھے اپنی ایک مختصر نظم یاد آ گئی ہے

اندیشہ

باہر کے اس شور میں خالد
مجھ کو ڈر ہے
اندر کی موسیقی اک دن
مر جائے گی

آپ کے کارل ینگ اور ان کے نظریات کے بارے میں سوال تفصیلی جواب کے متقاضی ہیں اس لیے میں نے چار کالم لکھے ہیں۔ امید ہے پسند آئیں گے۔ پہلا کالم حاضر ہے۔

آپ کی شخصیت اور شاعری کا مداح

خالد سہیل

کارل ینگ کے بارے میں جوزف کیمبل کے سوانحی خاکے کا ترجمہ اور تلخیص

کارل ینگ، جو بیسویں صدی کے ایک مشہور اور مقبول ماہر نفسیات تھے، 26 جولائی 1875 کو سوئٹزرلینڈ کے اس شہر کیسول میں پیدا ہوئے جو کونسٹینس جھیل کے کنارے واقع تھا۔ ینگ کا نام ان کے نانا ڈاکٹر کارل گستاو؟ ینگ کے نام پر رکھا گیا تھا جنہوں نے اٹھارہ سو بائیس 1822 میں جرمنی سے سوئٹزرلینڈ اس لیے ہجرت کی تھی کیونکہ انہیں بیزل یونیورسٹی میں سرجری کے پروفیسر کا عہدہ سونپا گیا تھا۔ ینگ کے والد جوہن شہر کے ایک معزز پادری تھے اور ان کی والدہ ایمیلی ایک متمول خاندان کی چشم و چراغ تھیں۔

بچپن میں ینگ کے والد انہیں لاطینی زبان سکھاتے تھے اور ان کی والدہ انہیں تصویروں بھری لوک ورثہ کی ایک کتاب سے ساری دنیا کی اساطیری کہانیاں پڑھ کر سناتی تھیں۔ ینگ کو شروع سے ہی ہندو دیوتاو؟ں کی تصویریں بہت پسند تھیں۔

جب ینگ جوان ہوئے اور انہوں نے اساطیری کہانیوں کا گہرائی سے تفصیلی مطالعہ کیا۔ تو انہیں یہ جان کر بہت حیرت ہوئی کہ ان کے ہم جماعتوں کو ان کہانیوں میں کوئی دلچسپی نہ تھی۔

ینگ کو نوجوانی میں ادب اور فلسفے سے بھی کافی رغبت تھی اسی لیے انہوں نے گوئٹے، شوپنہار اور نیٹشے کی تخلیقات کا بڑے ذوق وشوق سے مطالعہ کیا۔

ینگ نے اپنے نانا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے لیے طب کے پیشے کا انتخاب کیا اور یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا۔ میڈیکل سکول کی تعلیم کے دوران انہیں کرافٹ ایبنگ کی نفسیات کی کتاب پڑھنے کا موقع ملا جس کے بعد انہوں نے ماہر نفسیات بننے کا فیصلہ کیا۔

طالب علمی کے زمانے میں انہیں ایسی محفلوں میں جانے کا اتفاق ہوا جہاں ایک جوان عورت میڈیم MEDIUM بن کر روحوں سے بات کرتی تھی۔ ان مشاہدات کے بعد ینگ کی نفسیات کے ساتھ ساتھ روحانیات میں بھی دلچسپی بڑھنے لگی اور وہ روحانیات اور نفسیات کے پراسرار رشتے پر سنجیدگی سے غور کرنے لگے۔

میڈیکل کالج سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد سنہ 1900 میں انہوں نے زیورک میں اس دور کے مشہور ماہر نفسیات یوجین بلائلر کے ساتھ کام کرنا شروع کیا۔ بلائلر سے ینگ نے بہت کچھ سیکھا جس کا وہ ساری عمر اعتراف کرتے رہے۔ وہ بلائلر کو نفسیات کی روایت میں اپنا پہلا استاد مانتے تھے۔

سنہ 1902 میں ینگ نے روحانی تجربات کی نفسیات پر اپنا مقالہ لکھ کر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

ینگ نے جب اپنے نفسیاتی مریضوں کا علاج شروع کیا تو ان کی دلچسپی انسانی لاشعور میں بڑھتی چلی گئی کیونکہ انہیں اندازہ ہوا کہ نفسیاتی مسائل میں انسانی لاشعور کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔

ینگ نے اپنے مریضوں کے لاشعور تک رسائی کے لیے ایک ٹیسٹ وضع کیا اور اسے ASSOCIATIONWORD TEST کا نام دیا۔ اس ٹیسٹ میں وہ مریض کو ایک اہم لفظ دیتے تھے جیسے

ماں یا محبت یا حسد

اور مریض سے کہتے تھے کہ وہ لفظ سننے کے بعد جو لفظ بھی ذہن میں آئے وہ کہہ دے۔ مریض کے جواب سے ینگ کو اس کے لاشعوری تضاد کا پتہ چل جاتا تھا۔ وہ الفاظ مریض کے لاشعور میں چھپے تضادات کو شعور کی سطح پر لے آتے تھے جو ینگ کو مریضہ کے علاج میں مدد

سندھ حکومت: سیلاب متاثرین

تحریر؛ شان مجتبیٰ گجر

باہر سے سبز جبکہ اندر سے لیموں کی طرح نظر آنے والا یہ پھل اپنے ن درصحت بخش اجزاء کے ساتھ کئی بیماریوں کے لیے شفا رکھتا ہے۔ جہاں تک اس کے ذائقے کی بات ہے تو وہ میٹھا ہوتا ہے البتہ کبھی کبھار اس کا ذائقہ قدرے کڑوا معلوم ہوتا ہے۔ یہ مختلف بیماریوں سے لڑنے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتا ہے۔ اس میں کیلشیم، کاپر، آئرن، فاسفورس اور پوٹاشیم کی وافر مقدار پائے جاتے ہیں جبکہ وٹامن سی اس کا بنیادی جز ہے۔ یہ حیرت انگیز پھل جسم میں پانی کی کمی نہیں ہونے دیتا، اس کا رس وزن کم کرنے کے لئے بہترین تصور کیا جاتا ہے۔ جانتے ہیں کہ یہ کس طرح آپ کو مختلف بیماریوں سے تحفظ دے کر آپ کی صحت بحال رکھتا ہے۔

بخار کے لیے مؤثر

بخار میں اس کا استعمال کسی مسیحا سے کم نہیں۔ اس میں بخار سے لڑنے والا جز قوکینن پایا جاتا ہے جو ان تمام ادویات میں موجود ہوتا ہے جو بخار کی صورت میں طبی ماہرین تجویز کرتے ہیں۔ اس لئے بخار کی صورت میں اس کا استعمال بخار کی شدت کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یرقان میں بے حد مفید

مٹھا جگر کے افعام کو بہتر کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے اور یرقان کا تعلق جگر کے امراض سے ہے یہی وجہ اکثر اطباء حضرات یرقان میں مٹھے کھانے کا مشورہ دیتے ہیں اگر آپ اس بیماری میں مبتلا ہیں تو اپنے معالج کے مشورے سے اسے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ تاثیر میں ٹھنڈا ہے تو ایسے افراد جنہیں جگر کی گرمی کی وجہ ہتھیلیوں اور پیروں کے تلوؤں میں جلن کی شکایت رہتی ہے، مٹھے کھانے سے ان کی یہ کیفیات دور ہو سکتی ہے۔

پیٹ کے السر میں کارآمد

یہ اپنی پی ایچ ویلیو کی بنا پر پیٹ کے السر میں آرام دیتا ہے یہ اینٹی کارسینوجینک اور فاسد مادوں کے اخراج کی خواص کی بدولت آنتوں کے زخم کو جلد مندمل کرنے مدد فراہم کرتا ہے۔

گردوں کے امراض سے تحفظ

مٹھے کا باقاعدہ استعمال گردوں سے فاسد مادوں کے اخراج میں مدد کرتا ہے اس طرح یہ گردوں میں پتھری بننے کے عمل کی روک تھام کرتا ہے۔

بہتر دماغی صحت

اس میں موجود فلیونائیڈ بڑھتی عمر میں ہونے والی بیماری جیسے الزائمر سے تحافظ دیتا ہے اور انسان جسم کے ساتھ ذہنی طور بھی صحت مند رہتا ہے۔

قوت مدافعت بڑھائے

اینٹی آکسیڈینٹ سے بھ

انٹرنیشنل

پولش انتہائی دائیں بازو کے Konfederacja اتحاد کے حامی اور فٹ بال کے شائقین وارسا میں امیگریشن مخالف مظاہرے میں حصہ لے رہے ہیں

پیرس میں 50 سال سے اخبار بیچنے والے پاکستانی کو فرانس کا اعلیٰ سول اعزاز دینے کا اعلان

پیرس (این این آئی) پیرس کی سڑکوں پر 50 سال سے زائد عرصے سے اخبار فروخت کرنے والے پاکستانی نژاد علی اکبر کو فرانس کا اعلیٰ سول اعزاز دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق 72 سال کے علی اکبر پیرس کے آخری اخبار فروش کے طور پر جانے جاتے ہیں جو اب بھی سڑکوں پر اخبار بیچتے ہیں۔ علی اکبر کا تعلق راولپنڈی سے ہے، وہ 1973 میں فرانس آئے تھے اور اخبار بیچنا شروع کیا تھا۔ تاہم اب فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کی جانب سے ستمبر میں علی اکبر کو ''نیشنل آرڈر آف میرٹ'' کے اعزاز سے نوازا جائے گا۔

ٹوکیو، جاپان میں ایک گرم دن میں چھتریوں کے ساتھ پیدل چلنے والے ریل کی پٹڑی کو عبور کرتے ہوئے پس منظر میں گرمی کا دھند نظر آرہا ہے

گودی میڈیا نے ٹرمپ کو ذہنی مریض، خود پسند اور نااہل قرار دینا شروع کر دیا

ٹرمپ کی جانب سے بھارت پر مزید ٹیرف لگانے کا عندیہ دیے جانے کے بعد گودی میڈیا بوکھلاہٹ کا شکار

نئی دہلی (این این آئی) امریکی صدر کی جانب سے بھارت پر مزید ٹیرف لگانے کا عندیہ دیے جانے کے بعد گودی میڈیا بوکھلاہٹ کا شکار ہوگیا جب کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی بھارت کے خلاف سخت معاشی پالیسیوں پر بھارتی میڈیا نے شدید ردعمل دیا۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ بھارت تجارتی تعلقات میں دراڑ، گودی میڈیا نے امریکی صدر کو آڑے ہاتھوں لیا، بھارتی میڈیا نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت پر نمایاں طور پر زیادہ ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا نے کہا کہ امریکی صدر پر سخت تنقید وہ بے شرمی سے خود پسندی میں ڈوبا ہوا ہے، ٹرمپ کو نااہل قرار دینے کی بے شمار وجوہات ہیں۔ بھارتی میڈیا نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کا نفسیاتی تجزیہ کرنا آج دنیا بھر میں ایک ابھرتا ہوا کاروبار بن چکا ہے۔ ٹرمپ کے بیان نے مودی میڈیا کی خود ساختہ شان کو خاک میں ملا دیا، بھارت پر اضافی ٹیرف کے اعلان نے مودی کی ناقص معاشی پالیسیوں کا پول کھول دیا۔ دنیا کی تیسری بڑی نام نہاد معیشت بننے کا دعوے دار بھارت امریکی ٹیرف وار برداشت نہ کر سکا، مودی کی سفارتی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے والا گودی میڈیا آج بھارت کی عالمی رسوائی کا سبب بن گیا۔ گودی میڈیا نے ٹرمپ کو ذہنی مریض، خود پسند اور نااہل قرار دینا شروع کر دیا، امریکی صدر نے مودی سرکار کی جھوٹی معاشی برتری کا پردہ چاک کر دیا۔ ٹرمپ کی جانب سے بھارت پر مزید ٹیرف لگانے کا عندیہ دیے جانے کے بعد گودی میڈیا بوکھلاہٹ کا شکار

روسی صدر پیوٹن کا بڑا اقدم، روس نے خطرناک ہتھیاروں پر پابندی ختم کر دی

امریکا نے آئی این ایف معاہدے سے 2019 کے اوائل میں یکطرفہ نکلنے کا اعلان کیا تھا، معاہدے کی مدت 2 اگست 2019 کو ختم ہو چکی ہے

سابق سوویت یونین کے لیڈر میخائل گورباچوف اور سابق امریکی صدر رونالڈ ریگن نے 1987 میں آئی این ایف معاہدے پر دستخط کیے تھے

ماسکو (این این آئی) روس نے واضح کر دیا ہے کہ وہ اب زمین سے درمیانے اور کم فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک اور کروز میزائلوں کی تیاری، جانچ اور تعیناتی پر کسی پابندی کا پابند نہیں ہے۔ یہ فیصلہ انٹرمیڈیٹ رینج نیوکلیئر فورسز (INF) معاہدے کے تحت عائد خود ساختہ پابندیوں سے مکمل دستبرداری کی علامت ہے۔ تفصیلات کے مطابق روس نے واضح کیا ہے کہ وہ زمین سے درمیانے اور کم فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کی تعیناتی پر حدود کے تعین کا مزید پابند نہیں ہے۔ روس کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ روس کے مطالبات کے باوجود نیٹو کی جانب سے اس معاہدے کی پابندی کی یقین دہانی نہیں کرائی جارہی۔ روسی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ ماسکو نے واشنگٹن کو اس معاملے پر بارہا خبردار کیا تھا مگر تمام انتباہ نظر انداز کر دیے گئے۔ روسی وزارت خارجہ نے دعویٰ کیا کہ امریکی ساختہ ایسے میزائل یورپ اور ایشیا و بحرالکاہل میں تعینات کرنے کی صورتحال پیدا کی جارہی ہے۔ انٹرمیڈیٹ رینج نیوکلیئر فورس ٹریٹی یعنی آئی این ایف معاہدے کے تحت فریقین اس بات کے پابند ہیں کہ وہ زمین سے درمیانے اور کم فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک اور کروز میزائل نہ تیار کر سکتے ہیں نہ ان کی جانچ کی جاسکتی ہے۔ ساتھ ہی ایسے میزائل تعینات بھی کیے جاسکتے۔ درمیانے فاصلے کے میزائلوں کی رینج ایک ہزار ایک کلومیٹر سے 5 ہزار 500 کلومیٹر ہے جبکہ کم فاصلے کے میزائلوں کی رینج 500 سے ایک ہزار کلومیٹر ہے۔ معاہدے پر دستخط کرنے والے ممالک ان میزائلوں کے لانچرز بھی تیار نہیں کر سکتے۔ روسی وزارت خارجہ کے مطابق وہ حالات تبدیل کر دیے گئے ہیں جن میں ایسے ہتھیاروں کی تعیناتی سے متعلق یکطرفہ معطلی برقرار رکھی جاسکتی تھی۔ اس لیے اب یہ اعلان کیا جاسکتا ہے کہ روسی فیڈریشن ماضی میں خود پر لگائی گئی پابندیوں پر عمل سے متعلق خود کو مزید پابند محسوس نہیں کرتی۔ روسی وزارت خارجہ نے خبردار کیا کہ ملکی قیادت مناسب جوابی اقدامات کا فیصلہ کرے گی جس کا انحصار امریکی اور دیگر مغربی ممالک کے درمیانے درجے کے میزائلوں کی تعیناتی کی تعداد پر ہوگا۔ یہ فیصلہ اس بات پر بھی منحصر ہوگا کہ عالمی سلامتی اور اسٹریٹیجک استحکام کیلئے عمومی صورتحال کیا بنتی ہے۔ روسی وزارت خارجہ کے مطابق مغربی ممالک ایسے اقدامات کر رہے ہیں جن کے نتیجے میں روس سے ملحق علاقوں میں میزائلوں کی تعیناتی کا امکان ہے جس کی وجہ سے روس کو براہ راست خطرات لاحق ہیں۔ روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے پچھلے سال سلامتی کونسل کو بتایا تھا کہ امریکا نہ صرف میڈیم اور شارٹ رینج کے زمین سے مار کرنے والے میزائل نہ صرف بنا رہا ہے بلکہ انہیں مشقوں کیلئے ڈنمارک اور فلپائن بھی لایا گیا ہے۔ یہ واضح نہیں کہ وہ میزائل وہاں سے واپس لیجائے گئے یا نہیں۔ روسی میڈیا کے مطابق امریکا نے آئی این ایف معاہدے سے سن 2019 کے اوائل میں یکطرفہ نکلنے کا اعلان کیا تھا اور معاہدے کی مدت 2 اگست سن 2019 کو ختم ہو چکی ہے۔ یاد رہیکہ سابق سوویت یونین کے لیڈر میخائل گورباچوف اور سابق امریکی صدر رونالڈ ریگن نے 1987 میں آئی این ایف معاہدے پر دستخط کیے تھے۔

اسرائیل کے غزہ پر وحشیانہ حملے، امداد کے منتظر 36 افراد سمیت مزید 74 فلسطینی شہید

7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت سے 60 ہزار 839 افراد شہید جبکہ ایک لاکھ 9 ہزار 588 افراد زخمی ہو چکے ہیں

غزہ (این این آئی) اسرائیل کی غزہ میں امداد لینے آئے کمزور و بے بس فلسطینیوں پر وحشیانہ فائرنگ اور پناہ گزین کیمپوں پر بھی بمباری سے مزید 74 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پیر کو اسرائیلی فوج کی جانب سے غزہ میں امداد کیلئے کھڑے بے بس فلسطینیوں پر فائرنگ کی گئی جبکہ پناہ گزین کیمپوں پر بمباری بھی ہوئی۔ غزہ پر اسرائیلی حملوں میں پیر کی صبح سے اب تک 74 سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جن میں 36 امداد کے متلاشی افراد بھی شامل ہیں۔ اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیلی بمباری اور امداد کی کمی کے باعث روزانہ 28 بچے جان سے جارہے ہیں۔ ادھر حماس نے کہا ہے کہ اگر اسرائیل غزہ کے تمام شہریوں تک امداد پہنچانے کے لیے انسانی راہداریوں کو کھول دے تو وہ بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی (ICRC) کو غزہ میں موجود اسرائیلی قیدیوں تک امداد پہنچانے کی اجازت دینے کے لیے تیار ہے۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت سے غزہ میں اب تک 60 ہزار 839 افراد شہید جبکہ ایک لاکھ 49 ہزار 588 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ ترک میڈیا کے مطابق غزہ میں ہر گزرتا لمحہ ایک اور فلسطینی بچے کی جان لے رہا ہے۔ 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی بمباری اور محاصرے کے نتیجے میں اب تک 18 ہزار 592 فلسطینی بچے شہید ہو چکے ہیں جو گزشتہ 22 ماہ کے دوران غزہ میں ہونے والی کل ہلاکتوں کا 31 فیصد ہیں۔

غزہ: ملبے کا ڈھیر کا منظر

خان یونس: فلسطینیوں نے ناصر ہسپتال میں ہونے والے اجتماعی جنازے ادا کر رہے ہیں

سوڈان میں قحط نے بھوکے شہریوں کو گھاس چارہ کھانے پر مجبور کر دیا

دارفر (این این آئی) سوڈان کے جنگ زدہ شہر الفاشر میں قحط شدت اختیار کر گیا خوراک کا ذخیرہ ختم ہونے کے قریب جبکہ شہری بھوک مٹانے کے لیے جانوروں کے چارے پر گزارا کرنے لگے۔ اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ کے مطابق الفاشر میں قحط کی سنگین ترین سطح آئی پی سی فیز 5 تک پہنچ چکی ہے، جو کسی بھی بحران کی انتہائی تشویشناک حالت کو ظاہر کرتی ہے۔ شہر کا مکمل محاصرہ ہے، خوراک اور ادویات کی ترسیل تقریباً بند ہو چکی ہے۔ مقامی شہری عثمان انگارو نے میڈیا سے گفتگو میں دنیا سے مدد کی دہائی دیتے ہوئے کہا کہ ہم مر رہے ہیں، خدارا خوراک اور دوا فراہم کی جائے۔

پاکستانی کھلاڑی 3 اگست 2025 کو امریکہ کے شہر لاڈرہل ویسٹ انڈیز کے خلاف تیسرے میچ میں کامیابی کے بعد ٹرافی کے ساتھ جشن مناتے ہوئے

زمبابوے اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹیسٹ میچ 7 اگست سے ہوگا

ہرارے (این این آئی) زمبابوے اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا اور آخری میچ 7 سے 11 اگست تک کوئنز سپورٹس کلب، بلاوائیو میں کھیلا جائے گا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم کو میزبان زمبابوے کے خلاف دو میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ کیوی ٹیم نے پہلے ٹیسٹ میچ میں زمبابوے کو 9 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم ان دنوں زمبابوے کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان زمبابوے کی ٹیم کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی، جس کا ایک میچ کھیلا جاچکا جو کیوی ٹیم نے جیت لیا تھا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم کو مایہ ناز بلے باز ٹام لیتھم لیڈ کریں گے جبکہ میزبان زمبابوے کی ٹیم کو کریگ ایروِن لیڈ کریں گے۔

لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے کنٹیکٹ باڈی سنٹر میں سمر سپورٹس باکسنگ کیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہا ہے

ایلینا ریبا کینا اور وکٹوریہ ایمبو کو نیشنل بینک اوپن ٹینس ویمنز سنگلز سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

ہسپانوی ٹینس کھلاڑی جیسکا بوزاس مانیرو کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ کے ویمنز سنگلز مقابلوں سے باہر ہوگئیں

مونٹریال (این این آئی) قازقستان کی نامور ٹینس سٹار ایلینا ریبا کینا اور میزبان ٹینس کھلاڑی وکٹوریہ ایمبو کو اپنی پیش قدمی کو جاری رکھتے ہوئے ڈبلیو ٹی اے نیشنل بینک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئیں جبکہ ہسپانوی ٹینس کھلاڑی جیسکا بوزاس مانیرو کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ کے ویمنز سنگلز مقابلوں سے باہر ہوگئیں اور یوکرین کی ٹینس کھلاڑی مارٹا کوسٹیوک کوارٹر فائنل میچ کے دوران فٹنس مسائل کا شکار ہوکر مقابلے سے دستبردار ہوگئیں۔ 26 سالہ قازقستان کی نامور ٹینس سٹار ایلینا ریبا کینا کو کو ویمنز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں یوکرین کی ٹینس کھلاڑی مارٹا کوسٹیوک کے خلاف پہلے سیٹ میں 1-6 کی برتری تھی تاہم دوسرے سیٹ میں یوکرین کی ٹینس کھلاڑی مارٹا کوسٹیوک فٹنس مسائل کے باعث مقابلہ جاری نہ رکھ پائی اور ایلینا ریبا کینا نے سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ نیشنل بینک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ کینیڈا میں جاری ہے۔ آئی جی اے سٹیڈیم مونٹریال میں کھیلے گئے ویمنز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں 26 سالہ قازقستان کی نامور ٹینس سٹار ایلینا ریبا کینا کو کو ویمنز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں یوکرین کی ٹینس کھلاڑی مارٹا کوسٹیوک کے خلاف پہلے سیٹ میں 1-6 کی برتری تھی۔ دوسرے سیٹ میں مقابلہ 1-2 تک پہنچا کہ یوکرین کی ٹینس کھلاڑی مارٹا کوسٹیوک فٹنس مسائل کے باعث مقابلہ جاری نہ رکھ پائی اور ایلینا ریبا کینا نے سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

پاکستان نے انٹرنیشنل اولمپیاڈ اِن انفارمیٹکس 2025 میں چار کانسی کے تمغے جیت لئے

جیتنے والوں میں محمد انیق، غلام جنید، محمد سارم اور احمد عمران ملک شامل، کامیابی پاکستان کی انفارمیٹکس کے شعبے میں بڑی پیشرفت قرار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی ٹیم نے بولیویا میں ہونے والے انٹرنیشنل اولمپیاڈ اِن انفارمیٹکس 2025 (آئی او آئی) میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چاروں کے چار کانسی کے تمغے جیت کر ملک کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ تمغے جیتنے والوں میں محمد انیق، غلام جنید، محمد سارم اور احمد عمران ملک شامل ہیں، یہ کامیابی پاکستان کی انفارمیٹکس کے شعبے میں بین الاقوامی سطح پر ایک بڑی پیشرفت قرار دی جارہی ہے۔ وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت نے ہر سال اس عالمی مقابلے میں شرکت کے لئے فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کو قومی سطح پر ذمہ داری سونپی ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آئی ایس ای نے ملک بھر کے تعلیمی بورڈز، انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن (آئی بی سی سی)، ڈائریکٹوریٹس آف ایجوکیشن اور کیمبرج سمیت تمام تعلیمی دھاروں کے اداروں کو طلبہ کی شمولیت کے لئے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کئے۔ اس اعلان کے بعد ملک بھر سے 528 طلبہ نے پاکستان اولمپیاڈ اِن انفارمیٹکس (پی او آئی) کے لیے رجسٹریشن کرائی۔ ایف بی آئی ایس ای نے دو مرحلوں پر مشتمل سخت انتخابی عمل کے ذریعے بہترین نوجوان پروگرامرز کا انتخاب کیا۔ پہلے مرحلے کے امتحانات 12 امتحانی مراکز پر منعقد ہوئے جن میں لاہور، کراچی، کوئٹہ، ملتان، پشاور، گلگت بلتستان، مظفر آباد، راولپنڈی اور اسلام آباد شامل تھے۔ پہلے مرحلے کے نتائج کی بنیاد پر 25 طلبہ کو دوسرے مرحلے کے لیے منتخب کیا گیا، جس سے فائنل چار رکنی ٹیم تشکیل پائی۔ 27 جولائی سے 3 اگست 2025 تک بولیویا میں ہونے والے عالمی مقابلے میں پاکستان کی ٹیم نے چاروں کھلاڑیوں نے کانسی کا تمغہ جیت کر سو فیصد میڈل ریکارڈ قائم کیا۔ 86 ممالک میں سے پاکستان نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 32 واں مقام حاصل کیا اور جرمنی، آسٹریا، ترکی، فرانس، اٹلی، نیوزی لینڈ، اسپین، فن لینڈ، نیدرلینڈز، بیلجیم اور سعودی عرب جیسے کئی ترقی یافتہ ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ گزشتہ سال مصر میں ہونے والے 2024 آئی او آئی میں پاکستان نے دو کانسی کے تمغے جیتے تھے اور 46 ویں پوزیشن حاصل کی تھی۔ اس سال کی شاندار پیش رفت ایف بی آئی ایس ای کے شفاف اور میرٹ پر مبنی انتخابی عمل اور پاکستانی نوجوانوں کی غیر معمولی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایف بی آئی ایس ای نے طلبہ، ان کے والدین، کوچز اور تمام معاون اداروں کو اس تاریخی کامیابی پر مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ یہ کامیابی پاکستان میں کمپیوٹر سائنس اور انفارمیٹکس کے فروغ کے لئے ایک اہم سنگ میل ہے۔

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ کا 15 اگست سے آغاز ہوگا، لیور پول دفاعی چیمپئن

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ کے 34 ویں سیزن کا آغاز 15 اگست سے ہوگا۔ یہ مجموعی طور پر ٹاپ فلائٹ انگلش فٹ بال کا 127 واں ایڈیشن ہوگا جس کے شیڈول کا اعلان 18 جون 2025 کو کیا گیا تھا۔ لیور پول کی ٹیم ای پی ایل میں اپنے اعزاز کا دفاع کرے گی، جس نے گزشتہ سیزن میں اپنا دوسرا ای پی ایل ٹائٹل اپنے نام کیا تھا اور مجموعی طور پر بیسواں انگلش ٹاپ فلائٹ تاج اپنے سر سجایا تھا۔ انگلش پریمیئر لیگ میں 20 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کریں گی۔ گزشتہ سیزن کی ٹاپ 17 ٹیمیں اور چیمپئن شپ کی درجہ بندی میں ترقی پانیوالی تین ٹیمیں لیڈز یونائیٹڈ، برنلے اور سنڈرلینڈ؟؟ ہیں

پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے آئرلینڈ ویمنز کے خلاف ٹی 20 سیریز کے لیے ڈبلن میں ٹریننگ کا آغاز

ڈبلن (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے آئرلینڈ ویمنز کے خلاف ٹی 20 سیریز کے لیے ڈبلن میں ٹریننگ کا آغاز کر دیا ہے۔ پی سی بی کے مطابق خواتین کھلاڑیوں نے ہیڈ کوچ محمد وسیم کی زیر نگرانی کرکٹ آئرلینڈ کے ہائی پرفارمنس سنٹر میں تین گھنٹے طویل پریکٹس سیشن میں حصہ لیا اور انہیں فیلڈنگ، باؤلنگ اور بیٹنگ کی عملی مشقیں کرائی گئیں۔ ٹیم انتظامیہ کی جانب سے پاور ہٹنگ پر خصوصی توجہ دی گئی تاکہ کھلاڑی محدود اوورز کے فارمیٹ میں زیادہ مؤثر ثابت ہوسکیں۔ خواتین کرکٹرز کی فیلڈنگ، باؤلنگ اور بیٹنگ سکلز کو بہتر بنانے کے لیے انفرادی اور گروپ مشقیں کی گئیں۔

الیگزینڈر زویروف اور کیرن خچانوف کینیڈین اوپن ٹینس میز سنگلز سیمی فائنل میں داخل

روسی ٹینس سٹار کیرن خچانوف نے میز سنگلز کوارٹر فائنل میچ میں امریکی حریف کھلاڑی الیکس مشیلسن کو شکست دی

ٹورنٹو (این این آئی) جرمنی کے نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈ الیگزینڈر زویروف اور روسی ٹینس سٹار کیرن خچانوف اپنی پیش قدمی کو برقرار رکھتے ہوئے اے ٹی پی کینیڈین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ 28 سالہ جرمنی کے ٹینس سٹار الیگزینڈر زویروف نے میز سنگلز کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں آسٹریلوی حریف کھلاڑی الیکسی پوپیرین کے خلاف 1-2 سیٹس سے کامیابی حاصل کی جبکہ روسی ٹینس سٹار کیرن خچانوف نے میز سنگلز کوارٹر فائنل میچ میں امریکی حریف کھلاڑی الیکس مشیلسن کو شکست دی۔ اے ٹی پی کینیڈین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ کینیڈا میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ آئی جی اے سٹیڈیم مونٹریال میں جاری ایونٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں جرمنی کے نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈ الیگزینڈر زویروف نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے آسٹریلوی حریف کھلاڑی الیکسی پوپیرین کو 7-6(10-8)، 4-6 اور 6-3 سے شکست دے کر ایونٹ کے سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا، جہاں جرمن ٹینس سٹار کا مقابلہ 29 سالہ روسی ٹینس سٹار کیرن خچانوف سے ہوگا۔ روس کے کیرن خچانوف نے کوارٹر فائنل میچ میں امریکی حریف کھلاڑی الیکس مشیلسن کو ٹائی بریک پر سٹریٹ سیٹس میں 4-6 اور 6-7(3-7) سے شکست دی۔

پشاور: صوبائی ٹینس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ٹریننگ کیمپ میں شریک کھلاڑیوں میں مہمان خصوصی ٹینس سٹرینگز اور گرپس تقسیم کر رہے ہیں

کراچی: نوینا اسٹیل جونیئر نیشنل پیڈل چیمپئن شپ کے فائنل کے موقع پر مہمان خصوصی شیخ شکیل الیاس، مدثر آرائیں، محمد متین اور دیگر کافاتح کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ب فارم اور دیگر قومی دستاویزات انتہائی ضروری ہیں: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ فاروق احمد کھرل

پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق ڈیجیٹائزیشن کے تحت محکمہ لوکل گورنمنٹ اور نادرا کے تعاون سے اموات، نکاح، پیدائش اور طلاق کی رجسٹریشن کے لیے موبائل ایپ لانچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ فاروق احمد کھرل نے بتایا ہے کہ پیدائش، اموات، نکاح اور طلاق سمیت اہم واقعات کی رجسٹریشن صوبے بھر میں بالترتیب دیہی اور شہری علاقوں میں یونین کونسلز (UCs) اور میونسپل کمیٹیوں (MC) کے ذریعے کی جاتی ہے۔ ان واقعات کے سرٹیفکیٹس کی بنیاد پر نادرا اور دیگر ادارے کسی بھی شہری کے دستاویزات جاری کرتے ہیں جیسے کہ فارم ب (B)، این آئی سی او پی (NICOP)، سی این آئی سی (CNIC)، آر ایف سی (FRC) اور پاسپورٹ۔ کے حصول کے لئے درخواست دہندہ کو متعلقہ UC/MC میں خود جا کر درخواست اور دستاویزات پیش کرنے پڑتے ہیں۔ پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق ڈیجیٹائزیشن کے تحت محکمہ لوکل گورنمنٹ اور نادرا کے تعاون سے اموات، نکاح، پیدائش اور طلاق کی رجسٹریشن کے لیے موبائل ایپ لانچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عام لوگ منسلکات کی شکل میں مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ درخواست جمع کروا سکیں گے، ای پیمنٹ کے طریقوں سے فیس ادا کر سکیں گے اور اپنے سرٹیفکیٹ کوریئر سروس کے ذریعے حاصل کر سکیں گے۔ یہ ایپ نہ صرف عوام کو دنیا میں کہیں سے بھی ان سرٹیفکیٹس کے لیے درخواست دینے میں سہولت فراہم ہوگی بلکہ غیر ضروری تعامل کی وجہ سے عملے کے ہاتھوں استحصال اور بدعنوانی کے امکانات کو بھی کم کرے گا۔ اس اقدام سے رجسٹریشن کے عمل میں چھیڑ چھاڑ اور جعلسازی کو بھی کم کیا جائے گا۔ چکوال، جہلم اور نکانہ میں اس موبائل ایپ کی پائلٹنگ کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈسٹرکٹ چکوال اور نادرا ہیڈکوارٹرز/ آر ایچ او اسلام آباد نے تمام یوسی سیکرٹریز اور ایم سی رجسٹریشن کلرکوں کی ایک روزہ خصوصی ٹریننگ کا انعقاد کیا ہے #

''عوام دوست آفیسر'' ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں: رانا شاہنواز

ایسے آفیسرز سے عوام کو ہمیشہ اچھی توقعات اور روشن اُمیدیں وابستہ ہوتی ہیں

بھلوال (تحصیل رپورٹر) معروف سماجی شخصیت سیکرٹری انفارمیشن مرکزی انجمن تاجران بھلوال رانا شاہنواز نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھلوال پاسپورٹ آفس عوامی خدمات میں پیش پیش ''عوام دوست آفیسر'' ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں ایسے آفیسرز سے عوام کو ہمیشہ اچھی توقعات اور روشن اُمیدیں وابستہ ہوتی ہیں۔ پاسپورٹ آفس بھلوال میں بااخلاق اور ایماندار عملہ و سٹاف تعینات ہے آفیسر شیخ ارشد انچارج پاسپورٹ آفس نہایت ایمانداری سے اپنے فرائض منصبی احسن انداز میں سرانجام دے رہے ہیں جس کی وجہ سے پاسپورٹ بنوانے کیلئے سائلین کو کسی قسم کی کوئی شکایت نہیں۔ سائلین کیلئے صاف شفاف ٹھنڈا پانی اور بیٹھنے کیلئے بہترین انتظام و دیگر عوامی سہولیات میسر ہیں عوام پرسکون ماحول میں اپنا پاسپورٹ بنواتے ہیں۔ پاسپورٹ آفس بھلوال کو ٹومن اور بھیرہ کی عوام کیلئے بہت بڑا تحفہ ہے۔ پاسپورٹ آفس کے باہر انکا کوئی ایجنٹ بھی موجود نہیں اکثر و بیشتر علاقوں میں پاسپورٹ آفس کے باہر نام نہاد ایجنٹ موجود ہوتے ہیں جو سادہ لوح عوام کو دونوں ہاتھوں لوٹ رہے ہوتے ہیں جنہیں پوچھنے والا نہیں مگر یہاں ایسا نہیں ہے۔ قومی پاسپورٹ پر بلا جواز کوئی اعتراض نہیں لگایا جاتا تاکہ عوام کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے یہاں کام ایمانداری سے ہو رہا ہے۔ عوام کو درپیش پریشانیوں سے بچانا ہی اخلاقی اور قومی فریضہ ہے۔ پاسپورٹ آفس بھلوال کیلئے انچارج شیخ ارشد کی خدمات قابل ستائش ہیں عوامی حلقوں میں انہیں احترام و قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ضلع بھر میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ضلع بھر میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا اور متعدد فوڈ پوائنٹس، کریانہ سٹورز اور ریسٹورنٹس پر چھاپہ مار کر حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور صفائی کی ابتر صورت حال پر معروف ریسٹورنٹ کو بھاری جرمانہ عائد کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر ایک لاکھ 89 ہزار روپے کے جرمانے کیے گئے۔ ریسٹورنٹس کے معائنہ کے دوران سٹوریج کے ناقص انتظامات پائے گئے۔ حشرات کے تدارک کے انتظامات بھی ناکافی تھے اور ورکرز کی شخصی صفائی بھی ناقص پائی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ کریانہ سٹورز کے معائنہ کے دوران 5 کلو سے زائد ایکسپائرڈ و ممنوع اجزاء برآمد کر کے تلف کرنے کے ساتھ 15 لیٹر ملاوٹی دودھ بھی ضائع کر دیا گیا۔

میاں خالد محمود شیخوپورہ کا فخر ہیں: ضلعی صدر چوہدری محمد اقبال گوپے راء

پارٹی کا مرکزی جنرل سیکرٹری نامزد کئے جانے سے پارٹی فعال ہوگی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود کو پارٹی کا مرکزی سیکرٹری جنرل مقرر کئے جانے پر پارٹی کے ضلعی صدر چوہدری محمد اقبال گوپے راء، تحصیل صدر ملک حبیب سلطان کھوکھر، چوہدری یاسر اقبال گوپے راء، میاں تیمور خالد، حاجی یاسر ندیم شیخ، حاجی خالد محمود شیخ، حاجی محمد جمیل، امجد علی گادی و دیگر نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ میاں خالد محمود شیخوپورہ کا فخر ہیں انہیں پارٹی کا مرکزی جنرل سیکرٹری نامزد کئے جانے سے پارٹی فعال ہوگی اور ملک بھر میں پارٹی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا پارٹی قیادت کے اس فیصلے سے کارکنان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے میاں خالد محمود نے سیاسی کارکن سے اپنی سیاست کا سفر شروع کیا اور اب آئی پی پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل کے طور پر ملک گیر خدمات انجام دے رہے ہیں ہم ان کی سیاسی عوامی جمہوری و تنظیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ ان کی قیادت میں جمہوری و سیاسی سفر جاری رکھا جائے گا۔

سینئر صحافیوں کی شیخوپورہ موٹروے پولیس شیخوپورہ آمد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سینئر صحافیوں کی شیخوپورہ موٹروے پولیس شیخوپورہ آمد۔ ڈپٹی کمانڈنٹ نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ ایس پی امداد اللہ شاہد سے ملاقات اہم امور پر تبادلہ خیال۔ سینئر صحافی رفیق بھٹو ہیڈ آفس جی ٹی وی کراچی۔ سینئر صحافی خاور حسین ڈان ٹی وی ہیڈ آفس کراچی۔ سینئر صحافی طاہر صدیقی ڈان نیوز ہیڈ آفس کراچی۔ وغیرہ نے دوران وزٹ موٹروے پولیس ٹریننگ میں فزیکل سٹینڈرڈ اور سیمولر و دیگر ٹریننگ کو سراہتے ہوئے کہا کہ موٹروے پولیس ٹریننگ کالج میں آوٹ کلاس تربیتی کورسز کو دیکھ کر انتہائی خوشی محسوس کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمانڈنٹ کالج ہذا ایس پی امداد اللہ شاہد نے بابت روڈ سیفٹی میڈیا میں شعور اجاگر کرنے پہ صحافی برادری کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان میں تحائف بھی تقسیم کئے۔

اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں

مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے لوگوں کے مسائل سنے اور درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں داد رسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آ کر ان کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے اور بلاوجہ انتظار نہ کروایا جائے۔ دفاتر، تھانہ جات میں کسی بھی شہری کی تحقیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی وجہ سے شہریوں کا تھانہ جات میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا تو شہری بلا جھجک میرے دفتر تشریف لائیں، انکے مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا۔

گاڑیوں رکشوں پر لگے لاؤڈ-اسپیکر پر لگی پابندی پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے، چوہدری حبیب اللہ پسوال

یہ لوگ نہ دھی دن دیکھتے ہیں اور نہ ہی رات، بہت زیادہ اونچی آواز میں اعلانات کرتے ہیں

کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت) پنجاب ٹیچر یونین تحصیل سیالکوٹ کے کارکن چوہدری حبیب اللہ پسوال نے عوامی پریس کلب کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ کے ایک وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ تمام اداروں خصوصاً O. H.S تھانہ کوٹلی لوہاراں سے درخواست ہے کہ ہموں گکھڑ اور گردونواح کے گاؤں میں گاڑیوں اور رکشوں پر بڑے بڑے سپیکر لگا کر سبزی وغیرہ فروخت کرتے ہیں اور اونچی آواز میں ※※※ سپیکر چلاتے ہیں ان پر پابندی لگائی جائے۔ یہ لوگ نہ دھی دن دیکھتے ہیں اور نہ ہی رات بہت زیادہ اونچی آواز میں اعلانات کرتے ہیں بعض گھروں میں مریض ہوتے ہیں۔ بعض لوگ مساجد میں نماز ادا کر رہے ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مریضوں اور طلبہ کو سخت اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن یہ لوگ کسی کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔

ضلع چکوال میں کانگو وائرس کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات

چار ہاٹ سپاٹس پر اسپرے مکمل

چکوال (ایم ایوب سلطانی) محکمہ لائیوسٹاک چکوال نے ضلع بھر میں کانگو وائرس کی ممکنہ روک تھام کے لیے فوری اور ہنگامی اقدامات کرتے ہوئے چار ہاٹ سپاٹس پر 638 گھرانے اور 6197 جانوروں کو اسپرے کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔ محکمہ لائیوسٹاک چکوال کے مطابق تمام متعلقہ فیلڈ اسٹاف الرٹ ہے اور ٹکس (چیچڑوں) کی نگرانی و سرویلنس کا عمل جاری ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر جانوروں کی صحت کا جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ کانگو وائرس کے کسی بھی ممکنہ کیس کو بروقت روکا جا سکے۔ مزید برآں، کسانوں کی رہنمائی کا عمل بھی فعال ہے، جہاں فیلڈ عملہ فارمرز کو حفاظتی تدابیر، چیچڑوں کے کنٹرول، اور جانوروں کی صفائی ستھرائی سے متعلق آگاہی فراہم کر رہا ہے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر سہیل منظور نے تمام فیلڈ اسٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی تحفظ اور جانوروں کی صحت محکمہ کی اولین ترجیح ہے۔

میونسپل کمیٹی چنیوٹ نے صفائی ستھرائی یقینی بنانے کے لئے شہری حدود سے بھینسوں و مویشی کے انخلاء کے لئے مویشی مالکان کو 15 یوم کا الٹی میٹم دے دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کمیٹی چنیوٹ نے صفائی ستھرائی یقینی بنانے کے لئے شہری حدود سے بھینسوں و مویشی کے انخلاء کے لئے مویشی مالکان کو 15 یوم کا الٹی میٹم دے دیا۔ اس ضمن میں شہری علاقوں میں گائے، بھینس رکھنے والے مالکان کو نوٹسز بھی جاری کر دیئے گئے ہیں۔ 15 روز کی مہلت ختم ہونے کے بعد لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت شہری حدود میں نظر آنے والے مویشی پکڑ کر پونڈ نگ پوائنٹس منتقل اور قانون کے تحت مویشی مالکان کو یومیہ جرمانہ بھی ہوگا۔ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی واثق عباس ہرل نے بتایا کہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت میونسپل حدود میں گائے، بھینس و مویشی رکھنا ممنوع قرار دیا گیا ہیاور 15 دن کی مہلت کے بعد مالکان سے بڑا جانور 3 ہزار روپے یومیہ، چھوٹا جانور ایک ہزار روپے فی یوم، بڑے جانور کی خوراک 500 روپے، چھوٹے جانور کی خوراک 200 روپے یومیہ وصول کرنے کے ساتھ ساتھ بڑے جانور کا ٹرانسپورٹ کرایہ ایک ہزار جبکہ چھوٹے جانور کا کرایہ 500 روپے بھی وصول کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لئے گائے/ بھینسوان و مویشیوں کا انخلاء ناگزیر ہے اور مہم پوری قانونی قوت سے شروع ہوگی جس میں کسی قسم کی رعایت کی کوئی گنجائش نہیں لہذا مالکان ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور دیئے گئے وقت کے اندر اپنے جانور ازخود شہری حدود سے باہر منتقل کر لیں تاکہ جانور ضبط اور روزانہ جرمانوں سے بچا جا سکے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ای پولیس پوسٹ کے ذریعے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔ ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ پولیس نے ماہ جولائی میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 41711 مشکوک افراد کو چیک کیا۔ ماہ جولائی کے دوران چیکنگ کے دوران 34664 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ماہ جولائی کے دوران مشکوک افراد کی چیکنگ کرنے پر 6 مجرمان اشتہاری، 1 عدالتی مفرور کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی کا بہترین استعمال کر کے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں مزید تیزی سے جاری ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

ضلع جھنگ کے 98 افراد باہم معذوری میں مینول ایکٹیویٹڈ وہیلز چیئرز، وائٹ کین سٹکس، واکرز، ہیرنگ ایڈز اور معاون ڈیوائسز کی تقسیم

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر خصوصی افراد کو خود مختار بنانے کے حوالے سے دوسرے مرحلے میں ضلع جھنگ کے 98 افراد باہم معذوری میں مینول ایکٹیویٹڈ وہیلز چیئرز، وائٹ کین سٹکس، واکرز، ہیرنگ ایڈز اور معاون ڈیوائسز کی تقسیم محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جھنگ کی جانب سے ضلع کونسل ہال جھنگ میں وہیل چیئرز و معاون آلات تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ممبر صوبائی اسمبلی کرنل رعنفنفر عباس قریشی ※ اسسٹنٹ کمشنر جھنگ فرخ محمود، صاحبزادہ مولانا محمد آصف معاویہ سیال، پروفیسر آصف علی شاہد ڈھڈی سیاسی و آصف علی مگھیانہ چیئرپرسن ایڈوائزری کمیٹی صنعت زار جھنگ نے مہمانان اعزاز شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کرنل رعنفنفر عباس قریشی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے معذور افراد میں وہیل چیئرز اور معاون آلات کی فراہمی انہیں خود مختار بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ

معاون آلات کی بدولت معذور افراد کو روزمرہ کے امور سر انجام دینے میں سہولت میسر آئے گی اور انہیں کسی دوسرے کی جانب مدد طلب نظروں سے نہیں دیکھنا پڑے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر فرخ محمود کا تقریب سے خطاب کے دوران کہنا تھا کہ چیف منسٹر پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن ہے کہ معذور افراد کی بھرپور معاونت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ معاون آلات (وہیل چیئرز) پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب کا فلیگ شپ پروگرام ہے، جو محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب کے تحت جاری ہے۔ تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر و بیت المال جھنگ شہباز خان کھوکھر نے بتایا کہ افراد باہم معذوری کو وہیل چیئرز، مصنوعی آلات، سماعت کے آلات و دیگر معاون آلات کی فراہمی بالکل مفت ممکن بنائی جا رہی ہے۔

1990ء کے کلاس فیلو گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2 ایمن آباد 35 سال کے لمبے عرصے کے بعد ایک بار پھر مل بیٹھے

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) 1990ء کے کلاس فیلو گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2 ایمن آباد 35 سال کے لمبے عرصے کے بعد ایک بار پھر مل بیٹھے جس پر سب دوستوں نے ایک دوسرے سے ملنے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم گروپ ایڈمن امجد حمید کے خصوصی طور پر شکر گزار ہیں کہ ان کی کاوشوں کی بدولت 1990ء کے کلاس فیلو 35 سال کے لمبے عرصہ کے بعد مل بیٹھے ہیں اور بچپن کی یادوں کو تازہ کر رہے ہیں، اس موقع پر سب دوستوں نے ایک دوسرے کیساتھ خوب گپ شپ کی اور ایک دوسرے کے کاروباری حالات و واقعات سے بھی آگاہ ہوئے۔ بعد میں سب کلاس فیلو دوستوں کے اعزاز میں یاسر بٹ نے پرتکلف کھانے کا اہتمام کیا، 35 سال بعد ملنے والے 1990ء کے کلاس فیلوز میں چودھری ذوالفقار علی چٹھہ، اعجاز احمد، امجد حمید، زاہد خان، نسیم احمد، غلام فرید، مشتاق بٹ، محمد اعظم، محمد خالد، یاسر بٹ، محمد لطیف، کاشی مغل، محمد اشفاق، محمد عمران و دیگر شامل تھے، علاوہ ازیں بیرون ملک مقیم دوستوں تسلیم خاں عرف مٹھو آف جرمنی، محمد حفیظ بیلجیم، میاں عامر حیات کینیڈا، صفدر خاں اسلام آباد نے آن لائن تقریب میں شرکت کی۔

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں جشن آزادی کی تقریبات منانے کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں جشن آزادی کی تقریبات منانے کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے آزادی کو منانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر سید محمد مینتھ عباس نے جہلم پریس کلب کے نمائندہ وفد سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ جشن آزادی تجدید عہد کا دن ہے آزادی کا بنیادی مقصد ایک آزاد اسلامی مملکت کا حصول اور اسلامی اقدار و روایات کا تحفظ تھا۔ اس آزادی کے چراغ کو روشن کرنے میں لاکھوں مرد و زن کو اپنا تن من دھن قربان کرنا پڑا لیکن قافلہ آزادی آج بھی رواں دواں ہے۔ وہ قیام پاکستان کی جدوجہد تھی اور آج تکمیل پاکستان کی جدوجہد ہے جس کے لئے پھر ہمیں تحریک آزادی پاکستان جیسے جذبے کی ضرورت ہے۔

جہلم کی تحصیل، پنڈ دادنخان، سوہاوہ اور جہلم میں گزشتہ ماہ ہونے والی شدید بارشوں نے تباہی مچا دی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی تحصیل، پنڈ دادنخان، سوہاوہ اور جہلم میں گزشتہ ماہ ہونے والی شدید بارشوں نے تباہی مچا دی۔ بعض علاقوں میں آبنتک بجلی کی سپلائی بحال نہ ہو سکی تحصیل پنڈ دادنخان اور تحصیل جہلم کے عوام ضلعی ہیڈکوارٹر پہنچنے میں میلوں کو مشکلات کا سامنا۔ شہریوں نے ارباب اختیار سے سڑکیں پل فوری بحال کرنے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ ماہ ہونے والی موسلا دھار بارشوں کے باعث نہ صرف دیہی علاقے زیر آب آ گئے بلکہ نالہ بنہاں، نالہ گھان پھر گئے۔ کسانوں کی کپاس اور چاول کی کھڑی فصلیں بری طرح متاثر ہوئیں۔ مختلف دیہاتوں کے کھیتوں میں کئی کئی فٹ سیلابی پانی کھڑا ہو گیا جس سے کسانوں اور مکینوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ کسانوں کی فصلیں تباہ اور مویشی، اور مکان، ڈیرے سیلابی پانی میں بہہ گئے بچ جانے والے جانوروں کے لیے چارہ بھی نایاب ہو چکا ہے، جس سے مویشی پالنے والوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے امدادی کارروائیاں انتہائی سست روی کا شکار ہیں

جرم و سزا

CRIME & COURT

ملزم سے پسٹل 30 بور معہ 5 گولیاں اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ آفیسر پٹرولنگ ملک عطاء اللہ کی ہدایات پر پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ سے محمد اشفاق ASI کی کامیاب کارروائی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ آفیسر پٹرولنگ ملک عطاء اللہ کی ہدایات پر پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ سے محمد اشفاق ASI نے ایک کس ملزم سے پسٹل 30 بور معہ 5 گولیاں اسلحہ ناجائز برآمد کر کے تھانہ سٹی ڈسکہ اندراج مقدمہ کروایا۔ جبکہ باسی والہ سے محمد نوید ASI نے۔ اکبر چوک سے راشد محمود ASI نے اور گلوٹیاں موڑ سے عبد الروف ASI نے غیر قانونی سلنڈر رکھنے والوں کے خلاف مقدمات درج کروائے۔ جبکہ کھمبرا والہ سے محمد اشفاق ASI اور سیوکی سے محمد سرفراز ASI نے اوور ڈائمنشن لوڈنگ کے خلاف مقدمات درج کروائے۔ اسکے علاوہ سیوکی سے محمد سرفراز ASI نے ایک چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کے خلاف اندراج مقدمہ کروایا۔ اسکے ساتھ ساتھ پٹرولنگ پوسٹ ساہووالہ سے دلشاد انور ASI اور بیگل احمد ASI نے۔۔۔ گلوٹیاں موڑ سے راشد محمود ASI نے۔۔۔ کھوئی سٹاپ سے محمد رضوان ASI اور کاشف عمران SI نے اور سیوکی سے فیصل اعجاز HC نے ایک ایک چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے تھانہ بند کروائیں۔

مہر عمر دراز سیال نے پنجاب پولیس کے دوسرے اینٹگریٹڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ کورس میں پنجاب بھر میں چوتھی اور ضلع میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ساہیوال پولیس کا سر فخر سے بلند کر دیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال پولیس کے سب انسپکٹر اور مختلف تھانوں میں بطور ایس ایچ او تعینات رہنے والے، قابل فخر اور مایہ ناز سپوت مہر عمر دراز سیال نے پنجاب پولیس کے دوسرے اینٹگریٹڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ کورس میں پنجاب بھر میں چوتھی اور ضلع میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ساہیوال پولیس کا سر فخر سے بلند کر دیا، تفصیلات کے مطابق پنجاب پولیس کی جانب سے سب انسپکٹرز کی جدید خطوط پر تربیت اور پیشہ وارانہ مہارتوں میں بہتری کے لیے پولیس ٹریننگ کالج چوہنگ میں اینٹگریٹڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ کورس کا اہتمام کیا گیا تھا جس میں پنجاب بھر سے مرد و خواتین سب انسپکٹرز نے شرکت کی، اس کورس کے فائنل امتحان میں سب انسپکٹر مہر عمر دراز سیال جو کہ کئی تھانوں کے ایس ایچ او بھی تعینات رہ چکے ہیں نے 1000 میں سے 899 نمبر حاصل کر کے پنجاب بھر میں 4th پوزیشن اپنے نام کر لی، واضح رہے کہ ساہیوال ضلع سے متعدد نام اس کورس کے لیے چنے گئے تھے جن میں ضلع بھر میں عمر دراز سیال پہلے نمبر پر آئے، جو کہ نہ صرف مہر عمر دراز سیال کی پیشہ وارانہ صلاحیت، مہارت اور قابلیت کا منہ بولتا ثبوت ہے بلکہ دوران کورس تربیتی امور پر توجہ مرکوز رکھنے کے امر کی جانب بھی اشارہ کرتا ہے، عوام الناس کا کہنا ہے کہ سب انسپکٹر مہر عمر دراز سیال جیسے آفیسر ہی محکمے کے ماتھے کا جھومر اور سرمایہ ہیں، ان جیسے افراد کو محکمانہ ذمہ داریوں میں آگے لانے سے نہ صرف پولیس کی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ عوام کی نظر میں پولیس کا امیج بھی بہتر ہوگا اور عوام کا اداروں پر اعتماد بڑھے گا۔

اوکاڑہ 02 منشیات فروش گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ 02 منشیات فروش گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد۔ ایس ایچ او حجرہ شاہ مقیم اطہر رشید کی اپنی ٹیم کے ہمراہ بڑی کارروائی، گرفتار منشیات فروشوں میں تیزیل عرف روکی اور احسن شامل، ملزم تیزیل عرف روکی کے قبضہ سے 1610 گرام جبکہ احسن کے قبضہ سے 1600 گرام چرس برآمد، دونوں ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج، تفتیش کا آغاز۔ منشیات فروشوں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

اوکاڑہ انسداد منشیات کارروائی، تھانہ بی ڈویژن کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ انسداد منشیات کارروائی، تھانہ بی ڈویژن کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن۔ ایس ایچ او دانیال لیاقت کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی، سرچ اینڈ کومنگ آپریشن کے دوران منشیات فروش گرفتار۔ ملزم راشد علی کے قبضہ سے 1600 گرام چرس برآمد، پولیس نے گرفتار ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی، ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

پاکستان تحریک انصاف ضلع قصور کے سابق صدر محمد سرور میو سمیت قصور سے سینکڑوں عہدے داران اور کارکنان گرفتار

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف ضلع قصور کے سابق صدر محمد سرور میو سمیت قصور سے سینکڑوں عہدے داران اور کارکنان گرفتار۔ نہ معلوم جگہ پر منتقل کر دیا بانی تحریک انصاف عمران خان کی کال پر پاکستان تحریک انصاف ضلع قصور کے کارکنوں نے ملک کے دیگر حصوں کی طرح ضلع قصور سے بھرپور طریقے سے احتجاج کرنے کا پروگرام ترتیب دے رکھا تھا ضلع پولیس نے احتجاج کو روکنے کیلئے پتوکی پھول نگر کنگن پور سمیت سینکڑوں کارکنوں اور عہدیداروں کو گرفتار کر کے نہ معلوم مقام پر منتقل کر دیا۔

تیز رفتار ڈمپر نے 2 مزدوروں کو کچل دیا جس سے ایک مزدور موقع پر جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا

ایک تیز رفتار ڈمپر نے ان دونوں کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں اخلاق احمد جاں بحق جبکہ عامر شدید زخمی ہو گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تیز رفتار ڈمپر نے 2 مزدوروں کو کچل دیا جس سے ایک مزدور موقع پر جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق دو غریب مزدور اخلاق احمد اور عامر پنڈی بھٹیاں کے قریب سڑک کے کنارے کنسٹرکشن کا کام کر رہے تھے کہ ایک تیز رفتار ڈمپر نے ان دونوں کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں اخلاق احمد جاں بحق جبکہ عامر شدید زخمی ہو گیا جبکہ ڈمپر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا۔

ڈسکہ: مدرسہ

''قوت'' کا اسپیشل ایڈیشن

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ 1 — بقیہ جات

۔پاکستان کی جانب سے بھارتی فوجی کارروائی پر ردعمل سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ ہم اس بار بھارت کے مشرق سے آغاز کریں گے، آغاز بھارت کے اندر گہرائی سے حملہ کرنے سے ہوگا۔ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ بھارت کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ وہ بھی ہر جگہ مارے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 2 — بقیہ جات

ورک کو 4جی میں اپ گریڈ کیا جا رہا ہے،مستند انفراسٹرکچر شیئرنگ کو متعارف کرا دیا گیا ہے۔بدھ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی نے تحریری طور پر بتایا کہ ہر صوبے میں سالانہ 3فیصد آبادی کے اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے سال بہ سال کی بنیاد پہ کوریج کی جارہی ہے،سالانہ تقریباً 445 نئی سائٹس نصب کی جاتی ہیں۔وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی نے بتایا کہ نئی ٹیکنالوجی (5جی) کے لیے اضافی سپیکٹرم کی دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے،آنے والے برسوں میں 5 نئی سب میرین کیبلز کا اضافہ کیا جائے

بقیہ 3 — بقیہ جات

ورک کو 4جی میں اپ گریڈ کیا جا رہا ہے،مستند انفراسٹرکچر شیئرنگ کو متعارف کرا دیا گیا ہے۔بدھ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی نے تحریری طور پر بتایا کہ ہر صوبے میں سالانہ 3فیصد آبادی کے اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے سال بہ سال کی بنیاد پہ کوریج کی جارہی ہے،سالانہ تقریباً 445 نئی سائٹس نصب کی جاتی ہیں۔وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی نے بتایا کہ نئی ٹیکنالوجی (5جی) کے لیے اضافی سپیکٹرم کی دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے،آنے والے برسوں میں 5 نئی سب میرین کیبلز کا اضافہ کیا جائے

بقیہ 4 — بقیہ جات

ی کی حدود میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے ایف سی اہلکاروں کی گاڑی پر فائرنگ کردی۔ایف سی اہلکار فیلڈ سیکیورٹی کی ڈیوٹی پر مامور تھے اور گاڑی میں سوار ہو کر روانہ تھے کہ پہاڑ کی چوٹی پر پہلے سے گھات لگائے مسلح افراد نے اچانک حملہ کردیا،شدید فائرنگ کے نتیجے میں 4 اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے۔واقعے کے فوراً بعد سکیورٹی فورسز اور پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور حملہ آوروں کی تلاش کے لیے پہاڑی علاقوں میں سرچ آپریشن جاری ہے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کرک میں ایف سی اہلکاروں کی گاڑی پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کی اور جام شہادت نوش کرنے والے 3 اہلکاروں اور ڈرائیور کو خراج عقیدت پیش کیا۔محسن نقوی نے کہا کہ لانس نائیک محمود شاہ، سپاہی شاہد، سپاہی رؤف اور ڈرائیو شاہ پور نے شہادت کا بلند رتبہ پایا،شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔وزیر داخلہ نے کہا کہ شہید ہونے والے اہلکاروں کی عظیم قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں، شہداء کی قربانیاں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں،شہداء کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 5 — بقیہ جات

کا ہسپتال ہوگا،جناح میڈیکل کمپلیکس کے مختلف بلاکس کے نام،صوبوں کے نام پر رکھے جائیں، جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر، اسٹاف کی بھرتیوں میں شفافیت و میرٹ کو اولین ترجیح دی جائے،تعمیری کام کے معیار کو اولین بنانے اور شفافیت کیلئے تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے۔ بدھ کو وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت کے حوالے جائزہ اجلاس یہاں منعقد ہوا۔اجلاس میں وزیر اعظم کو اسپتال کے کنسیپٹ ڈیزائین، بورڈ کی تشکیل، اراضی اور ہسپتال سے متصل مجوزہ کمرشل سینٹر کے حوالے سے پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ کنسیپٹ ڈیزائن، اراضی کی منتقلی اور بورڈ کی تعیناتیاں حتمی مراحل میں ہیں. اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ تعمیر کے بہترین معیار کو یقینی بنانے کیلئے جیوٹیک اسٹڈی اور اسپتال کے اسلام آباد اور گردونواح کے رہائشیوں پر اثرات کی افادیت میں اضافے کیلئے سوشل امپیکٹ اسٹڈیز جاری ہیں۔اجلاس کو مختلف اقدامات کی معینہ مدت اور اہداف پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ٹرشری ہسپتالوں پر مریضوں کے دباؤ کو کم کرنے کیلئے اسلام آباد میں پرائمری اور سیکنڈری ہیلتھ کیئر کے نظام کی بہتری کا منصوبہ پیش کیا جائے،اللہ کے فضل و کرم سے پی کے ایل آئی بہترین طور سے مریضوں کیلئے شفاء کا باعث بن رہا ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ جناح میڈیکل کمپلیکس کو پی کے ایل آئی سے بھی بہتر اور بین الاقوامی معیار کی سہولیات ہر مشتمل اسپتال بنائیں گے۔وزیر اعظم نے کہا کہ ہسپتال میں جینوریل سمیت تمام دیگر متعلقہ سروسز میرٹ پر آؤٹ سورس کی جائیں۔اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، احد خان چیمہ، سید مصطفیٰ کمال، وزیر اعظم کے کوارڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ، چیئرمین پی کے ایل آئی پروفیسر ڈاکٹر سعید اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 6 — بقیہ جات

موجود سہولتوں کا جائزہ لیا۔وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کو ایس آر ٹی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی، مریم نواز نے ایس آر ٹی کے روڈ ٹیسٹ ڈرائیو کا جائزہ لیا، اور عام ٹریفک کے درمیان ایس آر ٹی کی رنگ چیک کی۔رائے ونڈ روڈ اور کینال روڈ پر عوام ایس آر ٹی کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کرتے رہے۔ "سپر اٹانومس ریپڈ ٹرانزٹ " ترکی، چین، ابوظہبی اور دیگر ممالک میں کامیابی سے چلائی جارہی ہے،الیکٹرک ٹرین میں تین بوگیاں لگائی گئی ہیں جبکہ چار کی گنجائش ہے،نورکوانٹر نیشنل کی جدید ترین ایس آر ٹی میں 320 مسافروں کی گنجائش ہے۔پہلی مکمل ای ٹرین "سپر اٹانومس ریپڈ ٹرانزٹ" ایک دفعہ چارج کے بعد 40 کلومیٹر سفر طے کرسکتی ہے، "سپر اٹانومس ریپڈ ٹرانزٹ" میں ایئر کنڈیشنڈ اور دیگر سہولیات میسر ہوں گی۔

بقیہ 7 — بقیہ جات

نواز شریف نے اپنی زمین، اپنا گھر سکیم کے تحت مفت پلاٹ دینے کا اعلان بھی کیا۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے خطاب میں کہا کہ اپنی زمین، اپنا گھر سکیم کے پہلے فیز میں 2 ہزار پلاٹ دیئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے گھر بنانے والے خاندانوں کو مبارکباد پیش کی۔ پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت مخلص ہے۔ آئی جی انتظار رکرتے رہے، احتجاج کے لئے کوئی نہیں آیا، لگتا ہے عقل آگئی۔ بے ہنگم شوراور گالم گلوچ والی سیاست کارکردگی کے بوجھ کے نیچے دفن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ فساد پھیلانے والے کیا جانیں خدمت کا مزا کیا ہوتا ہے۔ پنجاب کا مقدر سازش نہیں خدمت کے ہاتھ میں ہے۔ ہر وعدہ پورا کریں گے اور قدم قدم پر خدمت کے نشان چھوڑ کر جائیں گے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف قوم کی زندگیوں میں بہتری لا رہے ہیں۔محمد نواز شریف ہر میٹنگ میں بجلی سستی اور مہنگائی کم کرنے کا کہتے ہیں۔ نواز شریف مجھے ہر روز تلقین کرتے ہیں کہ مخلوق کی خدمت کے لئے نیت کو خالص کریں۔ پنجاب میں ترقی ہر سو نظر آنا شروع ہوگی ہے۔ پاکستان سفارتی اور معاشی محاذ پر ابھرتے ہوئے سورج کی طرح طلوع ہو رہا ہے۔ پاکستان کی اکنامک آؤٹ لک بہتری کے اعشارے دے رہی ہے۔ مثبت رجحانات ہر سو نظر آرہے ہیں پنجاب میں بہت سی نئی سکیمیں لا رہے ہیں۔ ہر شہر میں بدترین علاقوں میں مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔ ساؤتھ پنجاب اور پوٹھوہار ریجن میں پینے کا صاف پانی مہیا کریں گے۔ 24 ہزار دیہات کو ماڈل بنانا میرا عزم ہے۔ ہر گاؤں کی گلیاں، سڑکیں پکی، سکولوں اور ہسپتالوں کی ری وینیٹنگ اور سیوریج سسٹم وغیرہ بنا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ہر شہر کے لئے 1100 ای بسیں آرہی ہیں۔ جہاں مرضی جائیں الیکٹرک بس کا کرایہ صرف 20 روپے ہی ہوگا۔ لاہور میں جنوبی ایشیا کی پہلی ایس آر ٹی ٹرین لا رہے ہیں۔ لاہور کی عوام کو 20 روپے میں عزت کی سواری ملے گی۔ پنجاب کے ہر شہر کے لئے ای بسیں آئیں گی کیونکہ ہر شہر اور ہر شہری برابر ہیں۔ جرائم پیشہ لوگ خانہ کعبہ کے سامنے کھڑے ہو کر جرم نہ کرنے کا عہد کر رہے ہیں۔ مزدوروں کو 13 لاکھ راشن کارڈ دے رہے ہیں۔ پنجاب کے 19 شہروں میں بے زمین لوگوں کو پلاٹ اور گھر بنانے کے لئے قرض دیں گے۔ حکومت پنجاب ہر روز نیا پراجیکٹ لانچ کر رہی ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر میرے دل کے بہت قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب کوئی کرایہ نہ دینے پر گھر سے نہیں نکالا جاسکے گا۔ بچوں کو گھر کا سکون دینا والدین کا خوب ہوتا ہے۔ میں گھر بنانے والے ہر شخص، ہر خاندان کی خوشی میں شریک ہوں۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کی کامیابی پر سر جھکا کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں۔ اپنی چھت، اپنا گھر سو فیصد بلاسود قرض ہے، 9 سال میں واپس کرنا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کی اصرار کرکے ماہانہ قسط 15 ہزار سے کم کروائی۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت ہر شخص با آسانی 15 ہزار ماہانہ ادا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی ٹیم کے ساتھ ملکر کر بہت محنت کے ساتھ اپنی چھت، اپنا گھر کا ماڈل تشکیل دیا۔ اکتوبر نومبر میں پراجیکٹ لانچ کیا، 45 ہزار گھر بن رہے ہیں، 9 ہزار گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ میرا بس چلتا تو گھر بنانے والے ہر خاندان کو خود جا کر مبارکباد پیش کرتی۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ میں شفافیت کے لئے 60 سے 70 ہزار لوگوں کو کالیں کی گئی۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے بارے میں 95 فیصد لوگوں کی فیڈ بیک اطمینان بخش رہی۔ اپنی چھت، اپنا گھر اجیکٹ سے متعلق روزانہ کالیں سنتی ہوں۔ یہ 64 ہزار گھر نہیں بلکہ ہزاروں کہانیاں اور داستانیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگست کے آخر تک قرضوں کا اجراء 64 سے 75 ہزار تک پہنچ جائے گا۔ ایک سال میں ایک لاکھ اور پانچ سال میں پانچ لاکھ گھر بنانے کا ہدف پورا کریں گے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت تقریباً 25 لاکھ لوگ مستفید ہوں گے۔ محمد نواز شریف اور محمد شہباز شریف نے بھی اپنے دور میں گھر بنائیں اور لوگوں کو دیئے۔ سرکاری طور پر فی گھر بنا کر دینے کا تخمینہ 40 لاکھ روپے تھا جو عام آدمی کے لئے مشکل تھا۔ انہوں نے کہا کہ دل دہلا دینے والی داستانیں سن کر فرط جذبات سے آنسو آگئے۔ دنیا بھر میں اپنی چھت، اپنا پراجیکٹ کی مثال دی جائے گی۔ پبلک سیکٹر میں ہاؤسنگ کے کسی پراجیکٹ کی ایسی مثال نہیں ملتی۔ محمد نواز شریف صاحب نے لوگوں کو خود چیک دیکر اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا آغاز کیا۔ اٹھ باندھ کر کمر کیا ڈرتا ہے..... پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے۔ حوصلہ افزائی کرنے پر قائد محمد نواز شریف کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ عوام گواہ ہے کسی کو قرض کے لئے سفارش یا رشوت کی ضرورت نہیں پڑی۔ کوئی گھر رشوت یا سفارش سے نہیں بنا، آپ سر اٹھا کر کہہ سکتے ہیں کہ یہ میرا گھر ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کی ہر سٹوری پر میری نظر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو دوسروں کے گھروں کی اینٹیں اٹھاتے تھے، آج اپنے گھر کی اینٹیں لگا رہے ہیں اور چابیاں اٹھا رہے ہیں۔ میں نے دیکھا میاں بیوی بچوں سمیت خود ملکر اپنے گھر کے لئے محنت کر رہے ہیں۔ میں نے عوام کو اپنی چھت دینے کا وعدہ کیا، وعدہ نبھایا اور عوام نے بھی ہزار ملین روپے اقساط واپس کرکے عہد نبھایا۔ خوشی ہے کہ عوام کے کسی کام آسکی، لوگوں کی دعائیں میرا اثاثہ ہیں۔ ایک کروڑ گھر بنانے کا دعویٰ فائلوں سے باہر نہ نکل سکا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے لئے 15 لاکھ رجسٹریشن اور 7 لاکھ درخواستیں آچکی ہے۔ اب لوگوں کو اعتبار ہے کہ میرٹ پر لون ملے گا۔ حیران ہوں ایک دن قرضہ ملا اور تین ہفتے بعد گھر بن رہا ہوتا ہے۔ ہم نے بغیر دعویٰ کیے ہزاروں گھر بنا دیئے۔ ریاست کو ماں کا قرار ادا کرنا چاہیے۔ میرے لیے گورننس کا ماڈل یہ ہے کہ لوگوں کے گھروں پر دستک دیکر سروسز مہیا کی جائیں۔ میں نے آئی جی صاحب کو کہا ہے کہ لوگوں کی دادرسی کے لئے موبائل پولیس اسٹیشن لانچ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بند کی جانے والے فری ادویات اب دوبارہ ملی رہی ہیں۔ ہارٹ، کینسر، ہیپاٹائٹس اور ٹی بی کے مریضوں کو گھر کی دہلیز پر ادویات مل رہی ہیں۔ ٹائپ ون ذیابیطس مریض بچوں کو بھی گھر کی دہلیز پر ادویات دے رہے ہیں۔ پنجاب بھر میں کلینک آن ویلز گھر کی دہلیز پر علاج کی سہولتیں فراہم کر رہے ہیں۔ ریاست اور عوام درمیان اعتماد کی کمی کو پورا کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ لوگوں نے زندگی بھر کمائی کر کے یا زیور بیچ کر پلاٹ لیے۔ بلاسود قرضہ ملا تو گھر بنا لیا۔ جن کے پاس زمین ہے نہ گھر ان کے لئے اپنی زمین، اپنا گھر سکیم لا رہے ہیں۔ پارٹی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اپلائی کرنے والے ہر فرد کو میرٹ پر قرضے ملے۔ لاہور کو پنجاب سمجھنے کی بات غلط ہے ہر ضلع میں اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت مکان بن رہے ہیں۔ جنوبی پنجاب میں مزید گھر بنانا چاہتی ہوں۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت سالانہ ڈیڑھ لاکھ گھر بنانا چاہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور وسائل دے تو سب عوام پر نچھاور کر دیں۔ عوامی فیڈ بیک سے آگاہ کرنے پر امجد حفیظ اور ایس ایم یو کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

بقیہ 8 — بقیہ جات

ب کا شیڈول منسوخ کردیا۔الیکشن منسوخی کا فیصلہ لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد کیا گیا۔الیکشن کمیشن نے گزشتہ دنوں رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کی تعلیمی اسناد کو جعلی قرار دیتے ہوئے انہیں نااہل قرار دیا تھا۔جمشید دستی کو جعلی ڈگری پر نااہل قرار دینے کے بعد ان کی قومی اسمبلی کی نشست خالی قرار دی گئی تھی۔ تاہم اب الیکشن کمیشن نے جمشید دستی کی خالی نشست پر ضمنی انتخاب کا شیڈول معطل کردیا۔الیکشن کمیشن نے قرار دیا کہ عدالتی حکم آنے تک مظفر گڑھ کے حلقہ این اے 175 کا الیکشن پروگرام معطل رہے گا۔

بقیہ 9 — بقیہ جات

سطح کی کمیٹی تشکیل دی ہے، پانی کی سطح بلند کرنے کے لئے سی ڈی اے نے بلڈنگ بائی لاز میں تبدیلی کی ہے اب زمین سے بورنگ سے پانی نکالنے کی حوصلہ شکنی کی جارہی ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں انجم عقیل خان کے اسلام آباد میں پانی کی سطح خطرناک حد تک کم ہونے کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد میں 1960 میں زیر زمین پانی کی سطح 10 میٹر تھی جواب 120 میٹر سے تجاوز کرگئی ہے،اس کی وجوہات آبادی میں اضافہ، شہر کا پھیلاؤ ہے۔اسلام آباد میں پانی کی یومیہ ضرورت 120 ملین گیلن ہے جس میں سے سی ڈی اے 60 ملین گیلن فراہم کررہا ہے،سی ڈی اے شہری علاقوں میں 90 فیصد اور دیہہ علاقوں میں 15 سے 20 فیصد ضرورت پوری کررہا ہے۔اس مسئلہ کے حل کے لئے میگا واٹر پراجیکٹ کی ضرورت ہے،اس کے لئے وزیر اعظم نے کمیٹی تشکیل دی ہے،اس کی فزیبلٹی سٹڈی پر کام جاری ہے۔انہوں نے بتایا کہ زیر زمین پانی کی سطح بلند کرنے کے لئے سی ڈی اے نے بلڈنگ بائی لاز میں تبدیلی کی ہے ابرین واٹر ہارویسٹنگ کے لئے ویل بنائے گئے ہیں،گھریلو و کمرشل نئی عمارتوں کی تعمیر کیلئے ایس او پیز کے تحت لازمی ہے کہ بارش کا پانی زمین میں جانے کے لئے انتظام کریں۔تاکہ زیر زمین پانی ری چارج ہوسکے۔انہوں نے بتایا کہ زمین سے پانی نکالنے کی حوصلہ شکنی کی جارہی ہے اور اس کے لئے سنگجانی واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ اور خان پور سے ٹینکروں کے ذریعے شہری ضرورت پوری کی جارہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد میں 10 مرلہ کے گھر کا رہائشی پانی کا 192 اور ایک کنال کے گھر میں رہنے والا 280 روپے ماہانہ بل دے رہا ہے،اخراجات کے مقابلہ میں بل 50 فیصد کم ہے۔دیہی علاقوں میں حکومت نے اربوں روپے کی 44 سکیمیں بنائی ہیں لیکن ان میں سے صرف 12 فعال ہیں، باقی کسی کی موٹر خراب ہے تو کسی کا بجلی کا بل بقایا ہے اور یہ غیر فعال ہیں۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد میں پانی کی سپلائی شہری علاقوں تک محدود ہے۔دیہی علاقوں میں 12 لاکھ آبادی کو پانی فراہم نہیں کیا جارہا۔حکومت کوششیں کررہی ہے اور اس ضمن میں ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی بنائی گئی ہے۔اسلام آباد میں چراہ اور شاہدرہ سال ڈیم اور پنڈی میں بھی اسی طرح سال ڈیمز کی تعمیر کے لئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔اپنے دور حکومت میں یہ مسئلہ حل کرلیں گے۔

بقیہ 10 — بقیہ جات

رہا ہے سزا دی جارہی ہے۔جی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنااللہ نے کہا کہ 9 مئی کو دفاعی ادارے کی تنصیبات پر حملہ کیا گیا اور یہ ایک حقیقت ہے، پی ٹی آئی والے خود تو کہہ رہے تھے کہ ثبوت دکھائیں اور سزا دیں۔انہوں نے کہا کہ اب پی ٹی آئی والوں کو سزائیں سنائی جارہی ہیں تو کہا جارہا ہے سزا دی جارہی ہے۔لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ ہمارے خلاف جھوٹے کیسز بنائے گئے تھے،ہمیں ایسے کیسز میں ٹھونسا جارہا تھا جس میں سزا موت تھی،تب بھی ہم ان کے ساتھ بیٹھ کر مذاکرات کرنے کو تیار تھے،ہم نے تو ہمیشہ مذاکرات کی بات کی مگر پی ٹی آئی والے تیار نہیں ہوتے۔پی ٹی آئی اراکین کی نااہلی اور ضمنی انتخابات کے معاملے پر رانا ثنااللہ نے کہا کہ پارلیمانی بورڈ کا اختیار ہے کہ ٹکٹ کس کو دے،ٹکٹ پر سب سے پہلا حق کارکن کا ہے مگر کسی اور کو بھی ٹکٹ مل سکتا ہے۔

بقیہ 11 — بقیہ جات

اور سوشل میڈیا صارفین کو غیر قانونی، غیر اخلاقی اور قابلِ اعتراض مواد کی اشاعت و ترویج پر سخت وارننگ جاری کردی ہے۔ایک بیان میں اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ آزادیِ اظہار ایک بنیادی حق ضرور ہے،لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ اسے قانون شکنی، مذہبی دل آزاری، یا فحاشی پھیلانے کے لیے استعمال کیا جائے۔پی ٹی اے کے مطابق ایسے افراد جو مذہبی شخصیات کی توہین، مذہبی جذبات کو مجروح کرنے یا توہینِ مذہب جیسے جرائم میں ملوث پائے گئے،ان کے خلاف ملکی قوانین کے تحت سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔اس کے ساتھ ساتھ،قومی اداروں، بالخصوص افواجِ پاکستان اور سلامتی کے اداروں کے خلاف نفرت انگیزی پھیلانا بھی ایک سنگین جرم ہے۔اتھارٹی نے اس بات پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا ہے کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر جعلی خبروں، فحش مواد اور غیر اخلاقی بیانیے کو بڑھاوا دیا جا رہا ہے، جس سے معاشرتی اقدار کو نقصان پہنچ رہا ہے اور سماجی ہم آہنگی خطرے میں پڑ رہی ہے۔پی ٹی اے نے خبردار کیا ہے کہ ایسے عناصر جو آزادی اظہار یا سوشل ایکٹیوزم کے نام پر جھوٹے بیانیے پھیلاتے ہیں، ان کے خلاف 'پریوینشن آف الیکٹرونک کرائمز ایکٹ 2016 (پیکا) کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اتھارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ ملک میں ڈیجیٹل نظم و ضبط قائم رکھنے اور قومی مفادات کے تحفظ کیلئے پیکا کے تمام قوانین کو مؤثر طریقے سے نافذ کرے گی۔کسی بھی قسم کی غیر قانونی ڈیجیٹل سرگرمی میں ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

بقیہ 12 — بقیہ جات

کرلیا ہے۔ذرائع کے مطابق ن لیگی ارکان نے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی رولنگ کو عدالت میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔یہ فیصلہ قانونی ماہرین سے مشاورت کے بعد کیا گیا ہے،اور اب غور جاری ہے کہ درخواست سپریم کورٹ میں دی جائے یا ہائیکورٹ سے رجوع کیا جائے۔ن لیگی ارکان افتخار چیچھہ، امجد علی جاوید اور ملک احمد سعید اسپیکر کی رولنگ کے خلاف ذاتی حیثیت میں عدالت سے رجوع کریں گے۔واضح رہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے حال ہی میں پارلیمنٹ کے پانچ اور صوبائی اسمبلی کے تین ارکان کو نااہل قرار دیا گیا ہے،جس کے نتیجے میں 9 نشستیں خالی ہوگئی ہیں۔یہ تمام فیصلے عوامی مفاد، شفافیت اور گڈ گورننس کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے گئے ہیں اور صوبے میں اصلاحاتی عمل کو تقویت دیں

بقیہ 13 — بقیہ جات

دے دی گئی۔ اجلاس میں 130 ٹکائی ایجنڈے پر تفصیلی غور کیا گیا اور مختلف شعبہ جات میں بہتری کے لیے اقدامات کی منظوری دی گئی۔کابینہ نے سرکاری ملازمین کی بیواؤں کو تاحیات پنشن دینے کی منظوری دے دی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ پانچویں جماعت کے طلبہ کا تعلیمی جائزہ اور آٹھویں جماعت کے طلبہ کا باقاعدہ امتحان لینے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، جس سے صوبے میں تعلیمی نظام کی بہتری کی امید ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے جیلوں میں قیدیوں کے لیے انڈسٹریز قائم کرنے کا حکم دیا، جہاں مزدوری کرنے والے قیدیوں کو اجرت بھی فراہم کی جائے گی۔انہوں نے جیلوں میں مانیٹرنگ کا تھرڈ پارٹی سسٹم متعارف کرانے کی ہدایت بھی جاری کی ہے تاکہ نظام کو شفاف اور بہتر بنایا جاسکے۔سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مریم نواز شریف نے پٹرول پمپس کے قیام کے لیے آن لائن اپلی کیشن سسٹم کی منظوری دی۔اب سرمایہ کاروں کو 16 کے بجائے صرف 6 دستاویزات درکار ہوں گی اور وہ مکمل عمل آن لائن مکمل کرسکیں گے۔اس فیصلے کو ایک تاریخی اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔اسی اجلاس میں پنجاب ایکویپٹیل سیفٹی اینڈ ہیلتھ رولز 2024 کی منظوری بھی دی گئی، جس کے تحت تعمیراتی اور سیوریج ورکرز کی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ لیبر کو انفورسمنٹ فورس بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔دریں اثناء الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پارلیمنٹ کے 5 اور صوبائی اسمبلی کے 3 ارکان کو نااہل قرار دے دیا ہے، جس کے نتیجے میں 9 نشستیں خالی ہوگئی ہیں۔یہ تمام فیصلے عوامی مفاد، شفافیت اور گڈ گورننس کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے گئے ہیں اور صوبے میں اصلاحاتی عمل کو تقویت دیں

بقیہ 14 — بقیہ جات

دار کے نام پر ہونے کا ریکارڈ بھی مردم شماری میں شامل کیا جائے گا۔سروے کے دوران بجلی کے بلوں پر عائد ٹیرف کو بھی ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے گا،ڈیجیٹل سروے کے دوران صارفین کے موبائل نمبرز بھی حاصل کئے جائیں گے۔وفاقی حکومت نے الیکٹریسٹی پلان کے تحت مردم شماری کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 15 — بقیہ جات

روینیو و کمیونٹی کالج (SDWCVC) میں اختتام پذیر ہوگیا۔ اس 28 روزہ ٹریننگ کے دوران، انجینئرنگ آپریشن مینجمنٹ، آبی وسائل کی ٹیکنالوجی کے اطلاق، اور اختراعی طریقہ کار کے حوالے سے چین کے تجربات اور مہارتیں پاکستان کے ساتھ شیئر کی گئیں، تاکہ انہیں کرم تنگی ڈیم کے منصوبے میں بروئے کار لایا جاسکے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاکستان کی ہائیڈرو پاور ترقی کی عملی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے، تربیتی کورس میں پانچ اہم شعبے مکینیکل و الیکٹریکل آلات، الیکٹریکل و آٹومیشن سسٹمز، آبی ڈھانچے و ڈیزائن، ڈیم آپریشن سیفٹی مینجمنٹ، ہائیڈرو اسٹیشنز کی عملی تربیت شامل تھے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اس کے علاوہ، شرکاء نے سات ہائیڈرو پاور پراجیکٹس کا دورہ کیا جن میں شانڈونگ مین لائن پر واقع ساوتھ ٹو نارتھ واٹر ڈائیورشن پروجیکٹ کے چاقلگو پمپنگ اسٹیشن سمیت تین ہائیڈرو پاور کمپنیاں شامل تھیں، جیسے کہ شانڈونگ ہیمنگ پمپڈ اسٹوریج کمپنی لمیٹڈ۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاکستانی ماہر محمد نعیم چوہدری نے کہا کرم تنگی ڈیم پاکستان کا ایک کلیدی توانائی منصوبہ ہے، ہم امید کرتے ہیں کہ اس تربیت کے ذریعے چین کی مؤثر اور پائیدار آپریشن و دیکھ بھال کی ٹیکنالوجیز پاکستان منتقل ہوں گی۔ یہ تربیت دونوں ممالک کے درمیان دوستی کو مزید گہرا کرنے اور ہائیڈرو پاور شعبے میں مشترکہ ترقی کے لیے ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ پاکستان واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) کے مطابق کرم تنگی ڈیم خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں واقع ہے، جس کی نصب شدہ صلاحیت 18.4 میگاواٹ ہے اور سالانہ توانائی پیداوار 79 گیگاواٹ آورز ہے۔

بقیہ 16 — بقیہ جات

کے دوران افسوس ناک واقعہ پیش آیا، جہاں سستی الٹنے سے تین سیاح دریا میں جا گرے۔ پولیس کے مطابق تینوں سیاحوں کا تعلق کراچی سے ہے، جن میں اسد، احمد اور اقصیٰ شامل ہیں۔ واقعے کے فوری بعد امدادی کارروائیاں شروع کی گئیں اور ریسکیو ٹیم نے اسد کو بحفاظت نکال لیا، تاہم احمد اور خاتون سیاح اقصیٰ تاحال لاپتا ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں کی تلاش جاری ہے اور ریسکیو اہلکار دریا کے مختلف حصوں میں سرچ آپریشن کر رہے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق حالیہ دنوں میں آنے والے سیلابی ریلوں کے بعد حکومت نے رافٹنگ اور تیراکی پر پابندی عائد کر رکھی تھی، تاہم اس کے باوجود رافٹنگ کا سلسلہ جاری تھا، جو اس حادثے کا سبب بنا۔ واقعے کے بعد انتظامیہ نے سیاحوں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ حکومتی احکامات کی مکمل پاسداری کریں تاکہ ایسے حادثات سے بچا جا

بقیہ 17 — بقیہ جات

غزہ پر طویل قبضے، جبری بے دخلی اور شناخت مٹانے کے عزائم کی شدید مذمت کی گئی ۔ قرارداد میں ہسپتالوں، اسکولوں، عبادت گاہوں اور کیمپس پر حملوں، امداد روکنے کو انسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیا گیا۔ قرارداد میں کہا گیا کہ قحط، محاصرہ، اور اجتماعی سزا کو جنگی جرم قرار دیا گیا، اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے اسرائیلی جارحیت روکنے اور انسانیت کی حفاظت کا مطالبہ کیا گیا ۔ فلسطینی عوام کے حقِ خودارادیت کی حمایت، جنگی جرائم پر قابض طاقت کو جوابدہ بنانے کا مطالبہ کیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے فلسطینیوں کی سفارتی، اخلاقی و انسانی مدد بڑھانے پر زور دیا گیا۔ قرارداد میں غزہ کے باہمت عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ قرارداد میں

پاکستان سے پاکستانی مصنوعات کی برآمد میں اضافہ ہوگا، وزیر تجارت

پاکستانی برآمد کنندگان کو بین الاقوامی پلیٹ فارم میسر آئے گا، ہماری مصنوعات اب عالمی منڈیوں میں براہ راست دستیاب ہوں گی، وفاقی وزیر

یہ منصوبہ پاکستان کی تجارت کے لئے گیم چینجر ثابت ہوگا، یوا سے ای حکومت اس منصوبے کی تعمیر کے لیے مفت زمین فراہم کر چکی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان مارٹ سے پاکستانی مصنوعات کی برآمد میں اضافہ ہوگا، پاکستانی برآمد کنندگان کو بین الاقوامی پلیٹ فارم میسر آئے گا، ہماری مصنوعات اب عالمی منڈیوں میں براہ راست دستیاب ہوں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں پاکستان مارٹ کے حوالے سے ایس ایل اور ڈی پی دولائے دفتر کے ساتھ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر جام کمال خان نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان کی تجارت کے لئے گیم چینجر ثابت ہوگا، یوا سے ای حکومت اس منصوبے کی تعمیر کے لیے مفت زمین فراہم کر چکی ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 39)

لاہور: پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ میں گرین پاکستان مہم میں حصہ لینے والے پروفیسر ذکا پرنسپل فاروق افضل کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان آسٹریلیا کے ساتھ سٹریٹیجک تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے: ملک محمد احمد خان

اسمبلی کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے کمیٹیوں کو فعال اور شفاف بنایا گیا ہے تاکہ قانون سازی کا عمل زیادہ بامقصد اور عوام دوست ہو

پنجاب میں آئی ٹی اور سیاحت کے شعبوں میں آسٹریلوی سرمایہ کاروں کے لیے گراں قدر مواقع موجود ہیں، سپیکر پنجاب اسمبلی کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکسز نے سپیکر چیمبر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں آسٹریلوی سفارتخانے کی جانب سے چارج افیئرز ایڈوائزر اور ڈیپلومیٹک پالیسی پاکستان بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ، خصوصاً سیاحت، تعلیم، زراعت، ثقافت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سیاحت کے شعبوں سمیت پارلیمانی وفود کے تبادلوں میں تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان، آسٹریلیا کے ساتھ دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی (بقیہ نمبر 4 1)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکسز سے اسمبلی چیمبر میں ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب پولیس کے افسر کا اعزاز، ایس ایس پی رانا شعیب محمود نے 37 ویں سینئر مینجمنٹ کورس (SMC) میں اول پوزیشن حاصل کر لی

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ایس ایس پی رانا شعیب محمود نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ ایس ایس پی رانا شعیب محمود نے 37 ویں سینئر مینجمنٹ کورس (SMC) میں اول پوزیشن حاصل کر لی۔ ایس ایس پی رانا شعیب محمود چیف ایمنسٹریشن آفیسر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی ہیڈ کوارٹرز لاہور تعینات ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ایس ایس پی رانا شعیب محمود کو مبارکباد دی اور شاندار کامیابی کو سراہتے ہوئے تعریفی لیٹر سے بھی نوازا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ایس ایس پی رانا شعیب محمود نے 37 ویں سینئر مینجمنٹ کورس کو کامیابی سے مکمل کیا۔ غیر معمولی کامیابیاں پنجاب پولیس کے افسران کی خداداد صلاحیتوں اور انتھک محنت کی عکاسی کرتی ہیں۔ 37 ویں سینئر مینجمنٹ کورس میں مختلف محکموں کے مجموعی طور پر 42 افسران نے شرکت کی۔

لاہور: میجر عمیر المراد ضی احمد ڈپٹی قنصل جنرل چین کاؤ کی کو ہمراہ کے دورے کے موقع پر سوئٹ پیش کر رہے ہیں

نئے مالی سال کے پہلے ماہ میں ٹیکسٹائل برآمدات میں اضافہ

جولائی میں برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 33.07 فیصد کا اضافہ ہوا

ٹیکسٹائل برآمدات 1ارب 69 کروڑ ڈالرز تک پہنچ گئیں، جبکہ جولائی 2024 میں ٹیکسٹائل برآمدات کا حجم 1ارب 27 کروڑ ڈالرز

لاہور (این این آئی) مالی سال کے پہلے ماہ میں ٹیکسٹائل برآمدات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق جولائی میں ٹیکسٹائل برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 33.07 فیصد کا اضافہ ہوا اور ٹیکسٹائل برآمدات 1ارب 69 کروڑ ڈالرز تک پہنچ گئیں جبکہ جولائی 2024 میں ٹیکسٹائل برآمدات کا حجم 1ارب 27 کروڑ ڈالرز تھا۔ جون 2025 میں ٹیکسٹائل برآمدات 1ارب 53 کروڑ ڈالرز تھیں جبکہ جولائی 2023 میں ٹیکسٹائل برآمدات ایک ارب 31 کروڑ ڈالرز تھیں۔ رپورٹ کے مطابق جولائی 2022 میں ٹیکسٹائل برآمدات ایک ارب 48 کروڑ ڈالرز اور جولائی 2021 میں ٹیکسٹائل برآمدات کا حجم ایک ارب 47 کروڑ ڈالرز تھا۔

رائے عدہ صوبائی تعصب کے خلاف برسب ٹیچر محمد معزز ین معاقبہ کے ہمراہ قبرستان پر مشاہدہ کر رہے ہیں

این آئی اے عدالت میں جماعت اسلامی کے کارکنوں اور راجوری جوں میں قائم ٹرسٹ پر فرد جرم عائد

جوں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے مرکزی دارالحکومت جوں میں این آئی اے کی ایک خصوصی عدالت نے جماعت اسلامی کی قلاحی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے کے لیے مبینہ طور پر فنڈز اکٹھا کرنے کے الزام میں تین افراد اور راجوری کے ایک فرسٹ کے خلاف فرد جرم عائد کر دی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فرد جرم غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون "یو اے پی اے" کے تحت عائد کی گئی ہے۔

مودی کی 'پاکستانی بہن' نے اپنے ہاتھوں سے راکھی تیار کر لی، دعوت نامے کا انتظار

کراچی (این این آئی) قمر حسن شیخ، جو ہر سال رکشا بندھن کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کو راکھی باندھتی ہیں، اس سال بھی دو خوبصورت ہاتھ سے بنی ہوئی راکھی تیار کر چکی ہیں اور وزیراعظم ہاؤس سے دعوت نامے کی منتظر ہیں۔ قمر حسن شیخ کا تعلق پاکستان کے شہر کراچی سے ہے۔ 1981 میں شادی کے بعد وہ نریندر مودی کو راکھی باندھ رہی ہیں۔ اس سال انہوں نے 'اوم' اور 'سوگھن' کنٹیکٹ کے ڈیزائن والی دو راکھیاں خاص طور پر تیار کی ہیں۔

پنجاب میں پرائیویٹ اسکولوں میں غریب، مستحق اور اسپیشل بچوں کو مفت تعلیم دینے کا فیصلہ

محکمہ اسکول ایجوکیشن نے آرڈی نینس 2014 دوبارہ فعال کرنے اور 10 فیصد بچوں کو فری تعلیم دینے کی ہدایت جاری کر دی

لاہور (نیڈیا این این) محکمہ اسکول ایجوکیشن پنجاب نے معاشی طور پر کمزور، مستحق اور خصوصی بچوں کے لیے ایک اہم اور انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے پرائیویٹ اسکولوں میں مفت تعلیم دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے صوبے بھر میں نافذ شدہ پرائیویٹ اسکول آرڈی ننس 2014 کو دوبارہ فعال کیا جا رہا ہے تاکہ ہر نجی اسکول کو لازمی طور پر 10 فیصد طلبا کو بنا معاوضہ تعلیم فراہم کرنے کا پابند بنایا جا سکے۔ اسکول ایجوکیشن کے آرڈی ننس 2014 کے مطابق اسکول رجسٹریشن اور اور تعلیمی معیار کی فراہمی کے سلسلے میں ایک اور اہم قدم اٹھایا گیا ہے۔ اس حوالے سے پنجاب پولیس اور ٹی تعلیمی ادارے گنگرفورڈ کالج کے درمیان باقاعدہ معاہدہ (ایم ایو یو) پر دستخط کیے گئے ہیں۔

یونیسٹک سٹورز پر ماہانہ 60 سے 70 کروڑ روپے کا نقصان ہو رہا تھا، ملازمین کو گولڈن ہینڈ شیک دیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کسی بھی وفاقی ادارے کے ملازم کو فارغ نہیں کر رہی، یونیسٹک سٹورز کو فعال بنانے کی پوری کوشش کی گئی۔ بدھ کو وفاقی سوالات کے دوران وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کے کہا کہ یونیسٹک سٹورز ماہانہ 60 سے 70 کروڑ نقصان ہو رہا تھا۔

پنجاب پولیس اور گنگرفورڈ کالج کے مابین معاہدہ، شہداء کے بچوں کو مفت تعلیم دی جائے گی

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور گنگرفورڈ کالج کے مابین معاہدہ طے پا گیا، پولیس کے بچوں کو 50 فیصد رعایت دی جائے گی، اعلامیہ

لاہور (نیڈیا این این) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس شہداء اور ملازمین کے بچوں کے لیے معیاری تعلیم کی فراہمی کے سلسلے میں ایک اور اہم قدم اٹھایا ہے۔ اس حوالے سے پنجاب پولیس اور گنگرفورڈ کالج کے درمیان باقاعدہ معاہدہ (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے ہیں۔

لاہور صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاہد منیجنگ ڈائرکٹر سیل کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل فرخ شہزاد کو پذیرائی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پاکستان مارٹ منصوبہ بین الاقوامی تجارت میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا: ڈی جی این ایل سی

لاہور (نیڈیا این این) پاکستان مارٹ ایک انقلابی منصوبہ ہے جو پاکستانی مصنوعات کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے کے لیے مستقل، جدید اور جامع پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل لاجسٹک سیل کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل فرخ شہزاد نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر منصوبے سے متعلق پریزنٹیشن دیتے ہوئے کیا۔ (بقیہ نمبر 1)

کراچی: شاہ لطیف ٹاؤن میں پر اسرار فائرنگ، 45 سالہ شخص زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں شاہ لطیف ٹاؤن کے علاقے سیکٹر B-30 کے قریب گھر میں نامعلوم سمت سے گولی لگنے کا واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا۔ بھیجی ذرائع کے مطابق گولی کی سمت اور فائرنگ کا مقام حالات واضح نہیں ہو سکا، جب کہ متاثرہ شخص گھر کے اندر موجود تھا۔ زخمی کی شناخت صلح الدین ولد نصیر شاہ عمر تقریباً 45 سال کے نام سے ہوئی ہے، زخمی شخص کو بھیجا ایمبولینس کے ذریعے فوری طور پر جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

شاہدرہ میں بورڈ اتارتے ہوئے کرنٹ لگنے سے 4 افراد جاں بحق

پیراغورس کے دباؤ پر بورڈ اتارتے ہوئے شہری کرنٹ سے جاں بحق، لاہور روڈ پر آگ سے بجلی معطل

لاہور (نیڈیا این این) شاہدرہ کے علاقے میں کرنٹ لگنے کا المناک واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ رپشکو ذرائع کے مطابق متاثرہ افراد ایک دکان کی چھت پر نصب لوہے کا بورڈ اتار رہے تھے کہ اچانک بورڈ بجلی کی تاروں سے ٹکرا گیا، جس سے بورڈ اور بلڈنگ میں کرنٹ دوڑ گیا اور چار افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ ترجمان کے مطابق یہ واقعہ پیراغورس کی جانب سے دکان پر گھر کے بورڈ کو اتارنے کے احکامات کے بعد پیش آیا۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ کارکنوں کو مبینہ طور پر بورڈ اتارنے کے لیے دباؤ ڈالا گیا تھا، جس کے نتیجے میں یہ حادثہ پیش آیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق متاثرہ افراد کی شناخت نہیں ہو سکی۔ لاشوں کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا ہے۔

مظفر آباد: اسکول جانے کی بجائے بھاری بیلچہ شیڈ کی میں ہم کراچی کراچی منزل کی جانب جاتے ہوئے تعلیم کی عزت کی خاطر شہر پیش کر رہی ہے

پنجاب میں انٹرنیک متعارف کرانے کا فیصلہ، نصاب کی تیاری کا عمل شروع

PTEVTA PCTB کا انٹرنیک کے لیے مرحلہ وار نصاب کی تیاری، پانچ ماہرین تعلیم بھرتی کیے جائیں گے

لاہور (نیڈیا این این) میٹرک لیک کی کامیابی کے بعد پنجاب حکومت نے پیشہ ورانہ تعلیم کو مزید فروغ دینے کے لیے انٹرنیک کا نصاب متعارف کروانے کا باضابطہ فیصلہ کر لیا ہے۔ اس ضمن میں پنجاب کریکلم اینڈ ٹیکنیک ایجوکیشن اتھارٹی (PCTB) اور پنجاب ویوکیشنل ٹریننگ کونسل (PTEVTA) نے باہمی اشتراک سے انٹرنیک کے نصاب کی تیاری پر کام کا آغاز کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ تعلیمی سال 2026 کے لیے انٹرنیک پارٹ ون کا نصاب تیار کیا جائے گا، جب کہ تعلیمی سال 2027 کے لیے پارٹ ٹو کا سلیبس مکمل کیا جائے گا۔ PTEVTA کی جانب سے اس مقصد کے لیے پانچ ماہرین تعلیم کی خدمات حاصل کی جائیں گی جو مختلف مضامین میں نصاب کی تشکیل میں نگرانی کردار ادا کریں گے۔

پنجاب میں فالکن اور بٹیر کے غیر قانونی شکار پر سخت کریک ڈاؤن کا اعلان

غیر قانونی شکار پر زیرو ٹالرنس، شکاری اور زمین مالک کے خلاف لازمی ایف آئی آر، چیف اینڈ لائف رینجر کی سخت ہدایات

لاہور (نیڈیا این این) اسپیشل چیف اینڈ لائف رینجر سید کامران افضل اور صوبہ بھر کے ڈپٹی و اسسٹنٹ چیف اینڈ لائف رینجرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں واضح کیا گیا کہ فالکن اور بٹیر کی ہنٹنگ، شکار کی صورت میں مکمل زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ غیر قانونی شکاریوں کے خلاف لازمی ایف آئی آر درج کی جائے گی

کمالیہ: شمشیر ڈلماں میں سیوریج کا پانی اہل علاقہ کے لیے پریشانی کا باعث بنا ہوا ہے

واسا میں دو افسران کے تقرر و تبادلے، باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری

فیضان امتیاز الحسنین اور اینڈ ایم ون جو بلی ٹاؤن، محمد عمران سینئر کنسٹرکشن انجینئر سیون تعینات

لاہور (نیڈیا این این) واسا میں اہم انتظامی تبدیلی عمل میں لائی گئی ہے، جس کے تحت دو افسران کے تقرر و تبادلے کے باقاعدہ احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق فیضان امتیاز کو ایکسین اوایند ایم ون جو بلی ٹاؤن تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ محمد عمران کو سینئر کنسٹرکشن انجینئر سیون کے عہدے پر تعینات کی گئی ہے۔ ایم ڈی واسا کے حکم پر ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن واسا محمد وسیم کی جانب سے اس سلسلے میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ ان تبدیلیوں کا مقصد ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا ہے۔

بھارت کشمیریوں کا قاتل، عالمی خاموشی مجرمانہ ہے: علامہ ہشام الٰہی ظہیر

5 اگست کشمیریوں کیلئے ظلم و بربریت کی علامت بن چکا، اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی ہے

لاہور (نیڈیا این این) جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ بھارت کا 5 اگست 2019ء کا یکطرفہ اقدام اقوام متحدہ کی قراردادوں، جنیوا کنونشن اور بین الاقوامی قوانین اور بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 370 اور 35-A کا خاتمہ کشمیریوں کی آئینی شناخت پر حملہ اور بھارت کے (بقیہ نمبر 3 5)

کالجوں میں یونیفارم کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی، محکمہ کالج ایجوکیشن کا سخت فیصلہ

طلبہ کو مخصوص دکان سے یونیفارم کی خریداری پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، حکامات کالجوں میں نمایاں آویزاں کرنے کا حکم

لاہور (نیڈیا این این) محکمہ کالج ایجوکیشن نے کالجوں میں یونیفارم کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ جاری کردہ اعلامیہ میں واضح کیا گیا ہے کہ کالج کے احاطے میں کسی بھی حالت میں یونیفارم کی خرید و فروخت کی اجازت نہیں ہوگی۔ اعلامیہ میں مزید کہا گیا ہے کہ کسی طالب علم کو کسی مخصوص یا کاسمار یا دکان سے یونیفارم خریدنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ نہ ہی طلبہ کو حوصلہ افزائی یا بالواسطہ طور پر اس عمل پر آمادہ کیا جائے۔

لاہور میں ڈینگی کے خطرات بڑھنے لگے، مزید 2 مریضوں کی تصدیق

بارشوں کے باعث مچھروں کی افزائش میں اضافہ، محکمہ صحت کی شہریوں کو احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کی ہدایت

علامہ اقبال ٹاؤن اور داتا گنج بخش ٹاؤن سے نئے کیسز، رواں سال ڈینگی مریضوں کی تعداد 54 ہو گئی، حکام کے مطابق حالیہ دنوں میں بے در بے ہونے والی بارشوں کے باعث شہر میں مچھروں کی افزائش میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا ہے۔ لاہور (نیڈیا این این) صوبائی دارالحکومت لاہور میں ڈینگی بخار کے خطرات میں ایک بار پھر اضافہ ہونے لگا ہے۔ محکمہ صحت کی رپورٹ کے مطابق شہر میں ڈینگی کے مزید دو مریضوں کی تصدیق ہوئی ہے، جس کے بعد رواں سال کے دوران شہر بھر میں ڈینگی کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 54 ہو چکی ہے۔ نے کیسز علامہ اقبال ٹاؤن اور داتا گنج بخش ٹاؤن سے رپورٹ ہوئے ہیں، جہاں ہر علاقے سے ایک، ایک مریض سامنے آیا ہے۔ محکمہ صحت نے اس صورت حال کے پیش نظر شہریوں کو ڈینگی سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی سختی سے ہدایت کی ہے۔ حکام کے مطابق حالیہ دنوں میں بے در بے ہونے والی بارشوں کے باعث شہر میں مچھروں کی افزائش میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا ہے۔

کوکلاس میں فوجی آپریشن مسلسل چھٹے روز بھی جاری، لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا

سریگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع کوکلاس میں بھارتی فورسز کی طرف سے محاصرے اور تلاشی کی پرتشدد کارروائی مسلسل چھٹے روز بھی جاری رہی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی پولیس حکام نے اعتراف کیا کہ ضلع کے علاقے آکھرن دیسر میں فوجی کارروائی کے دوران ڈرونز، روایتی ہتھیار اور ایلیٹ یونٹس کا بڑے پیمانے پر استعمال کیا جا رہا ہے۔

فیصل آباد: فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ریحان نیم بھرلڈ وی پاکستان میں ترک سفیر عرفان ندیر اوطو کے ساتھ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

بادامی باغ پولیس چوکی کی کارروائی، 70 وارداتوں میں ملوث موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار

جوزف کالونی پولیس نے دو ریکارڈ یافتہ ملزمان کو گرفتار کر کے موٹر سائیکلیں، نقدی، موبائل اور اسلحہ برآمد کر لیا

لاہور (نیڈیا این این) بادامی باغ کی جوزف کالونی پولیس چوکی نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 70 کے قریب وارداتوں میں ملوث دو کی موٹر سائیکل چور گینگ کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان فیصل اور شبیر کا کرمنل ریکارڈ موجود ہے اور یہ لاہور کے مختلف علاقوں میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث رہے ہیں۔ ترجمان کے مطابق ملزمان سے دو موٹر سائیکلیں، موبائل فونز، نقد رقم اور غیر قانونی اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان چوری شدہ موٹر سائیکلیں وارداتوں کے دوران استعمال کرتے تھے۔ یہ افراد زیادہ تر مارکیٹوں، بازاروں اور رش والے مقامات کو نشانہ بناتے تھے

لاہور: موٹر سائیکل سوار خواتین اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

اہم آبادیوں سے سلام آباد میں دھماکا بارش نالے بھرنے سے متعدد علاقوں میں پانی داخل

بھارہ کہو، چک شہزاد اور دیگر علاقوں میں پانی گھروں میں داخل، نیو چٹھہ بختاور میں بارش کے بعد گلیاں اور سڑکیں تالاب بن گئیں

پنجاب، خیبر پختونخوا اور کشمیر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں موسلا دھار بارش کے باعث بارش کی پیرائیوں سے آنے والے پانی سے وفاقی دارالحکومت کے نالوں میں طغیانی آ گئی۔ موسلا دھار بارش سے نالوں میں طغیانی کے باعث بھارہ کہو، چک شہزاد اور دیگر علاقوں میں پانی گھروں میں داخل ہو گیا، نیو چھجہ بختاور میں بارش کے بعد گلیاں اور سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں، مکینوں کو نقل و حرکت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بارش کے پانی سے کئی گاڑیاں ڈوب گئیں، جبکہ 6 سے 7 انچ بارش سے سوائیز متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب ملک میں بارشوں کا ایک اور سلسلہ برسنے کو تیار ہے، محکمہ موسمیات (بقیہ نمبر 4 0)

79 ویں یوم آزادی کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ 'قوت' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات انٹرویوز 12 اگست 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0322-4181870

پشاور: تاروے بغلیال کپ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے بغلیار کا پشاور پریس کلب پشاور پریس کلب پروڈی سی سپورٹس کے ہمراہ گروپ فوٹو